# تربیتی مواد برائے اساتذہ

# غیر رسمی تعلیم

پیکیج B (دوئم، سوئم)

AQAL
ADVANCING QUALITY ALTERNATIVE LEARNING

JICA

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

# عنوانات کی فہرست


**1. غیر رسمی تعلیم کے معیارات برائے اساتذہ اور ماحول**

**2. مینوئل کے مؤثر استعمال کا طریقہ کار**

- ٹریننگ سے پہلے، دوران اور اختتامی سر گرمیاں
- ٹریننگ کے مختلف طریقہ ء کار
- ٹرینر کی خصوصیات، کردار اور ذمہ داریاں
- ٹرینر کے لئے تجاویز

**3. ٹریننگ کی تعارفی سر گرمیاں**

**سیشن 1.1 ٹریننگ پروگرام کا تعارف**

- ٹرینر، شرکاء اور ٹریننگ کا تعارف
- ٹریننگ کی توقعات اور خدشات
- ٹریننگ کے اُصول وضوابط
- پری ٹیسٹ

**سیشن 1.2 نصاب اور سلیبس کا مجموعی جائزہ**

**سیشن 1.3 پیکج A اور B کا ربط اور منتقلی**

## .2 اسلامیات

i. اسلامیات کی کتاب کا تعارف اور جائزہ

ii. اسلامیات پڑھانے کے طریقہ ہائے تدریس

## 3۔ آؤ اُردو سیکھیں.

**سیشن 3.1 اُردو کتاب کا مجموعی جائزہ**

- اُردو زبان میں دیگر مضامین کی شمولیت (معاشرتی علوم، جنرل سائنس، معلومات عامہ)
- اُردو زبان دانی کے بنیادی تصورات

**سیشن 3.2 اُردو پڑھانے کا طریقہ تدریس**

- روائتی اور غیر رسمی طریقہء تدریس
- مثالی سبق (Model Lesson)

۔ تصویر دِکھا کر سبق کا آغاز کرنا

۔ سبق پڑھانے کا طریقہ

۔ سبقی مشق کروانا

۔ جائزہ لینا

۔ گھر کا کام/ہوم ورک دینا

- پڑھائی کے مختلف مدارج
- کہانی سُنانا

**سیشن 3.3 اُردو گرائمر**

**سیشن 3.4 مضمون نویسی**

**سیشن 3.5 منصوبہ بندی برائے اُردو**

## 4. انگریزی سیکھیں

**سیشن 4.1 انگریزی کتاب کا مجموعی جائزہ**

- پیکج A کا مجموعی جائزہ فارم
- پیکج B کا مجموعی جائزہ فارم
- انگریزی زبان دانی کے بنیادی تصورات اور طریقہ تدریس

**سیشن 4.2 انگریزی فونکس اور واولز کی دُہرائی**

- انگریزی فونکس کی دُہرائی
- آوازوں اور حروف علّت کی دہرائی

**سیشن 4.3 انگریزی پڑھانے کا طریقہ تدریس**

- پڑھائی کے مختلف مدارج

۔ تصویر دِکھا کر سبق کا آغاز کرنا

۔ سق پڑھائی کا طریقہ

۔ سبقی مشق کروانا

۔ جائزہ لینا

۔ گھر کا کام/ہوم ورک دینا

- کہانی سُنانا

سیشن 4.4 انگریزی زبان کی گرائمر

- انگریزی گرائمر سکھانا(Parts of Speech (Noun, verb, adverb, adjectives, Tenses, Punctuation

سیشن 4.5 جملے بنانااور پیرا گراف لکھنا

سیشن 4.6 منصوبہ بندی برائے انگریزی

## 5. ریاضی سیکھیں

سیشن 5.1 ریاضی کی کتاب کا مجموعی جائزہ

سیشن 5.2 جفت اور طاق اعداد کو پڑھانے کا طریقہ کار

سیشن 5.3 ہندسوں کی مقامی قیمت

سیشن 5.4 ضرب

سیشن 5.5 کسور

سیشن 5.6 لمبائی، کمیت اور حجم کی پیمائش

سیشن 5.7 وزن، مائع اور اشکال کو ناپنے کے پیمانے

سیشن 5.8 تعلیمی کیلنڈر برائے پیکج B

## 6. ٹریننگ کی اختتامی سر گرمیاں

سیشن 6.1 مائیکرو ٹیچنگ

سیشن 6.2 ٹریننگ فالوآپ وزٹ کرنا

سیشن 6.3 ٹریننگ کی اختتامی سر گرمیاں

## 7. ہینڈ آؤٹس

i. پیکج B کا نصاب

ii. تعلیمی کیلنڈر برائے پیکج B(اسلامیات، اُردو، انگریزی، ریاضی)

iii. مثالی اسباق Model Lessons(اُردو، انگریزی، ریاضی)

iv. ٹریننگ پروگرام

v. ٹریننگ کا پوسٹ ٹیسٹ

vi. ٹریننگ ایکشن پلان

## غیر رسمی تعلیم کے معیارات برائے اساتذہ اور ماحول

## Standards of Non-Formal Education for Teachers and Environment

### معیارات برائے اساتذہ غیر رسمی تعلیم Standards of Non Formal Education Teachers

اساتذہ کے پڑھانے کے معیارت کو جانچنا ایک مشکل کام ہے کیونکہ اسکے لیے اساتذہ کی استعداد اور مہارتوں کی ایسی لمبی فہرست درکار ہے جن کا ٹھوس مشاہدہ نہیں کیا جا سکتا۔ لہذا محکمہ خواندگی و غیر رسمی بنیادی تعلیم، حکومت پنجاب نے غیر رسمی اساتذہ کی صلاحیتوں، مہارتوں اور روّیوں کو جانچنے کے لئے معیارات مرتب کئے ہیں یہ معیارات اساتذہ کے علم و تفہیم، روّیہ، مہارتوں اور کارکردگی کا احاطہ کرتے ہیں۔ بہرکیف ذیل میں 7 معیار دیئے گئے ہیں۔

**1. پڑھانے اور سکھانے کی صلاحیت(Teaching and Learning Competency):** سہولت کار کو پڑھائے جانے والے مضمون کے تدریسی مواد اور اسے پڑھانے کے طریقہ کار (مضمون کے معیارات، حاصلات، طریقہ تدریس) کا مؤثر علم اور تفہیم ہو۔

**2. بچے کی نشوونما (Child Development):** سہولت کار بچوں کی نشوونما اور سیکھنے کی ضروریات کی شناخت کرنے اور انکے انفرادی تضادات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے انہیں ممکنہ بہترین تعلیم دینے کے قابل ہو۔

**3. اقدار(Values):** سہولت کار اسلامی، اخلاقی اور عالمگیر سطح پر قابلِ قبول سماجی اقدار اور ایک ہم آہنگ تعلیمی ماحول پیدا کرنے کی اہمیت کو سمجھتا ہو۔

**4. جائزہ(Assessment):** سہولت کار طلباء کی تعلیمی قابلیت/حاصلات کو پرکھنے کے مختلف طریقوں کو جانتا ہو اور جائزہ/تعلیمی نتائج کو تعلیمی حاصلات کو مزید بہتر کرنے کے لیے استعمال کرتا ہو۔

**5. استعداد میں اضافہ (Capacity Building):** سہولت کار مضامین کے علم، پیشہ ورانہ مہارتوں اور عملی طریقوں کو مسلسل بنیاد پر نئے دور کے تقاضوں کے مطابق ڈھالنے کی ذمہ داری لیتا ہو۔

**6. ابلاغ کی مہارتیں(Communication Skills):** سہولت کار ابلاغ کی مختلف زبانی اور غیر زبانی تکنیکوں کو استعمال کرتے ہوئے طلباء سے بات چیت کرتا ہو۔

**7. مقامی کمیونٹی کی شمولیت(Community Participation):** سہولت کار محفوظ، جامع اور خوشگوار تعلیمی ماحول بنانے اور اسے قائم رکھنے کے لیے والدین، پیشہ ور ماہرین، شراکت داروں (طلباء اور سٹاف) اور کمیونٹی کے ساتھ مل کر کام کرتا ہو۔

لہذا اساتذہ کو ان معیارات کی بنیاد پر اپنی صلاحیتوں، مہارتوں اور روّیوں کو ڈھالنا ہو گا جس میں طلباء کے لئے سیکھنے کا ماحول بھی

سازگار ہونا ضروری ہے۔اس حوالے سے معیارات برائے غیر رسمی تعلیم ماحول کو بھی بیان کیا گیا ہے تا کہ اساتذہ ان معیارات کو غیر رسمی مراکز میں یقینی بنائیں۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

## معیارات برائے غیر رسمی تعلیمی ماحول

## Standards of Non-Formal Education for Learning Environment

غیر رسمی تعلیم کے مراکز پر درج ذیل تعلیمی ماحول کے معیارات کو یقینی بنایا جائے؛

i. تمام ناخواندہ افراد اور اسکول سے باہر بچوں کو ان کی ضروریات کے مطابق معیاری غیر رسمی تعلیمی اداروں میں رسائی کے مواقع فراہم کرنا۔

ii. طلباء محفوظ، شمولیاتی، روشن، ہوادار، کشادہ، پینے کے صاف پانی اور باتھ روم کی سہولیات سے مزین تعلیمی ماحول میں تعلیم حاصل کریں۔

iii. ۔ایسے تعلیمی ماحول کی تشکیل جہاں تعلیمی عمل اور مقاصد کو حاصل کرنے کے لیے مثبت سماجی روابط، مکمل طور پر تعلیمی عمل میں شرکت اور تعلیمی سرگرمیوں میں خود سے متحرک رہنے کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

iv. تعلیمی ماحول ایسا ہونا چاہیے جس میں طلباء اور اساتذہ کے لیے تحفظ و سلامتی کے ساتھ ساتھ نفسیاتی و سماجی بہتری کا بھی اہتمام کیا جائے۔

v. کمیونٹی کے تمام ارکان کو بلا تفریق اور شفاف طریقہ کار پر مبنی غیر رسمی تعلیم کی مقامی سطح پر ہونے والی تمام سرگرمیاں جس میں تجزیہ، منصوبہ سازی، ڈیزائن، عملدرآمد، نگرانی اور جائزہ میں بھرپور انداز میں شریک ہونا چاہیے۔

# ٹریننگ مینوئل کا مؤثر استعمال

## Effective Use of Training Manual

اس تربیتی مینوئل کو بالخصوص تربیت کار (Trainers) اور اساتذہ (Teachers) کی تربیت کے لئے تیار کیا گیا ہے تاکہ اس مینوئل کو بروئے کار لا کر غیر رسمی طرزِ تعلیم کے اساتذہ کی تربیت کی جا سکے۔ اس مینوئل کا بنیادی مقصد غیر رسمی طریقہ تدریس سے پڑھانے والے اساتذہ کی تدریسی، شخصی اور سماجی مہارتوں کو نکھارنا ہے تاکہ معیارِ تعلیم کو فروغ دیا جا سکے۔ یہ ''تربیتی مینوئل
''

غیر رسمی تعلیم کے تیار کردہ نصاب کے مختلف تصورات اور طریقہء تدریس کی روشنی میں بنایا گیا ہے۔

تربیت کار کے لئے ضروری ہے کہ وہ مجموعی طور پر اس مینوئل میں دی گئی معلومات کو سمجھیں اور اس کی معلومات کو استعمال کرتے ہوئے ٹریننگ کو مؤثر بنائیں۔ اس مینوئل کو بالخصوص پیکج B کے نصاب اور درسی کتب کی بنیاد پر بنایا گیا ہے۔ اس مینوئل کو بنیادی طور پر تین بڑے حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

1. **پہلا حصّہ:** مینوئل کا پہلا حصّہ غیر رسمی تعلیم کا پس منظر، مینوئل کا استعمال، ٹریننگ کی تعارفی سرگرمیاں اور نصاب کے مجموعی جائزے پر مشتمل ہے۔
2. **دوسرا حصّہ:** یہ مینوئل کا وہ حصّہ ہے جو اُردو، انگریزی اور ریاضی کے تصورات، عنوانات اور اُنکی معلومات کے طریقہء تدریس کو تفصیلاً بیان کرتا ہے۔ اس حصّے میں پیکج B کے طریقہء تدریس، طلباء کے سیکھنے کا انداز اور پڑھانے کے مجموعی انداز کو بیان کیا گیا ہے۔ لہذا یہ حصّہ مینوئل کے باقی حصّوں سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ اس حصّے میں مثالی منصوبہ بندی (Model Lessons) کے اقدامات اور جائزے کا طریقہء کار بھی دیا گیا ہے۔ تربیت کار اس حصّے کو غور سے پڑھیں اور سمجھیں تاکہ پیکج B کو پڑھانے اور سمجھانے میں کسی قسم کی دقّت کا سامنا نہ کرنا پڑے۔
3. **تیسرا حصّہ:** یہ مینوئل کا آخری حصّہ ہے جس میں اساتذہ معاونت اور مزید سمجھ بوجھ کے لئے ہینڈ آوٹس دیئے گئے ہیں تاکہ سکھانے کے عمل میں ہینڈ آوٹس کے ذریعے مدد کی جا سکے۔

**نوٹ برائے تربیت کار**

تربیت کار (Trainers) کو تلقین کی جاتی ہے کہ تمام سیشنز کی تیاری پہلے سے کریں اور مینوئل کا اچھی طرح سے مطالعہ کریں تاکہ ٹریننگ کے دوران اساتذہ کی رہنمائی کر سکیں۔ ٹریننگ کروانے کے چند اہم اقدامات ہوتے ہیں جن کی درجہ بندی تین حصّوں میں کی

جاتی ہے۔ کسی بھی ٹریننگ سے پہلے تربیت کار ان قدامات کے تحت اپنی ٹریننگ کے انتظامات کو مکمل کریں۔ ان اقدامات کی تفصیل کچھ

یوں دی گئی ہے۔

### 1. ٹریننگ سے پہلے کے اقدامات

یہ وہ اہم اقدامات ہیں جو کہ ٹریننگ کرنے سے پہلے ہر تربیت کار کو معلوم ہونے چاہیئں۔

1. ٹریننگ پروگرام(Training Program/Schedule)تیار کرنا۔
2. ٹریننگ کی جگہ کا انتخاب کرنا۔
3. ٹریننگ بجٹ تیار کرنا۔
4. ٹریننگ کے شرکاء کی حاضری شیٹ(Attendance Sheet)بنانا۔
5. ٹریننگ کے لئے درکار امدادی اشیاء/ریسورس میٹریل(Resource Material)کی تیاری کرنا۔
6. ٹریننگ کی سٹیشنری اور کھانے پینے(Refreshment)کا انتظام کرنا۔

### 2. ٹریننگ کے دوران کے اقدامات

دورانِ ٹریننگ ان اقدامات کا خیال رکھنا چاہیے۔

- ٹریننگ کا پری ٹیسٹ(Pre-test)لینا۔
- ٹریننگ کا تعارف اور مقاصد بتانا۔
- شرکاء اور تربیت کار کا تعارف کروانا۔
- ٹریننگ کے اُصول بنانا۔
- ٹریننگ کے سیشنز کا انعقاد کرنا۔
- ٹریننگ کا جائزہ/پوسٹ ٹیسٹ(Post-Test)لینا۔
- ٹریننگ کا ایکشن پلان تیار کرنا۔

### 3. ٹریننگ کے بعد کے اقدامات

ٹریننگ کے اختتام پر ٹریننگ کا جائزہ لینا ایک ضروری عمل ہے تاکہ تربیت کار ٹریننگ کی خوبیوں اور خامیوں کا اندازہ لگایا جاسکے ۔تاکہ مستقبل میں کی جانے والی ٹریننگ میں ان خامیوں کو دور کیا جاسکے۔اس کے علاوہ نیچے دیئے گئے اقدامات کو بھی پورا کرنا ضروری ہے۔

- ٹریننگ کی رپورٹ تیار کرنا۔
- ٹریننگ کا فالواپ کرنا۔
- فالواپ رپورٹ تیار کرنا۔

ان اقدامات کو کسی بھی تربیت کار کے لئے پورا کرنا ضروری ہے جس سے تربیت کار کی ٹریننگ کی مہارتوں میں بہتری آتی ہے۔

یہاں چار اہم اُصولوں کا خیال رکھنا ہر تربیت کار کے لئے ضروری ہے۔اس تصور کو C4 کہتے ہیں جو کہ کسی ٹریننگ میں سیکھنے کے عمل کو پائیدار بناتی ہے۔

### 1. وضاحت Clarity

کسی بھی تصور یا معلومات کو تفصیلاً بیان کرنا وضاحت دینا تربیت کار کی اہم ذمہ داری ہے۔ تربیت کار کو بہت واضح ہونا چاہیے کہ ٹریننگ کا ہدف گروپ، اغراض و مقاصد، تدریسی نتائج، عمل، منصوبہ بندی، ذمہ داریاں، نگرانی اور جائزہ (Monitoring & Evaluation) کیا ہیں۔تاکہ ٹریننگ کے مقاصد کو حاصل کرنے میں کوئی ابہام نہ ہو۔

### 2. اہلیت Capacity

تربیت کار مختلف مہارتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے شرکاء کی صلاحیتوں میں اضافہ کریں۔ شرکاء کی صلاحیتوں میں بہتری لانا ٹریننگ کا بنیادی مقصد اور ایک اہم حصّہ کہلاتا ہے۔ لہذا ٹریننگ کے بنیادی اُصولوں میں سے ایک اُصول یہ بھی ہے کہ شرکاء کی معلومات اور اہلیت میں کس حد تک اضافہ ہوا ہے۔

### 3. مستقل مزاجی Consistency

ٹریننگ میں معلومات کو فراہم کرنے اور شرکاء تک مکمل رسائی کے عمل کو مستقل مزاجی سے حاصل کیا جاسکے۔ جس میں تربیت کار کے ساتھ ساتھ شرکاء کا بھی مستقل مزاج ہونا ضروری ہے۔ کیونکہ مستقل مزاجی کے تحت شرکاء کے پاس موجودہ معلومات کی رسائی اور اُس میں کمی کے پہلو کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔


### 4. عزّم Commitment

سِکھانے کے کسی بھی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے کوششوں کے ساتھ پُر عزم ہونا تربیت کار کے لئے نہایت ضروری ہے ۔ تعلیمی قابلیت کے ساتھ اپنے کام کو خوش اسلوبی اور پُر عزّم طریقے سے کرنا نہایت ضروری عمل ہے۔ یہ اصول تربیت کار کو کامیاب ٹریننگ کروانے میں مدد دیتا ہے۔

## 1. ٹریننگ کی مختلف مہارتیں اور طریقہ ءکار

اس ٹریننگ مینوئل میں مختلف قسم کی مہارتیں اور طریقے بتائے گئے ہیں۔ تربیت کار ان طریقہ ءکار کو سمجھیں اور دورانِ ٹریننگ استعمال کریں۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔

1. **ذہنی آمادگی(Brainstorming)** کسی نقطہ یا عنوان پر تمام شرکاء کی سوچ جانچنا۔اس طریقہ ءتدریس میں تربیت کار شرکاء کی رائے یا تصورات یا موجودہ معلومات کا اندازہ لگاتا ہے اور اُنھیں کسی ایک نقطہ پر اکٹھا کر کے اُن کی معلومات میں مزید وضاحت دیتا ہے۔




2. **لیکچر دینا(Lecture)** پڑھانے کے دیگر طریقہ ہائے تدریس کی طرح لیکچر دینا بھی ایک اہم طریقہ ءتدریس ہے۔اس طریقے میں تربیت کار کی طرف سے معلومات دی جاتی ہیں۔اس طریقہ ءکار میں بات چیت کو لیکچر کے انداز میں تفصیلاً بیان کیا جاتا ہے۔یہ طریقہ ء تدریس زیادہ تر بڑی جماعتوں کے طلباء کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

3. **بحث ومباحثہ(Discussion)** کسی عنوان پر بات چیت ،اظہار خیال اور بحث کرنا سکھانے کے عمل کو مؤثر بناتا ہے۔اس طریقہ تدریس میں کسی بھی عنوان پر بات چیت یا بحث ومباحثہ کیا جاتا ہے تا کہ تصورات کو مزید واضح کیا جاسکے۔

4. **کیس سٹڈی(Case Study)** کسی ایک فرد، گاؤں یا علاقے کے حوالے سے کسی مخصوص صورتحال کو بیان کرنا۔ جو کسی حقیقی واقعہ ، کہانی یا فرضی صورتِحال کو سیکھائے جانے والے عنوانات سے مطابقت رکھ کر بتائی یا سُنائی جاتی ہے تا کہ معلومات کی اہمیت وافادیت پر نظر ثانی کی جاسکے۔زیادہ تر کیس سٹڈی کا تعلق پڑھائے جانے والے عنوان سے ہوتا ہے۔تا کہ سکھائے جانے والے عنوان پر مزید روشنی ڈالی جاسکے اور سمجھنے میں آسانی ہو۔

5. **رول پلے(Role- Play)** فرضی کردار ادا کرتے ہوئے کسی صورتحال کو بیان کرنا۔یہ ایک ایسا طریقہ کار ہے جس کے تحت شرکاء مختلف کرداروں کے ذریعے مسائل یا صورتحال پر روشنی ڈالتے ہیں۔یہ انداز ٹریننگ کے لئے نہایت مفید اور مؤثر سمجھا جاتا ہے۔

6. **مظاہراتی طریقہ(Demonstration Method)** معلومات کو مظاہراتی طور پر دِکھا کر پیش کرنا اور رائے لینا۔جیسا کہ پیشکش(Presentation) کے عمل کو بروئے کار لاتے ہوئے عملی مظاہرہ کرنا وغیرہ۔تربیت کار اس طریقے میں پہلے خود معلومات دیتا ہے اور پھر شرکاء کو اس طریقہ کار کو استعمال کرواتا ہے۔

7. **انکوئری طریقہ (Inquiry Method)** شرکاء سے معلومات کو اخذ کروانا۔اس طریقے میں معلومات کو شرکاء سے پہلے اخذ کیا جاتا ہے اور پھر حاصل کی گئی معلومات کو سیشن میں دی جانی والی معلومات سے جوڑ کر مزید تصورات کی وضاحت دی جاتی ہے۔

8. **(Problem Solving Method)معلومات** کو مسائل کے انداز میں بیان کرنا اور اُس پر سوچ بچار کے بعد حل تلاش کرنا بھی ایک سیکھنے کا طریقہ ءکار ہے۔ٹریننگ میں اِس طریقہ ءکار کو شرکاء کے سامنے بتائی جانے والی معلومات کو مسئلے کے طور پر پیش کیا جاتا ہے۔اور پھر معلومات کے رُخ کو سمجھائے جانے والے عنوان سے ملا کر سیشن کو مزید آگے بڑھایا جاتا ہے۔

### 9. انفرادی، جوڑوں اور گروپس میں عملی کام (Individual's Work , Pair Work, Group Work)

تربیت کار مختلف سر گرمیوں کے لئے شرکاء کے خیالات اور معلومات کو اخذ کرنے کے لئے انفرادی، جوڑوں اور گروپ کی صورت میں جو کام کروائے وہ اس طریقہ ءتدریس میں شامل ہے۔ جس کے بعد شرکاء اپنے اپنے کام کو پیش کرتے ہیں۔ تربیت کار شرکاء کے پاس موجود معلومات کو اخذ کرواکران کی معلومات میں مزید اضافہ کرتا ہے۔ انفرادی کام میں طالب علم خود سے سیکھنے میں مدد لیتا ہے یعنی کہ وہ اپنی سوچ اور سمجھ کے مطابق کام کرتا ہے اور سیکھتا چلا جاتا ہے۔ اسی طرح جوڑوں کی صورت میں وہ اپنے ساتھ طالب علم کے ساتھ مل کر سیکھنے کے عمل میں شامل ہوتا ہے۔ جبکہ گروہی کام میں چار یا پانچ طلبا کے ساتھ مل کر کام کرتا ہے

## 2. تربیت کار کی خصوصیات

بہترین ٹریننگ کروانے کے لئے تربیت کار میں درج ذیل خصوصیات کا ہونا ضروری ہے۔

1. مضمون پر عُبور ہونا۔
2. پُراعتماد ہونا۔
3. بہترین بات چیت کا انداز اور interpersonal skill ہونا۔
4. پیشکش (Presentation) دینے کی صلاحیت کا ہونا۔
5. جدید معلومات اور نئے طریقہ ءتدریس سے روشناس ہونا۔
6. ہر وقت سیکھنے کا جذبہ ہونا۔
7. اندازِ گفتگو نرم، لچکدار اور غور سے سُننے والا ہو۔
8. پُراثر اور خوشگوار شخصیت ہونا۔
9. آسان معلومات سے مشکل معلومات کو سِکھانے کی مہارت رکھتا/رکھتی ہونا۔
10. شرکاء کی انفرادی ضروریات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے تمام شرکاء کی شمولیت کو یقینی بنائے۔
11. شخصیت میں شگفتگی اور سنجیدگی ہونا۔
12. تربیتی پروگرام کو مؤثر انداز سے منظّم کرنے کی مہارت ہونا۔
13. شرکاء کے ساتھ احترام اور عزّت کے ساتھ پیش آنا۔
14. وقت کی پابندی کا خیال کرنا۔

## 3. تربیت کار کی اہم ذمہ داریاں

ایک کامیاب اور اچھی ٹریننگ کا انحصار تربیت کار کی مضمون میں مہارت ہونے کے ساتھ ساتھ سکھائے جانے والے عنوان پر عبور

حاصل ہونا بھی ہے تاکہ وہ ٹریننگ کے لئے خود کو تیار کر لیں جیسا کہ درج ذیل ہیں۔

- تربیت کار اس ''ٹریننگ مینوئل'' کا بغور مطالعہ کرے۔ اس کے مقاصد، لائحہ عمل، سرگرمیوں اور جائزے کو غور سے پڑھیں۔
- مطالعہ کے بعد شرکاء کے ساتھ کی جانے والی سرگرمیوں کی تیاری کریں۔
- تربیت کار کا ٹریننگ کی جگہ پر بروقت پہنچنا ضروری ہے تاکہ ٹریننگ کے انتظامات اور شرکاء کے بیٹھنے کے انداز کا جائزہ لے سکیں۔ لہذا تربیت کار روزانہ شرکاء سے پہلے ٹریننگ کی جگہ /ہال پر موجود ہو۔
- شرکاء کو دی جانے والی ہدایات کو فلیش کارڈز پر تحریر کر لیں اور ان اہم نکات پر عمل پیرا ہوں۔ تاکہ وقت کا مؤثر استعمال ہو سکے۔
- شرکاء کو سیکھنے کے عمل میں بھرپور طریقے سے شامل کریں اور انھیں آزادی رائے کا موقع دیں۔ ورکشاپ کے ماحول کو مثالی بنایا جاسکے تاکہ کمرہ جماعت میں اساتذہ طلباء کے ساتھ ایسا ہی سیکھنے کا ماحول بنا سکیں۔
- تمام شرکاء کو انفرادی سطح پر سیکھنے کے مواقع فراہم کریں تاکہ شرکاء بلا جھجک اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں اور مسائل کو حل کر سکیں۔
- شرکاء کو مناسب اور مثبت فیڈ بیک یا رائے دیں۔
- ٹریننگ کے لئے پہلے سے تدریسی معاونات، اسٹیشنری اور دیگر اشیاء کو قبل از وقت تیار کر لیں۔
- ایک سے زیادہ تربیت کار ہونے کی صورت میں وہ گروپس بنا کر درج ذیل ذمہ داریاں آپس میں بانٹ لیں۔

۔ٹریننگ ہال میں چارٹس آویزاں کرنا۔

۔اسٹیشنری کا جمع اور تقسیم کرنا ۔

۔ تلاوت کرنا۔

۔روزانہ اچھی بات سے دِن کا آغاز کروانا ۔

- وقت کی پابندی کرنا۔
- گزشتہ دن کی کاروائی یا رپورٹ پیش کرنا۔

## 4. تربیت کار نیچے درج ذیل باتوں سے اجتناب کریں۔

- شرکاء کے ساتھ غیر مناسب روّیہ یا برتاؤ کرنا۔
- شرکاء کے سوالات کا تسلّی بخش جواب نہ دینا۔ جواب نہ آنے کی صورت میں دیگر شرکاء سے رائے لینا بصورت دیگر تھوڑی دیر تک درست جواب دینے کے لئے کہنا۔
- منفی رائے دینا۔

- سیشن کے دوران غیر ضروری اور غیر متعلقہ باتیں کرنا۔
- تیز تیز بولنا۔
- ٹریننگ میں دیر سے آنا اور ٹریننگ کا دیر سے ختم کرنا۔
- ادھوری معلومات دینا۔
- بہت اونچی یا بہت آہستہ آواز سے بات کرنا۔
- ٹریننگ ہال میں مسلسل چکر لگانا۔
- شرکاء کو نظر انداز کرنا۔
- تمام شرکاء کو ایک ہی سطح پر سمجھنا۔

## 5. تربیت کار کے لئے تجاویز

- سیشن میں 10 منٹ کا اضافی وقت رکھیں۔
- ٹریننگ دیر سے شروع ہونے کی صورت میں ٹریننگ دیر سے ختم نہ کریں۔
- کسی سوال کا جواب نہ آنے کی صورت میں شرکاء سے جواب طلب کریں۔ (بصورتِ دیگر ''پارکنگ لاٹ یا فالو اپ'' کا استعمال کریں)
- شرکاء کو متحرک رکھیں تاکہ شرکاء کی شمولیت کو یقینی بنایا جا سکے۔
- شرکاء میں سے چست لوگوں کو سہولت کار کے طور پر استعمال کریں۔
- ٹریننگ کے do's اور don't کے بارے میں شرکاء کو پہلے سے بتادیں۔ جیسا کہ ٹریننگ کے اصول وضوابط میں بتایا گیا ہے۔
- شرکاء کی بار بار حوصلہ افزائی کریں۔
- تسلّی کر لیں کہ شرکاء کو ہر ٹاسک یا سرگرمی کے لئے مناسب وقت دیا گیا ہے۔
- شرکاء کے ساتھ روّیہ دوستانہ، غیر متعصب، غیر جانبدار اور خوشگوار ہونا چاہیے۔
- شرکاء کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ وہ اپنے مسائل/سوالات/صورتِحال کو بیان کر سکیں۔

ڈسٹرکٹ ٹرینرز کی ذمہ داریوں کے بارے میں تفصیلاً گو ہنڈ آؤٹ میں غور سے مطالعہ کریں۔

# 1-ٹریننگ کی تعارفی سرگرمیاں

کل سیشن: 3

کل وقت: 3 گھنٹے

## سیشن 1.1: ٹریننگ کی تعارفی سرگرمیاں

## Introductory Activities of the Training

کل وقت: 55 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ٹریننگ کے پروگرام اور مقاصد کے بارے میں جان سکیں۔
- ٹریننگ کے آغاز کی سرگرمیاں سمجھ سکیں۔
- شرکاء ٹریننگ کے بنیادی اُصولوں کی وضاحت کر سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینرز | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ ٹریننگ کا آغاز تلاوتِ سے کریں۔ | | |
| **ٹرینرز اور شرکاء کا تعارف** | | |
| ▪ تمام شرکاء کو ٹریننگ میں خوش آمدید کہیں۔ ٹرینرز اپنے تعارف میں اپنا نام، تعلیم اور تجربہ بتائیں۔ تمام شرکا کا تعارف کرنے کے لئے دی گئی سرگرمی کروائیں۔ | 10 منٹ | |
| تمام شرکاء کو ایک سادہ کاغذ یا آدھا چارٹ دیں اور کہیں کہ اس پر اپنا نام، عہدہ اور علاقے کا نام، تعلیمی اور ٹریننگ کا تجربہ، ایک خوبی اور ایک ایسی چیز جو وہ خود میں بہتر کرنا چاہتے ہیں۔ اب اس کاغذ یا چارٹ کو ہاتھ میں پکڑ کہ دائرے کی صورت میں کھڑے ہو جائیں۔ ٹرینرز شرکاء سے کہیں کہ وہ دو چھوٹے دائرے بنائیں گے جس میں وہ آمنے سامنے کھڑے ہونگے تاکہ وہ آسانی سے ایک دوسرے کے چارٹس پڑھ سکیں۔ ٹرینرز اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ وہ بولے بغیر ایک دوسرے کے چارٹ کو غور سے پڑھیں اور خود کو دوسروں سے متعارف کروائیں۔ جو کہ تمام شرکاء کے لئے ایک دلچسپ طریقہ کار ہوگا۔ | 15 منٹ | سادہ کاغذ |
| ▪ تمام شرکا کے ساتھ ٹریننگ کے مقاصد اور پروگرام کو شیئر کریں۔ (شرکا کو کہیں کہ ٹریننگ پروگرام کو دیکھیں)۔ | | ٹریننگ پروگرام |
| **توقعات اور خدشات** | | |
| تمام شرکا کو 2 رنگ کے پوسٹڈ نوٹ دیں۔ **گلابی** پرچی پر ٹریننگ کے متعلق تین ٹریننگ کی توقعات جبکہ **پیلی** پرچی پر ٹریننگ سے متوقع تین خدشات لکھیں۔ درج ذیل ٹیبل کا چارٹ دیوار پر چسپاں کریں۔ | 15 منٹ | Sticky Notes |

<table>
<tr>
<td>
<table>
<tr><th>توقعات</th><th>خدشات</th></tr>
<tr><td></td><td></td></tr>
</table>

- تمام شرکاء سے کہیں کہ توقعات کی پرچیاں توقعات کے کالم میں اور خدشات کی پرچیاں خدشات کے کالم میں چسپاں کریں۔

نوٹ: یہ سرگرمی شرکاء کے پاس موجود نوٹ بک پر لکھوا کر بھی کی جاسکتی ہے۔ ٹریننگ کے حوالے سے شرکاء کی توقعات اور خدشات پوچھے۔ تربیت کار شرکاء کی طرف سے آنے والی ممکنہ توقعات کے مطابق ٹریننگ کے لائحہ عمل کو تیار کریں۔
</td>
<td></td>
<td></td>
</tr>
<tr>
<td>

- **ٹریننگ کے اُصول:** تمام شرکا سے ٹریننگ کے اصول پوچھیں جو کہ ٹریننگ میں سیکھے جانے کے عمل میں آسانی پیدا کرے مثال کے طور پر
  - ✓ وقت کی پابندی کی جائے گی۔
  - ✓ دورانِ ٹریننگ موبائل فون کو Silent کر دیا جائے گا۔
  - ✓ تنقید برائے اصلاح کا اصول اپنایا جائے گا۔
  - ✓ ایک دوسرے کی رائے کا احترام کیا جائے گا۔
  - ✓ یا کوئی اور اُصول جو شرکاء بتائیں اُن کو چارٹ پر تحریر کر کے دیوار پر آویزاں کر دیں۔
</td>
<td>5 منٹ</td>
<td>چارٹ، مارکر</td>
</tr>
<tr>
<td>

- **ٹریننگ میں شرکاء کی حاضری لینا**

تمام شرکاء کی ٹریننگ میں روزانہ حاضری لینا ضروری کام ہے۔ لہٰذا اس کے لئے ایک حاضری شیٹ (Annex 1) اس مینوئل کے آخر میں دی گئی ہے اُس کو استعمال میں لایا جائے۔
</td>
<td>10منٹ</td>
<td>حاضری شیٹ</td>
</tr>
<tr>
<td>

- **پری ٹیسٹ Pre-Test**

تمام شرکاء کو پیکج B کے بنیادی تصورات کے حوالے سے جانچنے کے لئے پری ٹیسٹ کو پُر کرنے کے لئے کہیں۔

**ٹریننگ میں شرکاء کی حاضری لینا**

تمام شرکاء کی ٹریننگ میں روزانہ حاضری لینا ضروری کام ہے۔
</td>
<td></td>
<td></td>
</tr>
</table>

سیشن:1.2

# پلیسمنٹ ٹیسٹ کا استعمال

## Use of Placement Test Tools

کل وقت: 1 گھنٹہ 20منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- Placementٹیسٹ کی اہمیت وافادیت کو سمجھتے ہوئے اسکے استعمال کے بارے میں آگاہی حاصل کر سکیں۔
- Placementٹیسٹ کے مطابق طلبا کے لئے درست پیکج کا منتخب کر سکیں۔

| ہدایات برائے تربیت کار | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ تربیت کار شرکاء کو بتائے کہ طلباء سے ایک ٹیسٹ لیا جائے گا جو کہ طلبا کو ان کی تعلیمی قابلیت کے مطابق پڑھانے میں مدد دے گا۔ طلبا کو کسی بھی پیکج کو پڑھانے سے پہلے یہ ٹیسٹ لیا جائے گا جو کہ طلبا کی ابتدائی تعلیمی صلاحیت کو جانچنے میں مدد دی گی۔اس ٹیسٹ کو ہم Placement Testکہتے ہیں۔ | 15منٹ | فلیش کارڈز , مارکرز |
| ▪ تمام شرکاء کو ٹیسٹ دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا کہ اس کا غور سے مطالعہ کریں۔<br>▪ تمام شرکا کو کہیں کہ وہ باری باری ان ٹیسٹ کو مکمل کریں۔ یہاں تربیت کار ہر ٹیسٹ کو درست انداز میں مکمل کی ہدایات دے<br>▪ تربیت کار شرکا کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھے جوڑوں کی صورت میں بیٹھ جائیں اور باری باری ایک دوسرے کا ٹیسٹ چیک کریں۔<br>▪ تربیت کار تمام شرکا ٹیسٹ کے جوابات والے ہینڈ آؤٹ دے۔<br>▪ آخر میں تربیت کار تمام شرکا کے ٹیسٹ کا جائزہ لے اور بتائے کہ تمام طلبا کے نتائج کو ایک فہرست کی صورت میں اپنی فیلڈ کے ممبران یا لٹریسی موبلائزر یا ڈسٹرکٹ ٹرینرز کو فراہم کرے | 30منٹ | |

# سیشن:1.3 نصاب اور سلیبس کا مجموعی جائزہ

## Overview of Curriculum and Syllabus

کل وقت: 1 گھنٹہ 30 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- نصاب اور سلیبس کے فرق کو جان سکیں؟
- پیکج B کے نصاب کی درسی کتب سے مطابقت اور اہمیت وافادیت کو سمجھ سکیں۔
- معیارات برائے غیر رسمی تعلیمی اساتذہ اور ماحول کے بارے میں آگاہ ہو سکیں۔
- درسی کتب کو پڑھاتے وقت نصاب کے بنیادی مقاصد کو ذہن میں رکھ سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ نصاب کسے کہتے ہیں؟ آپ کے خیال میں نصاب کا کیا مطلب ہے؟۔ اس کام کے لئے ٹرینر شرکاء کو فلیش کارڈ یا کاغذ فراہم کریں۔ شرکاء کی رائے لینے کے بعد نیچے دی گئی تعریف بتائیں۔<br>▪ ٹرینر شرکا کو مخاطب کرتے ہوئے پوچھے کہ "نصاب اور سلیبس کیا میں فرق ہوتا ہے؟" اس کام کے لئے ٹرینر شرکاء کو فلیش کارڈ یا کاغذ فراہم کریں۔<br>▪ شرکاء کی رائے لینے کے بعد ٹرینر نیچے دی گئی معلومات شرکا کو بتائیں۔<br>**نصاب:** یہ ایک اعلیٰ سطح کا ایسا منصوبہ ہے جس میں قابلِ شناخت مخصوص آبادی کے عمومی تعلیمی مقاصد کے مخصوص مقاصد کے حصول کے لئے سیکھنے کے مواقع مہیا کرنے کا مجموعہ ہوتا ہے۔ نصاب ملکی بنیاد پر تعلیم کے مقاصد کی عکاسی کرتا ہے۔ تاکہ تعلیمی شعبہ جات ان مقاصد کے تحت معیارِ تعلیم کو حاصل کر سکیں۔<br>The **word** "**curriculum**" is driven from a Latin **word** that means "a race" or "the course of a race" (which in turn derives from the verb currere meaning "to run/to proceed").<br>Refrerrnace: (Oxford English Dictionary, "Curriculum," 152)<br>ٹرینر آسان لفظوں میں شرکاء کو بتائیں کہ یہ Curriculum لاطینی زبان کا لفظ ہے جس کا مطلب " ایک دوڑ یا دوڑ کا راستہ " ہے۔ دراصل یونان کے لوگوں نے اپنے بیلوں کے گزر گاہ کے لئے جن سمتوں اور راستوں کو بنایا اُن کو **curriculum** کا نام دیا گیا تاکہ ان طے شُدہ راستوں پر چلتے ہوئے اپنے کام کو سرانجام دے سکیں۔ لہذا تعلیمی اہداف کو حاصل کرنے کے لئے نصاب کو تیار کیا گیا۔<br>**سیلیبس** کسی خاص مضمون کا تجویز کردہ خاکہ ہے جس میں پڑھائے جانے والے عنوانات انکی ترتیب، وسائل اور دوسری متعلقہ معلومات شامل ہیں۔ سلیبس سے مراد سیکھنے کے تمام عوامل | 5 منٹ<br><br><br><br><br><br>15 منٹ | فلیش کارڈز, مارکرز |

| | | |
|---|---|---|
| اور مراحل کو مجموعی طور پر پیش کرنا ہے۔ ہر مضمون کے مقاصد، مراحل، لرننگ میٹریل اور پڑھانے کے تمام تراجزاء سلیبس کا حصّہ ہوتا ہے۔<br>**درسی کتب** یہ مفصل انداز میں معلومات کے مطالعے کا مجموعہ ہے۔ درسی کتب میں طلباء کے لئے اسباق، سرگرمیاں، مشقی کام اور جائزہ کی سرگرمیاں شامل ہوتی ہیں۔ جو نصاب کے عملی تقاضوں کا عملی مظہر ہے۔ درسی کتابیں نصاب میں طے شدہ مقاصد اور معیارات کو حاصل کرنے کے لئے تیار کی جاتی ہیں۔ یہ براہ راست نصاب کی تشریح ہوتی ہیں جو کہ طلباء کے ذہنی معیار کے مطابق مرتب کی جاتی ہیں۔<br>▪ ٹرینر اس کے بعد تمام شرکاء کے ساتھ نصاب کے فریم ورک کو تفصیلاً شئیر کریں اور بتائیں کہ یہ چار بنیادی حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔<br>**قابلیت (Strand/Competency)**<br>قابلیت (Strand/Competency) کسی بھی مضمون کو سیکھنے کی بنیادی اکائی ہے جو کسی مضمون کے مخصوص عنوان کے متعلق سیکھنے کی توقعات کے بارے میں بتایا جاتا ہے۔<br>**معیارات (Standards)**<br>معیارات (Standards) دوسرا اہم سیکھنے کا مرحلہ ہے۔ ان معیارات میں طلباء کے سیکھنے کے واضح طور پر قابلیت کی وضاحت، علم، مہارت اور رویوں کے بارے میں بتایا جاتا ہے۔<br>**تدریجی حد (Benchmark)**<br>یہ تیسرا اہم سیکھنے کا مرحلہ ہے جس میں طلباء کے ان مقاصد کی عکاسی کی جاتی ہے کہ پڑھائے جانے والے گریڈ/جماعت کو مکمل کرتے ہوئے ان مقاصد کے تحت علم حاصل کر سکے گے۔ یہ مرحلہ اوپر کے دیئے گئے دونوں مراحل کو مزید واضح کرتا ہے۔<br>**حاصلاتِ تعلّم (Students Learning Outcomes-SLOs)**<br>یہ سیکھنے کا چوتھا مرحلہ ہے ہر مضمون میں موجود طلباء کے سیکھنے کے مقاصد کو واضح کر کے تدریجی حد کی وضاحت کرتے وقت بتاتا ہے کہ سیکھنے والے اس گریڈ کے آخر میں کس قابل ہو سکیں گے۔ حاصلاتِ تعلم کسی بھی مضمون کی مہارتوں پر نظر ثانی اور دہراتے ہوئے سیکھنے کے عمل کو تقویت دیتے ہیں۔<br>اس کے بعد تمام شرکاء کے ساتھ نیچے دیئے گئے فارمیٹ شیئر کریں۔ | | ہینڈ آؤٹ |

## Packagc B

**سننااور بولنا**

**(Standard: 1) I معیار**

متعلم مختلف نوعیت کی گفتگو سن کراہم نکات سمجھ سکےاور روز مرہ بول چال میں درست تلفظ اور مناسب لب ولہجہ کے ساتھ ادا کر سکے۔

**U1Bb1:تدریجی حصہBenchmark** متعلم مختلف نوعیت کی گفتگو، واقعہ، کہانی، تقریر، ہدایات اور اعلانات سن کر سمجھ سکے اور مناسب رد عمل کا زبانی اظہار کر سکے۔

| نمبر شمار | حاصلات تعلم | تدریسی مواد | طریقہ تدریس | جائزہ کا طریقہ کار |
|---|---|---|---|---|
| | متعلم کو اس قابل ہونا چاہیے کہ: | | | |
| U1Bb101 | اردو میں کی گئی گفتگو کو سمجھ سکے اور سوالوں کا جواب دے سکے۔ | بحث مباحثہ، کہانیوں اور تصاویر کے ذریعے سے پیش اور بعد از سماعت کا اظہار | استاد کی بلند خوانی کے ذریعے سے، تقریری، گروپ ورک بحث مباحثہ | زبانی اور مشاہداتی امتحان |
| U1Bb102 | عبارت، واقعہ یا کہانی سن کر اس کے اجزاء مثلاً کردار، مقامات، افراد اور واقعات وغیرہ کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کر سکے۔ | | | |
| U1Bb103 | سن کر اردو کی صحیح آوازوں اور تلفظ کا ادراک کر سکے۔ | | | |
| U1Bb104 | روز مرہ کی ہدایات کو سمجھ سکے۔ اور اپنے خیالات کا اظہار صحیح تلفظ اور مناسب لہجہ سے کر سکے۔ | | | |
| U1Bb105 | مقامی ماحول کے مطابق دی گئی تصویری کہانی پر بات چیت کر سکے۔ | | | |
| U1Bb106 | روز مرہ زندگی کے مسائل پر مکالمے میں حصہ لے سکے۔ | | | |

**گروپ ورک:**

| | | |
|---|---|---|
| تمام شرکاء کو ہینڈ آؤٹ دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا کہ اس ہینڈ آؤٹ کو غور سے دیکھیں اور تجزیہ کریں کہ تعلیم کے بنیادی مقاصد کیا ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ نصاب اور درسی کتب کی ہم آہنگی کا جائزہ لیں۔ تمام شرکاء کو تین گروپوں میں تقسیم کریں۔<br>**گروپ:** 1 اُردو کی گائیڈ، درسی کتاب اور نصاب کا مجموعی تجزیہ کریں۔<br>**گروپ:** 2 انگلش کی گائیڈ، درسی کتاب اور نصاب کا مجموعی تجزیہ کریں۔<br>گروپ: 3 ریاضی کی گائیڈ، درسی کتاب اور نصاب کا مجموعی تجزیہ کریں۔ | 30 منٹ | نصاب کی کاپیاں، درسی کتب اور ٹیچر گائیڈ، چارٹس، مارکرز |
| تمام شرکاء گروپ اپنے اپنے تجزیاتی کام کو پیش کریں گے اور بتائیں گے درسی کتب، گائیڈ اور نصاب میں کیا ربط ہے۔ ٹریز سیشن کا خلاصہ بیان کرتے ہوئے کہیں کہ نظامت نصاب و تعلیم اساتذہ خیبر پختونخوا اور حکومتِ جاپان کے تعاون سے پراجیکٹ کے تحت غیر رسمی تعلیم کا پاکستان میں پہلی بار نصاب (Curriculum) اور تدریسی کتب تیار کی گئی ہے۔ اس سے لاکھوں بچے مستفید ہو رہے ہیں اور مزید بھی ہوں گے۔ آپ بھی کتابوں کے حوالے سے اپنی رائے سے ضرور آگاہ کریں۔ یہاں ٹریز غیر رسمی طریقہ تدریس کے تحت پیکج B کے بارے میں بتائیں کہ **پیکج (B)** کا دورانیہ 10 ماہ ہے جس میں دوسری سے تیسری جماعت تک پڑھایا جاتا ہے۔ جبکہ **پیکج (C)** کا دورانیہ 12 ماہ ہے جس میں چوتھی سے پانچویں جماعت تک پڑھایا جاتا ہے۔<br>یہ ٹریننگ مینوئل پیکج B پر مبنی ہے۔ (پیکج B) کے تحت اُردو، ریاضی اور انگریزی کی کتابیں ترتیب دی گئی ہیں۔ ہر ایک کتاب کے ساتھ ایک ٹیچر گائیڈ بھی موجود ہے جس میں اساتذہ کے | 5 منٹ | |

| | | |
|---|---|---|
| لیے پڑھانے کا طریقہ بتایا گیا ہے جس میں سر گرمیوں کی مدد سے طلباء کو پڑھانے اور سبق کے تدریسی مقاصد کو تفصیل سے بتایا گیا ہے۔ یہ تمام تفصیلات آپ کو ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہیں۔" مزید روشنی ڈالتے ہوئے بتائیں کہ نصاب کے مقاصد کو حاصل کرنے کے لئے درسی کتب اور گائیڈ کا بہترین استعمال کرنا ہو گا۔ کیونکہ ٹیچر گائیڈ کو قومی نصاب کے معیارات کی بنیاد پر تیار کیا گیا ہے جبکہ درسی کتب معیارات کو حاصل کرنے کا عملی طریقہ کار ہے۔ ٹیچر گائیڈ اور درسی کتب کی معلومات کو بالترتیب ایک ہی انداز میں دیا گیا ہے۔ لہذا ٹیچر گائیڈ کے بغیر درسی کتب نہیں پڑھائی جا سکتیں۔ | | |
| ▪ ٹرینر تمام شرکاء کے ساتھ معیارات برائے غیر رسمی تعلیم اور خواندگی کے کتابچے کو شیئر کریں۔ شرکاء کتابچے کا اچھی طرح پڑھ کر جائزہ لیں جس کے لئے ٹرینر شرکاء کو ہدایات دیں۔<br>▪ ٹرینر شرکاء کے ساتھ اساتذہ اور ماحول کے معیارات کے حوالے سے دیئے گئے انڈیکیٹر کو پڑھ کر روزمرہ ٹیچنگ کے استعمال میں لائیں تاکہ معیارِ تعلیم کو بڑھانے کے عمل میں ملحوظِ خاطر رکھا جا سکے۔<br>▪ آخر میں شرکاء کی مزید وضاحت کے حوالے سے سوالات پوچھیں۔ | 10 منٹ | |

سیشن:1.3 **پیکج Aاور Bکا تعلق اور منتقلی**

## Package A and B- Connection and Transformation

**کل وقت:** 25منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- پیکج Aاور پیکج Bکے مابین باہمی ربط اور تعلق کو سمجھ سکیں۔
- پیکج Aسے پیکج Bکی طرف منتقلی کے طریقوں کو سمجھ سکیں۔
- پیکج Aسے پیکج Bکے طریقہ تدریس کے بارے میں جان سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ ٹرینر شرکاء سے پوچھیں کہ ہم پیکج A میں کن کن طریقہ تدریس کے تحت پڑھاتے رہیں ہیں؟ شرکاء کے بتائے ہوئے جوابات کو بورڈ پر لکھیں۔<br>▪ شرکاء کے گروپس بنائیں اور کہیں کہ پیکج Bکی کتابوں کا بغور تجزیہ کریں۔اس تجزیے میں دیکھیں کہ معلومات کا انداز بیان کیسا ہے؟اور بولنے،لکھنے اور پڑھنے کی مشقیں کس طرح کی دی گئی ہیں؟مزید یہ بھی دیکھیں کہ طریقہ تدریس یعنی آوازوں،پڑھانے کے طریقوں، سرگرمیوں اور معلومات کے اعتبار سے پیکج Aاور پیکج **B** میں کس قسم کی مطابقت پائی جاتی ہے شرکاء ان تمام پوائنٹس کو ایک چارٹ پر لکھ کر شئیر کریں۔<br>▪ ٹرینر تمام گروپس کے اہم نکات کو نوٹ کریں اور آخر میں تمام شرکاء کے ساتھ اس کو شئیر کریں۔جو کہ درج ذیل ہو سکتے ہیں۔<br>✓ پیکج Aکے طریقہ تدریس کے مطابق پیکج B میں شروع کے اسباق کو تیار کیا گیا ہے۔ بتائیں کہ اُردو کے پہلے 5اسباق،انگریزی کے پہلے 3اسباق شامل ہیں۔<br>✓ ہر سبق میں طلباء کو بولنے،پڑھنے اور لکھنے کی مشقیں دی گئی ہیں جیسا کہ پیکج Aمیں بھی طلباء کی کتاب میں دی گئی ہے۔ان کی مدد سے طلباء جلد ہی پڑھنا لکھنا سیکھ جائیں گے۔<br>✓ پڑھانے کا طریقہ کار پیکج Aہی کی طرح ہے۔جیسا کہ طلباء کی سابقہ معلومات لینا،آسان سے مشکل سیکھنے کے عمل کی طرف بڑھنا وغیرہ۔<br>✓ جن الفاظ کا ذکر پیکج A میں کیا گیا ہے ان کا استعمال پیکج Bمیں بار بار کیا گیا ہے۔ | 25منٹ | پیکج Aاور پیکج Bکتابیں |

| | | |
| --- | --- | --- |
| | | ✓ تمام آوازوں کو سیکھنے کے بعد طلباء پیکج B میں دی گئی معلومات کو با آسانی پڑھ سکتے ہیں۔<br>✓ طلباء کو پڑھنے اور لکھنے کے حوالے سے سرگرمیوں (رول پلے، کہانیاں، تصاویر، گروپ ورک، انفرادی کام) سے پڑھانا۔<br>✓ زبان کی چاروں مہارتوں کا استعمال اور ان پر مبنی سکھانے کی مشقیں شامل ہیں۔<br>■ ٹرینر اس بات پر زور دے کہ پڑھاتے وقت پیکج A کے طریقہ تدریس (مثال کے طور پر آوازوں کے ساتھ پڑھانا، گروپ ورک وغیرہ) کو اپناتے ہوئے پیکج B کو پڑھایا جائے گا۔<br>■ اس طرح آسانی سے طلباء دونوں پیکجز کی مطابقت کو مدّ نظر رکھتے ہوئے پڑھنا اور لکھنا سیکھ جائیں گے۔ |

# 2-اِسلامیات(Islamiat)

کل سیشن:2

کل وقت:2 گھنٹے

## 1.1: اِسلامیات کی کتاب کا جائزہ

## Overview of Islamiyat Book

کل وقت:

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ

- کتاب میں موجود اِسلامیات کے بنیادی تصّورات پڑھانے کے طریقہ کار کو سمجھ سکیں۔
- دوسری اور تیسری جماعت کی اسلامیات پڑھانے کے مختلف طریقہ ہائے تدریس سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- اِسلامیات کی کتاب کے دائرہ کار کو جان جائیں۔

| ریسویس میٹریل | وقت | ٹرینر ہدایات |
| --- | --- | --- |
| | 1گھنٹہ | ▪ ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ دین کی تعلیم ہمارے لئے بہت اہمیت کی حامل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قومی نصاب میں اسلام کی تعلیمات کو ہمیشہ سے بہت فوقیت دی ہے۔ طلبہ تک اسلامی تعلیم کو پہنچانے کے لئے عمر کے لحاظ سے درجہ بندی کی گئی ہے۔<br>**گروپ ورک**<br>پیکیج Bمیں جماعت دوئم اور تیسری کی اسلامیات کا مضمون شامل کیا گیا ہے۔ان دونوں کتابوں کو پڑھانے کے طریقہ کار کو سمجھنااور نصاب کے حاصلاتِ تعلّم(SLOs)کاپڑھنانہایت ضروری ہے۔<br>تمام شرکاء کو گروپس میں کر درج ذیل سوالات پوچھیں جائیں۔<br>- غیر رسمی نصاب میں کتنے اہم نکات پر روشنی ڈالی گئی ہے؟اس میں کل کتنے SLOs دیئے گئے ہیں؟<br>- غیر رسمی نصاب اور اسلامیات کی دونوں کتابوں کی معلومات میں کس حد تک مطابقت پائی جاتی ہے؟<br>- جماعت دوئم اور تیسری کی اسلامیات کی کتاب کو میں کل کتنے اسباق ہیں اور انکے نمایاں عنوانات کون کون سے ہیں؟<br>- نصاب کے مطابق اسلامیات کی درجہ دوئم اور تیسری کی کتاب کو کیسے پڑھایا جاسکتا ہے؟ |

| | | |
|---|---|---|
| - اسلامیات کی کتاب کو پڑھانے کے کون کون سے طریقہ کار بتائے گئے ہیں ان کی فہرست بنائیں۔<br>شرکاء کے کام کی پیشکش لی جائے گی اور پیشکش کئے جانے والے کام میں اہم نکات کو ٹرینر نوٹ کر لے۔تاکہ اسلامیات کی کتاب کے تعارف کے دوران ان اہم نکات کو مثالیں دے کر سمجھایا جاسکے۔<br>▪ کتاب "اسلامیات" کے نصاب میں دیئے گئے مقاصد کو شرکاء کو بتایا جائے کہ اہم مقاصد درج ذیل ہیں۔<br>▪ کتاب "اسلامیات" کے نصاب میں دیئے گئے عنوانات کے حاصلات تعلّم کو پڑھایا جائے گا۔ جو کہ مینوئل کے آخر میں ہینڈ آؤٹ کے طور پر شامل کیا گیا ہے۔<br>▪ کتاب موجود تمام نصابی سرگرمیوں کو مدّنظر رکھتے ہوئے اسباق عنوانات میں ترتیب دیا گیا ہے جو کہ درج ذیل ہیں<br>1. قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم<br>2. ایمانیات وعبادات<br>3. سیرتِ طیبہ صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم<br>4. اخلاق وآداب<br>5. ہدایت کے سرچشمے/مشاہیرِ اسلام<br>ٹرینر بتائے کہ اسلامیات کے تدریسی مقاصد کو سمجھنا اور اس کے مطابق پڑھانا نہایت ضروری عمل ہے۔ لہذا اساتذہ کی اسلامیات کے حوالے سے تربیت یافتہ ہونا ضروری ہے۔ | | |

## سیشن:1.2 اسلامیات پڑھانے کا طریقہ ہائے تدریس

## Islamiat Teaching Methodology

کل وقت: 1 گھنٹے

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ

- اسلامیات مضمون کو پڑھانے کے طریقہ کار کے بارے میں جان جائیں۔
- دوران تدریس کہانی سُنانے، رول پلے، سرگرمیوں اور گروہی تدریسی طریقوں کو عملی طور پر کر سکیں۔
- کتاب اور ٹیچر گائیڈ میں دی گئی معلومات کو موثر طریقے سے طلبہ تک پہنچا سکیں۔

| ٹرینر ہدایات | وقت | ریسویس میٹریل |
|---|---|---|
| اس سیشن میں اسلامیات کے سبق کو پڑھانے کے حوالے سے بات چیت اور عملی طور پر پڑھانے کی مشق کی جائے گی۔ ساتھ ہی اسلامیات پڑھانے کے مختلف طریقہ کار کے متعلق بھی مشاہدہ کیا جائے گا جو کہ درج ذیل ہیں<br>- مظاہراتی طریقہ کار<br>- زبانی و مشاہداتی<br>- تقریری طریقہ تدریس<br>- رول پلے<br>- سوال و جواب<br>- عملی طریقہ تدریس<br>غیر رسمی طریقہ تدریس میں روزمرہ زندگی سے مثالیں دے کر طلبہ کے سیکھنے کے عمل کو آسان اور مؤثر بنایا گیا ہے لہذا دیکھتے ہیں اِسلامیات کے سبق کو ٹیچر گائیڈ میں دی گئی معلومات کے مطابق کیسے پڑھایا جا سکتا ہے؟<br>سبق کی پڑھانے کے مراحل کو عملی طور پر کر کے دِکھایا جائے ٹرینز کا کردار ٹیچر جبکہ شرکاء کا کردار طلبہ کا ہو گا۔ | | فلپ چارٹس، مارکرز، وائٹ بورڈ، اسلامیات کی کتاب بمعہ ٹیچر گائیڈ، ورک شیٹس، ٹرینز کی جانب سے تیار کردہ چارٹس |

**سرگرمی:1 ماڈل لیسن برائے ٹرینرز**

ٹرینرشرکاءکے سامنے ایک ماڈل لیسن پیش کرے۔ سبق کاانتخاب اسلامیات کے اہم نکات/عنوانات لسانیات،اور معلومات کی بنیادپر کیاجائے تاکہ سبق کے مختلف پہلوؤں پرروشنی ڈالی جاسکے۔ یہاں ٹرینرز شرکاءکواِسلامیات کی کتاب کا سبق "نماز"پڑھاکردکھایاجائے۔

ٹرینراپنے سامنے کتاب کھول کرسبق کاآغاز کرےاور تمہیدی سوالات پوچھے مثلاً

1. مسلمان پردن رات میں کتنی نمازیں فرض ہیں۔
2. نماز فجر اور نماز عصر کی فرض رکعات کی تعداد لکھیں۔
3. نماز کے کوئی سے تین آداب تحریر کریں۔

ان سوالات کے جوابات شرکاءسے لئے جائیں گےاور پوچھیں کہ آج ہم کس سبق کے بارے میں پڑھنے جا رہے ہیں توشرکاءبتائیں گے "جمعہ کی اہمیت اور فرضیت" کے بارے میں پڑھیں گے۔ یہاں ٹرینرشرکاءکو بتائے کہ ٹیچرکاپڑھائے جانے والے سبق کااعلان کرےاوراس کے مقاصد کے بارے میں شرکاءکوبتائے جیساکہ کتاب میں حاصلاتِ تعلّم میں بتایاگیاہے۔

**پہلاقدم(مثالی بلندخوانی)**

اس کے بعدٹرینزشرکاءکوجمعہ کی نماز سبق پڑھ کرسُنائیں گے۔ یہاں ٹرینزشرکاءکوبتائےکہ یہی سبق ایک ٹیچرپہلے طلبہ سے خودپڑھنے کو بھی کہہ سکتے ہیں۔اس صورت میں مشکل الفاظ جوکہ ادائیگی یامفہوم معلوم نہ ہونے کی صورت میں ان الفاظ کے نیچے لکیرلگادیں جس کوٹیچربعدمیں دورانِ پڑھائی دہراکر پڑھائے۔تاکہ طلبہ اس کی ادائیگی اور تلفظ کواداءکرناسیکھ جائیں۔

**دوسراقدم(انفرادی بلندخوانی)**

اس مرحلے میں طلبہ سے کہیں کہ وہ خودسے سبق کوپڑھیں اور مشکل سے پڑھے جانے الفاظ کو تھوڑاآہستہ اورآوازوں کی مددسے پڑھیں۔ بصورتِ دیگرٹیچرطلباءکی مدد کرےاوران الفاظ کوپڑھنے میں مدد دے۔

**تیسراقدم(تلفظ کی درستگی)**

یہاں ٹیچرطلبہ سے پوچھے کہ مشکل الفاظ کون کون سے ہیں ان الفاظ کو بورڈپرتحریرکراورپھرآوازوں کی مدد سے ادائیگی میں مدددے۔ یہاں طلباءخودسے بورڈپرآکران الفاظ کے جوڑتوڑکرےاورپھردرست انداز میں ٹیچرکوپڑھ کردِکھائیں۔

**چوتھاقدم(تفہیم)**

سبق پڑھنے کے بعد سبق کے بارے میں سوالات پوچھنا ایک نہایت اہم کام ہے جو کہ سیکھنے کے عمل کو پختہ بناتا ہے لہذا ٹیچر گائیڈ میں دیئے گئے سوالات پوچھیں جائیں گے اور پڑھائے گئے سبق کے بارے میں طلبہ کی سمجھ بوجھ کو جانچا جائے گا۔ ٹیچر یہ کام بورڈ پر کرے اور بچوں کو سبق پڑھ کر درست جواب دیں۔

بچوں کی تفہیم (سمجھ) کا جائزہ لینے کے لیے اُسی پیرا گراف سے کچھ سوال بھی پوچھے جائیں اور دیکھا جائے کہ انھیں کیا سمجھ آیا؟ اور پھر جہاں ضرورت محسوس ہو وہاں وضاحت دے۔

**سرگرمیاں**

**سرگرمی نمبر 1: الفاظ کا ذخیرہ**

ٹیچر طلباء سے کہ ٹرینز شرکاء سے کہیں وہ اس سبق میں سے نئے سیکھے جانے والے الفاظ کو باری باری بورڈ پر آکر لکھیں۔ ٹیچر طلباء کی مدد سے نئے الفاظ کا ایک چارٹ/بورڈ کمرہ جماعت میں چسپاں کرے۔ الفاظ کے معنی بھی طلباء کو ضرور بتائیں۔

**سرگرمی نمبر2: (مکالمہ)**

آخر میں ٹیچر طلباء سے پڑھائے گئے سبق کے بارے میں پوچھیں آج ہم نے کس کے بارے میں معلومات حاصل کی۔ اس کے بعد دو طلبہ سے کہیں وہ ایک دوسرے کو مکالمے کی صورت میں نماز کی فضیلت و فرضیت پر بات چیت کریں۔

**جائزہ**

طلبہ سے کہا جائے گا کہ کتاب کھولیں اور مشقی سوالات کے جوابات دیں۔

**ہوم ورک:**

گھر جا کر سب کو نماز کی فضیلت کے بارے میں بتائیں اور نئی حاصل کی جانے والی معلومات کو اگلے دین شئیر کیا جائے گا۔

- ٹرینز شرکاء کو اس بات سے واقفیت کروائیں کہ حاصلاتِ تدریس کے لیے پُر عمل پیرا ہونا لازم و ملزوم ہے اس کے بغیر پُر لطف تدریسی طریقے کو فروغ نہیں دیا جا سکتا۔ پڑھائی کی مہارت کو بہتر بنانے میں اساتذہ کا نمایاں کردار ہوتا ہے۔ اساتذہ مختلف مراحل اور حکمت عملی کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اساتذہ کو پڑھائی کے دوران درج ذیل حکمت عملی کو فروغ دینا چاہیے۔

**سرگرمی نمبر2:**

| | | |
|---|---|---|
| ٹرینرز شرکاء کو گروپوں میں تقسیم کریں اور اُن کو درج ذیل پیشکش تیار کرنے کے لیے کہیں۔<br>**گروپ نمبر1** :القران کریم میں سے کسی ایک حصّے کو عملی طور پر پڑھا کر دکھائیں۔<br>**گروپ نمبر2**:ایمانیات اور عبادات کے سبق پڑھا کر دِکھائیں۔<br>**گروپ نمبر3** :سیرتِ طیبہ کو پڑھا کر دیکھائیں۔<br>**گروپ نمبر:4**اخلاق و آداب کو پڑھا کر دِکھائیں۔<br>**گروپ نمبر:5**ناظرہ کی اہمیت اور اس کو پڑھا کر دِکھائیں۔<br>تمام گروپس کی پیشکش معیاری ہو اور تیاری کے دوران گروپوں کو بھرپور معاونت فراہم کی جائے۔<br>آخر میں شرکاء کو پڑھانے کے عمل میں بہتری کے لئے فیڈبیک دیا جائے تاکہ سیکھنے اور سیکھانے کے عمل میں بہتری آسکے۔ | | |

# 3-اُردو(Urdu)

کل سیشن:5

کل وقت:6 گھنٹے 20 منٹ

## سیشن 3.1: اُردو کتاب کا مجموعی جائزہ

## Cumulative Overview of Urdu Book


**کل وقت:** ڈیڑھ گھنٹہ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- کتاب میں موجود بنیادی تصّورات کو سمجھ سکیں۔
- دوسری اور تیسری جماعت کی کتب کے طریقۂ تدریس سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- اُردو مضمون میں موجود دیگر مضامین (سائنس، معاشرتی علوم، جنرل نالج) کے بارے میں جان سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| **درسی کتاب کا جائزہ**<br>ٹرینر اس سیشن میں چند اہم مراحل کے تحت شرکاء کو کتاب کا بغور مطالعہ کرنے کے لیے کہے اور یہ دیکھے کہ اس کتاب کی تدریس کے بعد طلباء کے حاصلاتِ تعلّم کیا ہونے چاہیے۔ اس کے بعد شرکاء کو کتاب میں دیئے گئے بنیادی تصوّرات سے آگاہ کرنا اور یہ بتانا کہ ان کو طریقہ تدریس میں کیسے استعمال کیا جائے گا۔<br>**سرگرمی نمبر 1:**<br>ٹرینر اپنی بات کا آغاز کرتے ہوئے شرکاء سے کہے کہ اکثر اوقات تمام معلومات اور مواد ہمارے پاس موجود یا ہمارے قریب ہوتا ہے۔ لیکن عموماً لوگ پھر بھی مختلف طریقے اور ذرائع ڈھونڈ تے ہیں جن کے ذریعے وہ کسی بھی کام کو بہتر انداز میں کر سکتے ہیں۔<br>ایک کہاوت ہے کہ صرف کسی درخت کو دور سے دیکھنے سے اندازہ نہیں لگایا جا سکتا کہ اُس کی ساخت کیسی ہے؟ جب تک اُس کا بغور مشاہدہ نہ کیا جائے کیونکہ عموماً دور سے دیکھنے پر سب درخت ایک ہی جیسے معلوم ہوتے ہیں لیکن جب تک ہم اُس کے قریب نہ جائیں یا کسی ماہر اور تجربہ کار سے نہ پوچھیں تو ہم یہ نہیں جان سکتے کہ اس درخت کی قسم کیا ہوگی اور عمر کتنی ہے؟ اس کی لکڑی کن کن اشیاء کو بنانے میں کارآمد ثابت ہوتی ہے وغیرہ وغیرہ۔ اسی بات کو شرکاء کو بتانے کے لیے درج ذیل سرگرمی کروائیں۔<br>۔ ایک چارٹ پر تین مختلف طرح کی اشکال بنائیں اور ان میں رنگ بھر دیں۔ | 30 منٹ | چارٹس، مارکرز، فلیش کارڈ، بورڈ، ٹرینر کے تیار کردہ چارٹس، اُردو کی کتاب بمعہ ٹیچر گائیڈ |

| | | |
|---|---|---|
| <br>۔ تمام شرکاء کو ایک ایک سادہ فلیش کارڈ دے دیں۔<br>۔ وہ چارٹ جس پر اشکال بنی ہوں اُن کو بورڈ پر لگائیں اور شرکاء سے کہیں کہ وہ ان اشکال کے بارے میں انفرادی طور پر اپنے خیالات کا اظہار کریں۔<br>آپ شرکاء کی طرف سے مختلف طرح کے خیالات جان سکیں گے مثلاً کوئی کہے گا، تین مختلف رنگوں والی اشکال، تو کوئی اُسے جیو میٹری کا نشان بتائے گا جبکہ کوئی اُسے بادل بھی کہے گا، وغیرہ وغیرہ۔ ان اشکال کے بارے میں ٹرینر نہیں کہہ سکتا کہ یہ درست جواب ہے یا غلط وہ صرف تمام شرکاء کے خیالات کو سنے اور اُن کی تائید کرتے ہوئے آگے بڑھے۔ شرکاء کو دوبارہ اشکال والا چارٹ دکھائیں اور کہیں کہ اب آپ<br>گروپ میں اجتماعی طور پر اس چارٹ کو دیکھیں اور ایک دوسرے سے تبادلۂ خیال کرتے ہوئے صرف ایک جملے میں بتائیں کہ ان اشکال کے بارے میں آپ کا کیا خیال ہے۔ اب آپ کو نئے انداز، الفاظ اور خیالات سُننے کو ملیں گے۔<br>اسی بات کو آگے بڑھاتے ہوئے شرکاء کے ساتھ اظہارِ خیال کریں اور اُنہیں اُردو کی کتاب دکھائیں کہ جب آپ اسے دور سے دیکھ رہے ہیں تو آپ کے کچھ اور خیالات ہیں لیکن جب آپ اسے اندر سے دیکھیں گے تو آپ کے خیالات کچھ تبدیل ہو جائیں گے اگر میں آپ سے اس کتاب کے بارے میں پوچھوں تو ہر ایک کی الگ الگ رائے ہو گی جس کی میں حوصلہ افزائی کرتا/کرتی ہوں۔ لیکن آپ کو یہاں یہ بتانا مقصود ہے کہ اُردو کی کتاب پڑھاتے ہوئے ٹیچر گائیڈ سے لازمی استفادہ کرنا ہے اور کتاب کے بنیادی تصوّرات کے مطابق بچوں کو پڑھانا کہ وہ اُردو مضمون اور دیگر معلومات کو اچھی طرح سے سمجھ سکیں۔ اگر آپ اس بات کا اعادہ کریں کہ پیکج "A" کو اصولوں اور ہدایات کے مطابق پڑھایا گیا تو آپ کو خاطر خواہ نتائج حاصل ہوئے اسی طرح پیکج "B" کی یہ اُردو کی کتاب جس میں آپ نے کتاب اور ٹیچر گائیڈ کو ایک ساتھ لے کر بڑھنا ہے۔ اگر آپ اپنی توجہ ٹیچر گائیڈ کی طرف رکھیں گے تو آپ کو یہ کتاب پڑھانے میں کوئی مسئلہ نہیں ہو گا، ہر ایک کی اپنی رائے ہوتی ہے۔ لیکن ہم نے اس کتاب کو لکھنے والے کے تصوّرات اور اصولوں پر عمل کرتے ہوئے مکمل کروانا ہے۔ | 30منٹ | |

**اُردو کتاب کے عنوانات اور دیگر مضامین کی شمولیت**

## سرگرمی نمبر2:

- تمام شرکاء کو اُردو کی کتاب اور ٹیچر گائیڈ دی جائیں گی۔

| کل اسباق | اُردو | معاشرتی علوم | سائنس | جنرل نالج | زندگی کی مہارتیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

- تمام شرکاء سے کہیں کہ پہلے اُردو کی کتاب کو اچھی طرح سے دیکھیں اور اس بات کو جانچیں کہ اس کتاب میں بچوں کی صلاحیت اور استعداد میں اضافہ کے لیے کون کون سے عنوانات موجود ہیں اس کی تفصیل کتاب سے پڑھیں۔
- زیرِ نظر کتاب کو ایک مربوط کتاب ثابت کرنا

اِس کتاب میں اُردو کے علاوہ اسلامیات، معاشرتی علوم، سائنس شامل ہیں۔

ٹرینر/سہولت کار کیلئے ضروری ہے کہ وہ مضمون اُردو کو جو کہ غیر رسمی تعلیم میں صرف اُردو کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔اس میں اُردو کے علاوہ اسلامیات، معاشرتی علوم اور سائنس بھی موجود ہے اور ہم طلباء کو بیک وقت قومی زبان کو ذریعہ بنا کر بچوں کو کم وقت اور مختصر مواد کا استعمال کرتے ہوئے تین مزید مضامین کا درس دے رہے ہوتے ہیں۔

## ٹرینرز کے لئے ہدایات

30منٹ

- ٹرینر کو اس طرح کی سرگرمیاں تیار کرنی چاہیئے جس میں ہر سرگرمی کسی نہ کسی مضمون سے متعلق ہو۔
- سرگرمی بناتے وقت اس بات کا خیال رکھا جائے کہ کونسی سرگرمی کس مضمون سے متعلق ہے۔
- سرگرمی کراتے وقت یہ نظر آئے کہ اِس میں کس مضمون سے شرکاء تربیت کو روشناس کرایا جارہا ہے۔
- شرکاء کتاب کے عنوانات کی فہرست کو سامنے رکھتے ہوئے بتائیں کہ اُردو کتاب میں 15 اسباق شامل ہیں۔آئیں دیکھتے ہیں کہ ان میں کون کون سے دیگر مضامین شامل ہیں یہ معلومات دیئے گئے فارمیٹ کے مطابق شرکاء سے لی جائے گی۔

ٹرینر چند ایک شرکاء سے ان کی تفصیلات لے کر بتائیں کہ اُردو مضمون میں یہ تمام

مضامین شامل کیئے گئے ہیں۔

- اُردو کی کتاب کے بعد شرکاء کو ٹیچر گائیڈ دیکھنے کا موقع فراہم کریں اور اُن سے کہیں کہ وہ اس بات کا بخوبی جائزہ لیں کہ ٹیچر گائیڈ میں کن کن سرگرمیوں کی مدد سے سکھایا گیا ہے اور آپ کتنی چیزوں سے پہلے سے واقفیت رکھتے ہیں نیز مزید آپ کن باتوں کے حوالے سے سیکھنا چاہتے ہیں۔
- تمام شرکاء کو تعداد کے مطابق گروپوں میں تقسیم کریں اور ایک ایک چارٹ اور مارکر بھی دیں۔

ٹرینر بورڈ پر ایک ٹیبل بنائے اور شرکاء سے کہے کہ اس کے مطابق اپنی اپنی پیشکش (presentation) تیار کریں۔

**اُردو کتاب کے مقاصد**

**سرگرمی نمبر: 3**

- ٹرینر تمام شرکاء کے ساتھ اُردو کتاب کے بنیادی مقاصد پڑھیں کہ اس مضمون کو پڑھا کر ہم طلباء کو اُردو کے کن کن مقاصد کو حاصل کر سکتے ہیں۔ نصاب کے مطابق اُردو زبان کے بنیادی مقاصد درج ذیل ہیں۔ طلباء کو اس قابل بنانا کہ وہ:
  - اُردو کے حروفِ تہجی، بنیادی الفاظ اور سادہ جملوں کی بناوٹ سمجھ سکیں۔
  - اُردو میں کی جانے والی گفتگو سُن کر سمجھ سکیں، اس کا عمومی تجزیہ کر سکیں اور اسے اپنی روزمرہ زندگی میں استعمال کر سکیں۔
  - اُردو میں گفتگو کر سکیں اور مخاطب کو اپنا مطلب سمجھا سکیں۔
  - نثر اور نظم کو درست انداز میں پڑھ سکیں اور اس کا مطلب سمجھ سکیں۔
  - اُردو لکھ سکیں اور دوسروں تک اپنا مطلب پہنچا سکیں۔
  - عملی زندگی میں بنیادی لسانی ضرورتوں کو اُردو کی مدد سے پورا کر سکیں۔
  - نصاب میں دی گئی معلومات کو استعمال میں لا سکیں۔

۔ شرکاء سے پوچھیں کہ مجموعی طور پر کن کن تصورات کا ذکر کیا گیا ہے؟ ٹرینر خود سے بتائے کہ اُردو کتاب کو مجموعی طور پر چار اہم تصورات کے نقطہء نظر سے دیکھا جا سکتا ہے۔ جیسا کہ

- زبان کی بنیادی مہارتیں (سُننا، بولنا، پڑھنا اور لکھنا)
- معلوماتِ عامہ

| | | |
|---|---|---|
| ■ قواعد اور گرائمر<br>■ مضمون نویسی<br>■ حاصلاتِ تعلّم پر مرکوز معلومات، سرگرمیاں اور پڑھانے کا طریقہ کار<br>ٹرینر شرکاء کی رائے کے بعد اس میں اضافہ بھی کر سکتے ہیں۔<br>۔ٹرینر شرکاء سے کہیں کہ وہ طریقہ تدریس کی ایک فہرست بنائیں جو کہ ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہے۔تاکہ وہ جان سکیں کہ پڑھاتے وقت کن کن طریقہ تدریس کو اپنایا جا سکتا ہے؟اس کے بعد ٹرینر خود سے بتائے۔ یہاں ٹرینر اس مینوئل کے شروع میں دیئے گئے طریقہ تدریس کے بارے میں بتا سکتے ہیں جیسا کہ سابقہ معلومات، آسان سے مشکل کی طرف بڑھنا، بلند خوانی/باآواز بلند پڑھنا، تقریری، بحث و مباحثہ، عملی مظاہرہ کرنا، مشاہدہ کرنا ،انکشافی سرگرمیاں، تحریری کام، گروپ ورک اور سوال وجواب وغیرہ۔<br>۔یہاں ٹیچرز کو اس بات کی تلقین کریں کہ کتاب کے موثر استعمال کے لئے ٹیچر گائیڈ کا استعمال نہایت ضروری ہے۔ کسی بھی درسی کتاب کا مقصد اور اسباق کا حصول ٹیچر گائیڈ میں دیا گیا ہے۔ اساتذہ کے لئے اسباق کے اختتام پر یہ دیکھنا ضروری ہے کہ ٹیچر گائیڈ میں دیئے گئے حاصلاتِ تعلّم (SLOs) کو حاصل کیا گیا ہے کہ نہیں۔ لہذا ٹیچر گائیڈ میں سبق کے متعلق مکمل معلومات اور طلباء کے سیکھنے کے عمل کو تفصیلاً بیان کیا گیا ہے جو کہ ٹیچر کی رہنمائی کے لئے نہایت کارآمد ثابت ہوتے ہیں۔ | | |

سیشن 3.2:

# اُردو پڑھانے کا طریقہ تدریس
# Teaching Strategy of Urdu

کل وقت: 2 گھنٹے

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- اُردو پیکج B کی کتاب کو پڑھانے کا طریقہ کار سمجھ سکیں۔
- پڑھانے کے مختلف مدارج سے آگاہ ہو سکیں۔
- تدریسی عمل میں مختلف سر گرمیوں کی اہمیت و افادیت جان سکیں۔
- دورانِ تدریس کہانی سُنانے کا انداز بیان کے بارے میں جان سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینرز | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| **1۔اُردو حروف کی آوازوں کی دہرائی**<br>▪ ٹرینرز شرکاء سے مختلف الفاظ کی آوازیں پوچھیں تاکہ لفظوں کی درست ادائیگی اور آوازوں کا جائزہ لیا جاسکے۔اس کے بعد تمام حروف کی آوازوں کی دُہرائی کروائی جائے۔ٹرینرز اُردو کے عنوانات کو سامنے رکھتے ہوئے ان کی آوازوں کی پہچان کروا سکتے ہیں۔<br>▪ ٹرینرز شرکاء کو بتائے حاصلاتِ تعلّم کے لیے ''ٹیچر گائیڈ'' پر عمل پیرا ہونا لازم و ملزوم ہے اس کے بغیر پُر لطف تدریسی طریقے کو فروغ نہیں دیا جا سکتا۔ٹرینرز شرکاء سے بورڈ پر کچھ حروف لکھ کر پوچھے کہ ان حروف کو غور سے دیکھیں اور یاد رکھیں۔مثال کے طور پر 'د ک ر، ج، ر، س، ڑ' اس کے بعد شرکاء کو کہیں کہ زبانی ان حروف کو سُنیں لیکن آپ کو یہ حروف تہجی پڑھنے کو کہا جائے تو آپ کے لیے یاد رکھنا مشکل نہیں ہو گا جیسے ''ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح'' اس لیے کہ آپ کی سابقہ معلومات پختہ ہے۔پڑھائی کی مہارت کو بہتر بنانے میں اساتذہ کا نمایاں کردار ہوتا ہے۔اساتذہ مختلف مراحل اور حکمت عملی کا استعمال کر سکتے ہیں۔اساتذہ کو پڑھائی کے دوران درج ذیل حکمت عملی کو فروغ دینا چاہیے۔لہذا پڑھانے کے حوالے سے تین مدارج جو کہ درج ذیل ہیں۔<br>**3۔پڑھنے کے مراحل**<br>پڑھنے کی مہارت کو بہتر بنانے میں اساتذہ کا نمایاں کردار ہوتا ہے۔اساتذہ مختلف مراحل اور حکمت عملی کا استعمال کر سکتے ہیں۔اساتذہ کو پڑھائی کے دوران دی گئی حکمت عملی کو فروغ دینا چاہیے۔ | 30 منٹ | فلپ چارٹس، مارکرز، بورڈ، اُردو کی کتاب بمعہ ٹیچر گائیڈ، ورک شیٹس، ٹرینرز کی جانب سے تیار کردہ چارٹس |

| | | |
|---|---|---|
| لہذا پڑھانے کے حوالے سے تین مدارج ہوتے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔<br>▪ **پڑھنے سے پہلے(Before Reading)**<br>سبق کا عنوان پڑھنے کے لیے طلباء کو ہدایت دیں کہ جو سبق پڑھایا جائے گا اس میں۔ تصاویر،اہم سرخیاں اور عبارات کو غور سے دیکھیں۔<br>۔ایسے الفاظ کو یاد رکھیں جو بہت نمایاں لکھے ہوں۔<br>۔ان الفاظ کو نوٹ کریں جو بار بار لکھے گئے ہوں۔<br>۔ہر پیرا گراف کا پہلا اور آخری جملہ پڑھیں۔<br>▪ **پڑھنے کے دوران(While Reading)**<br>۔پیرا گراف کی چند لائنیں پڑھنے کے بعد طلباء سے مطلب پوچھیں کہ آپ کی کیا رائے ہے۔<br>۔اساتذہ چیک کرتے رہیں کہ ؛<br>۔طالب علم کو کہاں کہاں دشواری ہو رہی ہے۔<br>۔مشکل الفاظ کو بار بار پڑھیں۔<br>۔طلباء مشکل الفاظ کو توڑ کر آوازوں سے پڑھنے میں مدد دیں۔<br>۔کس آواز کو ادا کرنے میں طلباء کو رکاوٹ ہوتی ہے۔<br>۔طلباء سبق کو سمجھ کے پڑھ رہے ہیں۔<br>▪ **پڑھنے کے بعد(After Reading)**<br>۔خود سے پڑھنا۔<br>۔جوڑوں کی صورت میں طلباء ایک دوسرے کو پڑھ کر سُنائیں۔<br>۔مشکل الفاظ کی ادائیگی کروانا۔<br>۔نئے سکھائے جانے والے الفاظ کا مطلب اور اسکا استعمال بتانا۔<br>۔طلباء کو پڑھائے جانے والے سبق کو اپنے الفاظ میں بیان کرنے کو کہیں- یہ عمل لکھ کر یا زبانی بھی ہو سکتا ہے۔<br>۔طلباء کو گروپس میں بٹھائیں اور انھیں کسی سبق کے چند اہم حصے کارڈ یا پرچیوں کی صورت میں لکھنے کو کہیں۔ طلباء سے کہیں کہ وہ ان کارڈز یا پرچیوں کو پڑھیں اور درست ترتیب سے لگائیں۔ اس طرح انکے بار بار پڑھنے سے پڑھنے میں روانی اور بہتری آئے گی۔<br>**سرگرمی نمبر1:**<br>شرکاء کو پڑھانے کا طریقہ واضح کرنے کے لیے ٹرینر عملی طور پر اس سرگرمی کو شرکاء کے ساتھ | 15منٹ | |

| | | |
|---|---|---|
| مثالی سبق | 45<br>منٹ | کرے۔ تمام شرکاء سے اُردو کی کتاب (پیکج۔B) کا صفحہ نکالنے کو کہیں اور اُن سے پوچھیں کہ کیا آپ پڑھ سکتے ہیں کہ اس سبق کا عنوان کیا ہے؟ آپ کو تمام شرکاء اس بات کا جواب دیں گے (ہاں، اس صفحہ پر حمد لکھا ہوا ہے) آپ اپنے شرکاء سے کہیں کہ وہ تھوڑی دیر خود کو کمرہ جماعت میں تصوّر کریں اور اُن سے سے دوبارہ پوچھیں کہ اب میں آپ سے دوبارہ پوچھوں تو کیا سب بتا سکیں گے (اگر اسے بچوں کی سطح پر دیکھا جائے تو ہو سکتا ہے کہ ہر بچہ اس کا جواب نہ دے سکے لیکن اگر اُس نے پیکج "A" کے اصول و ضوابط کے مطابق پڑھا ہے تو وہ آوازوں کی مدد سے خود اُنہیں ملانے کی کوشش کرے گا اور بتائے گا کہ یہ لفظ 'حمد' لکھا ہوا ہے) اس صفحے پر اگر دیکھا جائے تو ایک خوبصورت منظر کشی کی گئی ہے جو کہ حمد کے بہت سے اشعار کے ساتھ مطابقت رکھتی ہے آپ اس صفحہ کی تصاویر کے حوالے سے بات کریں لیکن یہ بات چیت بہت زیادہ لمبی نہ ہو۔ اس کے بعد ٹریز خود اُسی حمد کو پڑھ کر سُنائے اور سُناتے ہوئے اُس کی کوشش ہو کہ ہر لفظ واضح طور پر سُنا جا سکے پھر ٹریز مختلف گروپس کے لوگوں سے بھی "سبق حمد" کو پڑھوائے۔ ٹرینر پہلے سے کچھ ایسے الفاظ منتخب کر لے جن کی آوازیں پوچھنا مقصود ہوں۔ تختہ تحریر پر اُس لفظ کو لکھے اور شرکاء سے پوچھے کہ اس لفظ میں کتنی آوازیں ہیں اُن کی ادائیگی کروائے۔ پانچ مختلف الفاظ کی آوازوں کی ادائیگی کروائے پھر ہر گروپ کو ایک ایک لفظ دیں اور اُن کی آوازوں کی ادائیگی وہ سب کے سامنے آکر پیش کریں۔<br>ٹریز شرکاء کو خود سے کہانی نہ سنائے بلکہ اُن کی پیشکش (presentation) کے دوران کہانی سنانے کے انداز اور طریقہ کار کو مزید بہتر کیا جائے اور نئے طریقہ تدریس سکھائے جائیں۔<br>**سرگرمی نمبر2:**<br>شرکاء سے کتاب کا پڑھائے جانے والا سبق کھلونے کو کہیں اور ان سے پوچھیں کہ آپ اس صفحہ پر کیا دیکھ رہے ہیں۔ شرکاء آپ کو تصویروں کے متعلق معلومات فراہم کریں گے اُن کی سابقہ معلومات کو آگے بڑھاتے ہوئے مزید اضافہ کریں اور بتائیں کہ تصویر کے ذریعے کسی بھی سبق کی تدریس اہم کردار ادا کرتی ہے۔ ذخیرہ الفاظ میں اضافہ ہوتا ہے سب سے بڑھ کر مشاہدے اور سوچنے کی صلاحیتیں پختہ ہوتی ہیں بولنے اور سننے کی مہارت کے ساتھ ساتھ سوالات پوچھنے کی اہم مہارت بھی پیدا ہوتی ہے اور پوچھے گئے سوالات کے جوابات دینے سے طلباء کا اعتماد بحال ہوتا ہے۔ جب اُستاد اس تصوّر کو واضح کرنے لگے تو پہلے ٹیچر گائیڈ ضرور پڑھے تاکہ اُس کے ذہن میں رہے کہ اصل میں یہ تصوّر کس موضوع کے حوالے سے ہے۔ اُستاد کی یہ کوشش ہونی چاہیے کہ تصویر میں دکھائی گئی غیر ضروری چیزوں پر بحث میں وقت ضائع نہ ہو۔ ان معلومات کو بیان کرنے کے بعد سبق پر دیئے گئے مواد کی |


| | | |
|---|---|---|
| طرف توجہ مبذول کروائے اور مختلف الفاظ کی پہلے سے نشاندہی خود کرلے تاکہ جب وہ مواد پڑھے تو نشاندہی والے الفاظ کی آوازوں کی ادائیگی شرکاء سے کرواسکے۔<br>▪ پیشکش(presentation) کے لیے سبق کا پہلا پیراگراف خود ٹریز اور اس دوران خط کشیدہ کیے گئے الفاظ کی آوازوں کی ادائیگی بھی کروائے اور پھر ہر گروپ سے ایک ایک (member) کو پڑھنے کے لیے کہے۔<br>▪ بچوں کی تفہیم (سمجھ) کا جائزہ لینے کے لیے اُسی پیراگراف سے کچھ سوال بھی پوچھے۔ اس کے بعد شرکاء سے پوچھے کہ اس پیشکش (presentation) سے اُنہیں کیا سمجھ آیا؟ اور پھر جہاں ضرورت ہو وہاں شرکاء کو وضاحت دے۔ مزید وضاحت کے لئے شرکاء کو اُردو کے مدارج بتائیں۔<br>**2۔اُردو سبق پڑھانے کے مدارج/مراحل**<br>▪ ٹریز شرکاء سے کہیں کہ جیسا کہ ہم پہلے سیشن میں پڑھانے کے طریقہ کے بارے میں بات کر چکے ہیں۔ لہذا یہ بات واضح ہے کہ پیکج A سے پیکج B کی منتقلی میں طریقہ تدریس بھی پیکج A ہی کی طرح ہوگا۔ طریقہ تدریس میں چند اہم مراحل کو شرکاء کی مدد سے بورڈ پر تحریر کریں۔ جو کہ درج ذیل ہیں۔ مزید معلومات کے لئے مثالی سبق (Model Lesson) دیکھیں۔<br>**سرگرمی**<br>▪ تربیت کار شرکاء ترتیب سے کہ کوئی بھی سبق پڑھانے/شروع کرنے سے پہلے آمادگی کی کوئی بھی سرگرمی کرانا ضروری ہے۔<br>مثلاً اگر آپ نے کہانی سے متعلق سبق پڑھانا ہو تو کتاب کھولنے اور سبق شروع کرنے سے پہلے چند سوالات/کوئی چھوٹا سا واقعہ یا اُس سبق سے متعلق کچھ تدریسی مواد دیکھانے کیلئے اس کے پاس موجود ہو۔ اگر آپ نے کہانی کے حوالے سے سبق پڑھانا ہو تو اپنے بچپن کے اُن دِنوں کا ذِکر کریں جب آپ کو دادا، دادی کہانی سنایا کرتے تھے۔ ساتھ ساتھ کہانی کی افادیت کے بارے میں اُن کو کہانی/سبق کے عنوان سے متعلق پانچ منٹس پر مشتمل ایک مختصر تعارف اِس انداز میں کرالیں کہ شرکاء ہی آپ کو بتانے کے قابل ہو جائیں کہ اب یا آج ہم نے کونسا موضوع پڑھنا ہے۔<br>اگر آپ نے کوئی نظم یا کوئی سبق پڑھانا ہے۔ مثلاً اگر حمد پڑھانا ہو۔<br>تو سبق شروع کرنے سے پہلے درج ذیل سوالات پوچھیں؛<br>ہم سب کو کس نے پیدا کیا ہے؟<br>اِس تمام کائنات کو بنانے والا کون؟ | | |

15 منٹ

عزت اور ذلت دینے والا کون ہے؟

**ا۔ تصویر دِکھا کر سبق کا آغاز کرنا**

پیکج B کی اُردو کی کتاب میں دی گئی تصویر دکھا کر سبق کا آغاز شروع کریں اور اس سے کہانی کے بارے میں بات چیت شروع کریں۔ تصویر سے متعلق چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیں۔ اس طریقے سے طلباء جان جائیں گے وہ کس چیز کے بارے میں پڑھنے جا رہے ہیں اور اس کا مقصد کیا ہے۔




**۲۔ سبق پڑھانے کا طریقہء کار**

طلباء سے کہیں وہ تصویر کے ساتھ دی گئی تحریر کو خود سے پڑھنے کی کوشش کریں۔ جو لفظ مشکل لگے اُن کے نیچے لائن لگالیں۔ اس کے بعد ٹیچر طلباء سے کہیں کہ سب مل کر اس سبق کو پڑھتے ہیں جس کا آغاز طلباء ہی کریں گے جو لفظ طلباء نہیں پڑھ پائیں گے وہ لفظ ٹیچر توڑ کر حروف کی آوازوں کی مدد سے اُن کو خود سے پڑھنے میں مدد دے۔ اس کے بعد ٹیچر طلباء کے ساتھ مل کر اِس سبق کو پڑھے۔ اجتماعی طور پر پڑھنے کے بعد ایک بار طلباء سے کہیں کہ وہ خود سے سبق کو پڑھیں۔ تاکہ طلباء سبق روانی اور سمجھ کے پڑھ سکیں۔ ٹیچر مشکل الفاظ کے معنی طلباء کو ضرور بتائے۔

**۳۔ سبقی مشق کروانا**

پڑھنے کے بعد ٹیچر طلباء کو درسی کتاب میں پڑھنے اور لکھنے کی مشق کروائے جسکی ہدایات درسی کتاب کے ساتھ ساتھ ٹیچر گائیڈ میں بھی دی گئی ہیں۔ اِن سوالات سے ٹیچر کو طلباء کی سبق کے بارے میں سمجھ بوجھ کا اندازہ ہو جائے گا۔ ٹیچر طلباء سے روزانہ کی بنیاد پر املاء ضرور کروائیں۔

**۴۔ جائزہ لینا**

ٹیچر طلباء سے پڑھے گئے سبق کا جائزہ مختلف انداز میں لے سکتے ہیں۔ جس زبانی و تحریری سوال جواب، تختہ تحریر پر مختلف سوالات (الفاظ معنی، مشکل الفاظ پڑھنا، جملے بنانا، تصویری یا تحریری کہانی لکھنا) اور

کہانی میری زبانی کے طریقے شامل ہو سکتے ہیں۔اس کے علاوہ ٹیچر طلباء کو سبق کا خلاصہ بیان کرے اور پوچھے کہ پڑھے جانے والے سبق کا بنیادی مقصد کیا تھا یہ طریقہ بھی جائزے کے عمل کا اہم حصہ ہے ۔ ٹیچر خود سے بتائے کہ پڑھے جانے والے سبق میں دیگر کون کون سے مضامین شامل تھے۔ ٹرینز شرکاء کو بتائیں کہ طلباء کی کتاب میں دی گئی ورک شیٹس اور مشق چیک کرنا ضروری کام ہے جس پر ٹیچر کے دستخط اور تاریخ بھی موجود ہوں۔ اصلاح کا کام ہوم ورک اور کلاس ورک کے طور پر بھی کروایا جاسکتا ہے۔

**۵۔گھر کا کام/ہوم ورک دینا**

ٹیچر طلباء کو گھر سے کچھ کام کر کے آنے کا کہہ دیں جس سے اُن کی تخلیقی صلاحیت کو بہتر کیا جاسکتا ہے۔ ایسا کام جس میں وہ معلومات کو اپنے والدین، رشتہ دار / دوستوں یا ارد گرد سے اکٹھا کر سکیں۔اس طرح سے طلباء کے سیکھنے کا عمل دیر پا رہتا ہے۔

**گروپ ورک:** ٹرینز شرکاء کو گروپوں میں تقسیم کریں اور اُن کو درج ذیل پیشکش(presentation)تیار کرنے کے لیے کہیں۔ " کوئی بھی ایک سبق منتخب کر کے اوپر دی گئی ہدایات اور سبقی خاکے کے مطابق طلباء کو سبق(lesson plan)تیار کرنے کو کہیں اور اس کو عملی طور پر کر کے دِکھائیں۔ یہاں شرکاء سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کے ساتھ ساتھ ٹیچر گائیڈ کا استعمال ضرور کریں؛تاکہ سکھائے جانے والے سبق کے مقاصد/حاصلات تعلّم کے ساتھ موازنہ کیا جا سکے کہ آیا سبق بمطابق حاصلاتِ تعلّم پڑھایا گیا ہے۔ 15منٹ

آخر میں تمام شرکاء سے رائے لیں کہ اُنھوں نے آج کے دن میں کیا سیکھا اور یہ طریقہ تدریس اُن کے لیے کیسے معاون ثابت ہو گا؟

- ٹرینز شرکاء کو بتائے کہ حاصلاتِ تعلّم کے لیے "ٹیچر گائیڈ" پر عمل پیرا ہونا لازم و ملزوم ہے اس کے بغیر پُر اثر و دلچسپ تدریسی طریقے کو فروغ نہیں دیا جاسکتا۔ٹرینز شرکاء سے بورڈ پر کچھ حروف لکھ کر پوچھیں کہ ان حروف کو غور سے دیکھیں اور یاد رکھیں۔مثال کے طور پر "د ک ر،ج، ر، س، ڑ" اس کے بعد شرکاء کو کہیں کہ زبانی ان حروف کو سُنیں لیکن اگر آپ کو یہ حروف تہجی پڑھنے کو کہا جائے تو آپ کے لیے یاد رکھنا مشکل نہیں ہو گا جیسے "ا ب پ ت ٹ ج چ ح"اس لیے کہ آپ کی سابقہ معلومات پختہ ہیں۔

## 3۔ کہانی سُنانے کی مہارت

سبق کو دلچسپ بنانے کے لئے ضروری ہے کہ سبق کو کہانی کی صورت میں سُنایا جائے تاکہ طلباء سبق کو

| | | |
|---|---|---|
| مثالی سبق<br>(Model Lesson) | 15منٹ | باآسانی سمجھ سکیں۔ٹرینرشرکاءسے پوچھے کہ دلچسپ کہانی سُنانے کے انداز کیا ہو سکتے ہیں؟ شرکاءکے تمام نکات کو مدِّنظر رکھتے ہوئے ٹرینرخود سے بتائیں کہ سبق کو کہانی کی صورت میں سُنانے کے لئے چند اہم باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔<br>ا۔ ٹیچر تمام طلباء کو دائرے کی صورت میں بٹھائیں اور طلباء سے پوچھیں کہ کہانی سُننا کس کس کو پسند ہے؟<br>۲۔ ٹیچر سبق **"کہانی"** کو سُنانے سے پہلے طلباء کوہدایت دیں کہ وہ کہانی کو غور سے سُنیں۔<br>۳۔ کہانی سُناتے وقت ٹیچر اپنے لہجے اور چہرے کے تاثرات کے ذریعے کہانی میں دلچسپی اور تجسس پیدا کرے۔<br>۴۔ کہانی کو ٹھہراوکے ساتھ ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔<br>۵۔ کہانی کے دوران طلباء سے سوال پوچھیں کہ ابھی ہم کس پر بات کر رہے تھے۔ٹیچر پوچھیں کہ کہانی میں آگے کیاہو سکتا ہے؟ جس سے طلباء کی شمولیت اور دلچسپی کو یقینی بنایا جاسکتا ہے۔<br>٦۔ کہانی کے آغاز، درمیان اور اختتام کو واضح بیان کریں۔<br>ے۔ کہانی کو سُنانے کے بعد طلباء سے کہیں کہ یہی کہانی اپنی زبانی سُنائیں۔ٹیچر کوشش کرے کہ 2 سے 3 طلباء سے یہی کہانی سُنیں۔مزید پوچھیں کہ آپ کو کہانی سُن کر کیسالگا؟ کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟<br>ے۔ آخر میں طلباء سے کہیں وہ سُنی گئی کہانی کو لکھ کر دِکھائیں جس میں وہ چند تصاویر کی مدد لے سکتے ہیں۔ ٹیچر یہاں طلباء سے کہیں کہ کہانی چند جملوں کی صورت میں لکھیں۔ ٹیچر بہترین کہانی بیان کرنے والے طلباء کی کہانی کو دیوار پر آویزاں کریں۔تاکہ اُنکی حوصلہ افزائی ہو اور دیگر طلباء کو بھی بہتر کام کرنے کی ترغیب ملے |
| | 15منٹ | **سرگرمی**<br>تربیت کار شرکاءکے گروپس بناکر ایک مختصر کہانی کو جملوں میں تقسیم کرکے گروپس میں موجود شرکاء میں تقسیم کرے گا۔<br>مثلاً (ایک دفعہ کاذکرہے) (ایک کوّاپیاسا تھا) (وہ پانی کی تلاش میں نکلا)وغیرہ<br>کمرہ جماعت میں ایک رسی کمرے کے ایک دیوار سے دوسرے دیوار تک پھیلا کر باندھ لے گا۔اب سہل کارہدایت دے گا کہ آپ میں سے جس کے پاس پہلا جملہ موجود ہو وہ آکر رسی کیساتھ لٹکا دے۔اِسی طرح دوسرا، تیسرا جملہ لگاتے آخر تک کہانی اِسی ترتیب سے مکمل کرلے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| یہاں پر اگر ترتیب میں شرکاء غلطی کرے گا تو کہانی کے تمام جملے لگانے کے بعد تربیت کار ترتیب درست کرنے میں مدد کرے گا۔ | | |

سیشن:3.3 **اُردو گرائمر**

## Urdu Language Rules and Grammar


**کل وقت:** ڈیڑھ گھنٹہ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاءاس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- اُردو گرائمر کے تصوّرات واضح کر سکیں۔
- اسم اور فعل کا استعمال اور ان کے مابین فرق کو جان سکیں۔
- منفی، سوالیہ اور مثبت جملوں کے ساتھ اسم اور فعل کے تصور کو سر گرمیوں کی مدد سے سِکھا سکیں۔
- مختلف اعراب کے ساتھ متعلقہ آوازوں کی ادائیگی اور رموزِ او قاف کے بارے میں جان سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ ٹرینر شرکاءسے کہیں کہ وہ اُردو کی کتاب دیکھ کر بتائیں کہ اُردو کتاب میں گرائمر کے حوالے سے کون کون سے تصورات پائے جاتے ہیں؟ ٹرینر شرکاء کو 10 منٹ دے اور کہیں کہ اہم نکات کو بورڈ پر لکھیں۔<br>▪ ٹرینر شرکاء کو خود سے بورڈ یا چارٹ کی مدد سے بتائیں کہ پیکج B میں اُردو کے کون کون سے گرائمر کے تصورات کو سکھایا جائے گا۔ مثلاً (اسم، فعل، فاعل، مفعول، زمانے، جملے کی ساخت، رموزِ او قاف، تفہیم، واحد جمع، منفی اور سوالیہ جملے، وغیرہ۔) یہ تمام نکات شرکاءکے ساتھ شیئر کریں۔<br>▪ ٹرینر شرکاسے کہیں کہ اب ہم ان تصورات کو سمجھ کر اُردو زبان میں استعمال کرتے ہوئے پہلے باری باری ان کو سمجھتے ہیں۔ (سیشن میں کروائی جانے والی سر گرمیاں روز مرّہ زندگی اور ارد گرد کے ماحول سے مطابقت رکھتی ہیں تا کہ شرکاء کو یہ سمجھایا جا سکے کہ ماحول اور روز مرّہ زندگی کی مثالوں سے بچوں کے سیکھنے کا عمل پختہ اور دیر پا ہوتا ہے۔) | 10 منٹ | پیکج B اُردو کی کتاب، ٹیچر گائیڈ |
| **سر گرمی نمبر1:**<br>ٹرینر شرکاءکے گروپوں کی تعداد کے مطابق ایک چارٹ پر اُردو الفاظ کا ایک معمّہ (پزل) بنائیں یہ پزل آپ کو اُردو کی کتاب کے صفحہ نمبر 54 پر ملے گا آپ نمونہ کے مطابق مزید پزل خود بھی بنا سکتے ہیں۔ | 10 منٹ | |

| | | |
|---|---|---|
| <br>گروپس میں چارٹس دینے کے بعد شرکاء کو صرف 2 منٹ کا وقت دیں اور اُن کے مابین مقابلہ کروائیں کہ مقررہ وقت میں کون سا گروپ زیادہ سے زیادہ الفاظ ڈھونڈ کر اُن کے گرد دائرہ لگائے گا۔ جیتنے والے گروپ کی حوصلہ افزائی کریں اور اس سرگرمی کے بارے میں شرکاء کی رائے لیں۔<br>نوٹ: واضح رہے کہ یہ سرگرمی ٹرینر پہلے خود کرے اور مشاہدہ کرے کہ ایک پزل میں زیادہ سے زیادہ کتنے الفاظ بن سکتے ہیں اور اسی حوالے سے شرکاء کی معلومات میں اضافہ کرے۔<br>**سرگرمی نمبر2**<br>ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ وہ اسم کے بارے میں کیا جانتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کو تمام شرکاء اس بارے میں جواب ہاں کی صورت میں دیں کیونکہ پیکج A کے تحت انگریزی سکھانے میں اسم (Noun) کے بارے میں تفصیلاً بتایا جا چکا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ شرکاء اس بارے میں نہ بتا سکیں لیکن اگر آپ اُن سے کہیں کہ کیا آپ (Noun) کے بارے میں جانتے ہیں تو وہ آپ کو فوراً بتا دیں گے کہ Noun are naming words. یا اس حوالے سے کوئی اور بات بتائیں گے جو انہیں معلوم ہو گی۔<br>ٹرینر شرکاء کے درست جواب پر حوصلہ افزائی کرے اور اُنہیں بتائے کہ جیسے ہم انگریزی میں اس کے بارے میں سیکھ چکے ہیں ایسے ہی اُردو میں بھی اسم کا استعمال کیا جاتا ہے جس کے بارے میں درسی کتاب میں بھی دیا گیا ہے۔ | 10منٹ | |

| | | |
|---|---|---|
| یعنی اِسم سے مراد کسی چیز، جگہ یا جانور کا نام ہوتا ہے (مزید وضاحت کے لیے چارٹ پر لکھی گئی) اِسم کی تعریف دکھایئے اس کے بعد ٹرینر پوچھے کہ فعل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں شرکاء کی طرف سے درست جواب آنے پر اُن کی حوصلہ افزائی کریں اور بات کو آگے بڑھاتے ہوئے بتائیں کہ فعل سے مراد ہے۔ (اس کی وضاحت کے لیے بھی چارٹ پر لکھی ہوئی معلومات شرکاء تک پہنچائیں)۔ آخر میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ اسم کسی کے نام کو ظاہر کرتا ہے اور فعل کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ | | |
| **سرگرمی نمبر3**<br>شرکاء گروپس کی تعداد کے مطابق کارڈز تیار کریں جن کے ایک رخ پر اسم لکھا ہوا ہو اور دوسرے رُخ پر کوئی سی تصویر ہو۔ ٹرینر بتائے کہ میں ایک لفظ بولوں گا/گی۔ اگر وہ اسم ہو گا تو آپ فوراً کارڈ پر اسم والا لفظ سامنے دکھائیں ورنہ کارڈ پر تصویر والا حصہ سامنے کریں۔ مزید ہدایات دیں کہ جیسے ہی کوئی لفظ بولا جائے ویسے ہی کارڈ فوراً سامنے کریں۔ ٹرینر چند ایسے الفاظ بولے جو اسم کے زمرے میں نہ آتے ہوں اور چند ایسے الفاظ ادا کرے جو اسم ہوں۔<br>درست جواب پر ٹریننگ ہال کے اندر شرکاء کی حوصلہ افزائی کریں اور اُنہیں مزید بتائیں کہ یہ سرگرمی آپ کے ساتھ گروپ میں ہوئی ہے لیکن کمرہ جماعت میں یہ سرگرمی تمام بچوں کے ساتھ کرنی ہو گی تاکہ ہر بچے کا تصوّر واضح ہو اور اس سلسلے میں ٹیچر گائیڈ کے پر دی گئی تفصیلات کو غور سے پڑھیں۔ | 15منٹ | |
| **سرگرمی نمبر4**<br>فعل کے تصوّر کے بارے میں مزید سمجھنے کے لیے ایک سرگرمی کروائیں اس سرگرمی کے مطابق شرکاء کو دو ٹیموں میں بانٹ دیں۔ دونوں ٹیموں میں افراد کی تعداد برابر ہونی چاہیے۔<br>ٹیم 'الف' کو ایک کارڈ دیں جس پر ایک ایسا جملہ لکھا ہو جو فعل کو ظاہر کرے۔ ٹیم 'الف' اپنا کارڈ ٹیم 'ب' کو نہیں دکھائے گی بلکہ کارڈ پر لکھے ہوئے فعل کو اشاروں سے کر کے دکھائے گی اگر ٹیم ''ب'' بوُجھ لے کہ اُس ٹیم کا فعل (ایکشن) کیا تھا تو وہ تالیاں بجائیں گے اور اُنہیں پوائنٹس ملیں گے۔ اگر نہ بوجھ سکیں تو پھر ٹیم ''الف'' بتائے کہ کارڈ پر اُن کے پاس کیا فعل لکھا ہوا تھا۔ ٹیم ''ب'' کو بھی اس سرگرمی کا موقع دیا جائے گا۔<br>تربیت کار شرکاء س کے سامنے کچھ جملے ایسے بولے گا جس میں دانستہ طور پر گرائمر کی غلطی کرے گا۔ مثلاً | 15منٹ | |

| | | |
|---|---|---|
| | | میں گزشتہ روز کوئٹہ جاؤں گا۔ اکرم کوئٹہ آئے گی۔<br>سلمہ کوئٹہ جائے گا۔ ہم دونوں کھانا کھائے گا۔<br>بچہ روتے ہیں۔<br>**سرگرمی نمبر5**<br>تربیت کار تختہ تحریر پر ایسے جملے جس میں فاعل، فعل اور مفعول کا استعمال ہوا ہو۔ مثلاً<br>بلی دودھ پیتی ہے۔<br>اسلم کتاب پڑھ رہا ہے۔<br>علی گاڑی چلا رہا تھا۔<br>اب ایک شریک کار کو ایک جملے کیلئے ملائے گا اور ان سے جملے میں موجود فاعل، فعل اور مفعول کو علیحدہ علیحدہ کرنے کو کہے گا۔<br>اِسکے بعد تربیت کار کچھ ایسے جملے جس میں ماضی، حال، مستقبل کیلئے استعمال ہونیوالی نشانیوں کا ذکر ہوا ہو۔ مثلاً<br>اسلم سکول جائے گا۔ بلی دودھ پی رہی ہے۔<br>بچے کرکٹ میچ دیکھنے گئے تھے۔<br>اِس میں تربیت کار شرکاء میں سے تین کو بلائے گا۔ ہر ایک سے باری باری ایک جملے کے بارے میں پوچھے گا۔ کہ اس میں ماضی، حال اور مستقبل کو ثابت کرنے کے لئے کن الفاظ کا استعمال کیا گیا ہے۔<br>دونوں ٹیموں کو کم از کم تین تین مواقع فراہم کیے جائیں گے۔ اساتذہ کو مزید ہدایات دیتے ہوئے بتایا جائے گا کہ اس حوالے سے بھی اُردو ٹیچر گائیڈ پر دی گئی سرگرمیاں دیکھیں جنھیں کمرہ جماعت میں کروایا جائے گا تاکہ بچوں پر فعل کا تصوّر بالکل واضح ہو اور وہ اسے اچھی طرح سیکھ جائیں۔<br>ٹرینر کیلئے جاننا ضروری ہے کہ وہ نیچے دی گئی معلومات کے بارے میں شرکاء کو ضرور بتائے۔<br>تربیت کار شرکاء کو اسم، فعل اور حرف کے بارے میں بتانے کیلئے چند جملے تختہ تحریر پر لکھے گا۔ اِسکے ساتھ ہی کچھ فلیش کارڈ پر اسم، فعل اور حرف علیحدہ علیحدہ لکھے گا۔<br>ان کارڈز کو شرکاء ترتیب سے گروپس بنا کر تقسیم کرے گا خیال رہے کہ ہر گروپ میں تینوں چیزیں موجود ہو۔ مثلاً |

| | | |
|---|---|---|
| | 10منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br>20منٹ | (اسم)اسلم،انور، سلمہ، بیل، کتا، پھول وغیرہ<br>(فعل) کھانا،پینا، سونا، جانا، لینا،مارنا وغیرہ<br>(حرف) کی، کا، کے، کو، پر، سے وغیرہ<br>ہر گروپ سے جملے میں موجود فعل، اسم اور حرف کا کارڈ دیکھا کر جملے میں اس کی نشاندہی کرنے کو کہا جائیگا۔<br>▪ **کلمہ**(word)عربی زبان میں لفظ کو کلمہ کہتے ہیں۔<br>**کلمہ** کی تین اقسام ہیں۔<br>1۔**اسم**(Noun)وہ کلمہ ہے جو کسی شخص، جگہ یا چیز کے لیے استعمال ہو۔وہ لفظ جو کسی شخص، جگہ یا کسی چیز کے نام کو ظاہر کرے وہ اسم کہلاتا ہے۔مثلاً عمر، حنا، لاہور، حیدرآباد، کرسی، بلی وغیرہ۔<br>2۔**فعل**(Verb)وہ لفظ جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا پتا چلے اور اُس کام کا تعلق کسی زمانے (ماضی، حال، مستقبل) سے بھی ہو۔ مثال کے طور پر وہ آیا، وہ آیا تھا، وہ آئے گا۔<br>3۔**حرف** : وہ کلمہ ہے جو نہ تو اسم ہو اور نہ ہی فعل ہو مگر اسم اور فعل کو آپس میں ملا کر مطلب پورا کرے۔ مثلا: کی۔ کا۔ کے، کو، تک، پر، سے وغیرہ<br>▪ **فاعل** (Subject)وہ اسم جو کسی کام کرنے والے کو ظاہر کرے مثلاً کھانا سے کھانے والا وغیرہ۔<br>▪ **مفعول**(Object)وہ اسم جو اس شخص یا چیز کو ظاہر کرے جس پر کام کیا گیا ہو۔ مثلاً لکھا ہوا، سُنا ہوا وغیرہ۔<br>**جملہ سازی**<br>ٹریزر بتائے کہ یہ کسی بھی جملے کی ساخت کے تین بنیادی نکات ہیں۔یعنی کہ کوئی بھی جملہ ان تینوں اسم کے بغیر مکمل نہیں ہوتا۔ کوئی بھی جملہ اُس وقت تک مکمل نہیں ہوتا جب تک اُس میں فاعل، فعل اور مفعول موجود نہ ہو مثلاً نجمہ گانا گا رہی ہے۔ سلیم روٹی کھاتا ہے، اکرم کتاب پڑھ رہا ہو گا لیکن یہاں یہ وضاحت کرنا ضروری ہے کہ کچھ جملے ایسے بھی ہیں جو کہ فاعل اور فعل کے استعمال سے با معنی بن سکتے ہیں۔ مثلاً اسلم چلا گیا، بلی بھاگی، نثار آیا۔<br>مثال کے طور پر ''آمنہ کتاب پڑھتی ہے۔''اس میں<br>**آمنہ** فاعل(Subject) |

کتاب — مفعول(Object)


پڑھتی ہے — فعل(Verb)

اس کے بعد ٹرینر شرکاء سے چند مثالیں پوچھیں اور وضاحت لیں۔ پیکج B کی درسی کتاب میں گرائمر کے تمام تصورات کی معلومات مشق میں دی گئی ہے۔ جیسا کہ نیچے تصویر میں دیا گیا ہے۔



**سرگرمی نمبر:7**

اعراب کے درست استعمال کو سمجھانے کے لیے شرکاء کو گروپس میں مختلف ورک شیٹس دی جائیں گی جن میں سے ہر شیٹ پر چند ایسے الفاظ بھی لکھے ہوں جِن پر اعراب لگانا لازم ہو۔ یہ ورک شیٹس کتابوں میں دی گئی ہیں لہذا ٹرینر کتاب میں ہر گروپ کو ایک ورک شیٹ کو مکمل کرنے کو کہے۔

| | | |
|---|---|---|
| | | <br>ٹرینر یہ دیکھے کہ کیااِن اعراب کو ہر آواز کے مطابق درست لگایا گیاہے یا نہیں۔ گروپ کی پیشکش(presentation)کے ساتھ اس سر گرمی کو مکمل کریں۔<br>**رموزاوقاف[1] (Punctuation)**<br>ٹرینر شرکاءسے کہیں کہ اُردو کی کتاب کھولیں اور بتائیں کہ کتاب میں کتنی قسم کے رموز او قاف دیئے گئے ہیں ؟اُنکی نشاندہی کرکے شرکاء کو بتائیں کہ اُردو کی کتاب کے مطابق رموز او قاف کااستعمال بچوں کو شروع سے ہی بتایا گیا ہے۔اُردو کی کتاب کے حاصلاتِ تعلّم کے مطابق مختلف اسباق میں بتایا گیاہے کہ رموزاو قاف کااستعمال بچوں کو سکھایا ہو۔ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ آپ رموزاو قاف کے بارے میں کیا جانتے ہیں ؟<br>ممکن ہے کہ آپ کو شرکاءاس بات کا فوراًجواب دیں اور یہ بھی ممکن ہے کہ شرکاءاس بات کا جواب نہ دے سکیں۔شرکاءپر رموزاو قاف کو واضح کرتے ہوئے بتائیں ہر ایک زبان میں اہل زبان جب گفتگو کرتے ہیں تو کہیں ٹھہر جاتے ہیں تو کہیں نہیں ٹھہرتے یا کہیں کم ٹھہرتے ہیں یا کہیں زیادہ۔اور اس ٹھہرنے اور نہ ٹھہرنے کو بات کے صحیح بیان کرنے اور اس کا صحیح مطلب سمجھنے میں بڑا عمل دخل ہے۔اسی لیے اُردو کا علم رکھنے والوں نے گفتگو کے انداز میں ٹھہرنے نہ ٹھہرنے کی علامتیں مقرر کر دی ہیں جن کو رموزاو قاف کہا جاتا ہے۔ذیل میں کچھ رموزاو قاف کے بارے میں بتایا جارہا ہے۔<br>**ختمہ،وقفِ تام(Full Stop)**<br>ہر جملہ کے اختتام پر یا جملے مکمل ہو جانے پر یہ نشان (۔)لازم ہوتا ہے۔ مثلاًاِس طرح کی |

[1] پیرا گراف یا جملے جن میں رموزاو قاف استعمال ہوئے ہوں اُن ورک شیٹ کی مدد سے سر گرمی کروائیں۔

مشقیں بار بار کریں۔

**کوما/سکتہ (Comma)،**

دو یا دو سے زیادہ کلمات، اسماء افعال اور صفت کے درمیان ٹھہراؤ کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

دی گئی مشق کھلوا کر مزید واضح کرے۔

**وقفہ یا وقف ناقص(Semi Colon) ؛**

دو جملوں یا فقروں کو جن میں باہمی ربط ہو یا باہم ملانا ہو۔ مثال کے طور پر یہ نشان ورنہ، لہٰذا، اگرچہ، لیکن اور پھر سے پہلے آتا ہے اور اکثر ایک سے زائد کتابوں کے حوالے سے بھی آتا ہے۔ اس کا استعمال جملوں کے بڑے بڑے اجزا کے درمیان ہوتا ہے، جہاں سکتہ (،) کی نسبت زیادہ ٹھہراؤ کی گنجائش ہو، جیسے: مستقل مزاجی سے تھوڑا کام بھی بہتر ہے اس کام سے جو مستقل مزاجی سے نہ ہو؛ اس لئے کسی بھی فن میں کمال پیدا کرنے کے لئے استقامت ضروری ہے۔

مثالیں۔

خطا انسان کی؛ بخشش اللہ کی

حکایت سعدی؛ بانگِ دَرا

**رابطہ(Colon) :**

کسی کی تشریح، تفصیل، تصدیق اور اقتباس کے لیے یا کسی تمہیدی جملے کے بعد مثلاً۔ اِرشادِ باری تعالیٰ ہے: (آیت نمبر سے پہلے، صفحہ نمبر سے پہلے بھی اس نشان کا استعمال کیا جاتا ہے (لمبے اقتباس یا فہرست کو پیش کرتے وقت:۔

خلاصہ کلام یہ ہے۔ مختصر کلام یہ ہے۔ وغیرہ کی جگہ یا سب ہیڈ نگ کے لیے:۔

**علامتِ تعجب (Exclamation Mark) !**

یہ اس وقت استعمال کیا جاتا ہے جب کسی سے بات کی جا رہی ہو۔ اور اس میں خوشی، حیرت یا رنج کا اِظہار کیا جا رہا ہو۔

مثلاً واہ! واہ! کیسا اچھا منظر ہے۔ اُف! آج کتنی گرمی ہے۔

**سوالیہ(Sign of Interrogation) ؟**

کسی سوال یا سوالیہ جملہ کے اختتام پر؟ سوالیہ نشان لگتا ہے۔

آپ کیا نام کیا ہے؟ /یا/ آپ کا نام کیا ہے؟

| | | |
|---|---|---|
| وہ کہاں گیا؟<br>**علامتِ وقف یا واوین (Inverted Comma) (“ ”)**<br>کسی کی کہی ہوئی بات کو لکھتے وقت اس کے شروع اور آخر میں اس علامت کا استعمال ہوتا ہے<br>مثلاً: امی نے پوچھا، ’’آج کیا پکاؤں‘‘؟<br>**قوسین (Semi Bracket) ( )**<br>جہاں تشریح کے لیے (مزید وضاحت) یا (حوالہ) درکار ہو مثلاً ذاتی صفائی: جِسم، (ناک، کان، بال، ناخن، آنکھیں، منہ، دانت، کپڑے وغیرہ.) ٹرینر یہ تفصیلات دینے کے بعد تمام گروپس کو کہیں کہ وہ طلباء کی درسی کتاب میں سے رموزِ اوقاف کی نشاندہی کریں اور طلباء کی مشق کا طریقہ کار بھی دیکھیں۔ شرکاء سے پورے سیشن کا خلاصہ بیان کرنے کو کہیں۔ | | |

سیشن:3.4

# مضمون نویسی

## Essay Writing


کل وقت:45منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاءاس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- مضمون نویسی کے متعلق تفصیلاً جان سکیں۔
- مضمون نویسی کے حصّوں اورانکے استعمال کے بارے میں معلومات حاصل کر سکیں۔
- کمرۂ جماعت میں طلباء سے مضمون لکھوا سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ شرکاء سے مضمون لکھنے کے حوالے سے بات چیت کریں کہ پیکج "A" کے تحت کیا ہم نے بچوں کو مضمون لکھنے کی طرف گامزن کیا تھا؟ تو یقیناً سب شرکاء ''ہاں'' میں جواب دیں گے۔ شرکاء سے دوبارہ ٹرینر پوچھے کہ جو مضمون لکھنا سکھایا گیا تھا اُس کی کیا کیا خاص باتیں تھیں۔<br>شرکاء بتائیں گے کہ<br>ا۔ تین یا چار جملوں کا مضمون لکھوانے کی طرف توجہ دی گئی تھی۔<br>۲۔ بچے کی صلاحیت کو جانچا گیا تھا کہ وہ سمجھ کے ساتھ کم سے کم چار یا اُس سے زیادہ جُملے لکھ سکتا ہے۔<br>۳۔ آہستہ آہستہ اُسے آسان سے مشکل کی طرف لے کر گئے تھے۔<br>▪ اسی طرح کے مزید خیالات شرکاء کی طرف سے ہو سکتے ہیں ٹرینر واضح کرے کہ پیکج B کے تحت ہم مزید ایک قدم آگے بڑھ گئے اور آسان سے مشکل کی طرف جا رہے ہیں۔ اس کتاب میں اُردو کے مختلف مضمون لکھنے کے لیے باقاعدہ ورک شیٹس کتاب میں دی گئی ہیں اور بچوں کو مضمون لکھنے کی باقاعدہ ترغیب دلائی جا رہی ہے کہ جو باتیں بچے اُس سبق سے سیکھ چکے ہیں۔ اُن باتوں کو مضمون کی صورت میں لکھ دیں۔ | 10منٹ | چارٹس،مارکرز، بورڈ |

| | | |
|---|---|---|
| | 10منٹ | <br>▪ طلباء کے ذخیرہ الفاظ میں اِضافہ کر چکے ہیں۔ مختلف الفاظ کے معنی اور جملوں سے واقفیت حاصل کر چکے ہیں۔ مختلف جملوں کو اپنے الفاظ میں بتا چکے ہیں آج میں آپ کے ساتھ مضمون نویسی کے حوالے سے چند خاص باتیں بیان کروں گا/گی۔ آپ اُن کا خیال رکھتے ہوئے اپنی اُردو کی کتاب کے متعلقہ سبق اور ورک شیٹ میں دی گئی سر گرمی کے مطابق بچوں سے مضمون لکھواتے وقت اُنہی باتوں کا خیال رکھیں گے۔<br>**مضمون نویسی**<br>▪ کسی بھی واقعہ، چیز یا شخصیت کے بارے میں اپنے خیالات تحریر کرنا مضمون نویسی یا مضمون لکھنا کہلاتا ہے۔ مضمون نویسی کے لیے ضروری ہے کہ آپ جس موضوع پر لکھ رہے ہوں اس کے بارے میں آپ کو معلومات ہوں، آپ کے خیالات واضح ہوں اور ان کی ترتیب درست ہو۔ مضمون: تین حصّوں پر مشتمل ہوتا ہے۔<br>(i)تمہید(تعارف) Introduction<br>(ii)متن(معلومات،اہم باتیں،خیالات)Body<br>(iii)اختتام(کوئی خاص بات، کسی مشہور شخصیت کا قول یا،اپنی رائے)Conclusion<br>▪ کسی بھی واقعے کے بارے میں مضمون لکھیں جو آپ نے دیکھا ہو، سُنا ہو یا اخبار میں پڑھا ہو۔<br>آپ کی مدد کے لیے اشارے دیئے گئے ہیں۔<br>**تمہید**: واقعہ کب پیش آیا؟ کہاں پیش آیا؟<br>ا۔ 14اکتوبر2016کی صبح میں--------------------------------- |

| | | |
|---|---|---|
| ۲۔ دو سال پہلے جب میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔سال کا تھی/کی تھی۔<br>**متن** : کیسے ہوا؟ کیا کیا ہوا؟ ضروری تفصیلات<br>۱۔ واقعہ ترتیب سے لکھیے۔ اس کے بعد، پھر۔ فوراً ہی، دیکھتے ہی دیکھتے۔۔۔۔۔۔۔ یہ الفاظ بیان کے دوران استعمال کیجیے تاکہ بار بار 'پھر' کا استعمال نہ کریں۔<br>**اختتام** : کوئی خاص بات، واقعے کی وجہ، آپ کی رائے<br>کیا اس واقعے سے کسی طرح بچا جا سکتا تھا؟ آئندہ کے لیے کیا احتیاط کرنا ضروری ہے؟<br>۱۔ آج بھی میں سوچتا/سوچتی ہوں کہ<br>۲۔ سچ ہی کہا ہے کسی نے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔<br>**سرگرمی نمبر2**<br>تمام شرکاء کو گروپوں میں الگ الگ سرگرمی دیں کہ وہ تربیتی ہال، کمرۂ جماعت یا اردِ گرد کے ماحول سے کسی عنوان پر مضمون لکھیں جیسے،<br>**پہلا گروپ** : گھر پر سبزیاں لگانے کے فائدے،<br>**دوسرا گروپ** : میرا پسندیدہ کھانا<br>**تیسرا گروپ** : میری پسندیدہ کہانی<br>**چوتھا گروپ** : ہمارا اسکول<br>یہ تمام مضامین شرکاء کی پیشکش (presentation) سے جانچیں کہ سب سے اچھا مضمون کس نے پیش کیا اور اُن کی حوصلہ افزائی کریں۔ | 20منٹ | |

# 4-انگریزی(English)

کل سیشن:6

کل وقت:7 گھنٹے30 منٹ

سیشن:4.1 **انگریزی کتاب کا مجموعی جائزہ**

**Cumulative Overview of English Book**

**کل وقت:** 1 گھنٹہ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- پیکج B کے لئے تیار کردہ انگریزی کی کتاب اور ٹیچر گائیڈ کے بارے میں جان جائیں۔
- انگریزی کی کتاب میں دیئے گئے عنوانات کو جان سکیں۔
- انگریزی کی کتاب اور ٹیچر گائیڈ کے باہمی ربط کو عملی طور پر سمجھ سکیں۔

| ریسورس میٹریل | وقت | ہدایات برائے ٹرینر |
|---|---|---|
| انگریزی کی کتاب بمعہ ٹیچر گائیڈ، چارٹ، مارکر، فلیش کارڈز، چاک، تختہ تحریر , فارم | 15 منٹ | **پیکج A کے طریقہ تدریس کا جائزہ**<br>▪ ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ ہم پیکج A میں کن کن طریقہ تدریس کے تحت طلباء کو پڑھاتے رہے ہیں؟ شرکاء کے جوابات کو بورڈ پر لکھیں۔ یہاں شرکاء کے ممکنہ جوابات کچھ یوں ہو سکتے ہیں کہ آوزوں کے طریقہ تدریس، پہلے سے موجود معلومات کے ذریعے پڑھانا وغیرہ وغیرہ۔<br>▪ ٹرینر "انگریزی پیکج "B" سے شرکاء کو متعارف کروانے سے پہلے ان سے انگریزی پیکج "A" کا فیڈبیک لے اور ان سے پوچھے کہ پیکج "A" میں بچوں نے کیا کیا سیکھا تھا؟ شرکاء کی طرف سے آنے والے جوابات کو ٹرینر بورڈ پر لکھے۔ اس سلسلے میں ٹرینر کا خود پیکج "A" سے پوری طرح واقف ہونا بہت ضروری ہے تاکہ وہ صحیح طریقے سے جائزہ لے سکے۔ اس کام کے لئے ٹرینگ میں تمام شرکاء کو ایک فارم دیا جائے گا۔ تاکہ شرکاء اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں۔ یہ کام گروپ ورک کی صورت میں بھی کروایا جا سکتا اور انفرادی طور پر بھی۔ ٹرینر آخر میں تمام شرکاء سے پیشکش (presentation) بھی لے۔<br>**پیکج B کے عنوانات اور تصورات کا تعارف**<br>▪ پیکج B کے کل 11 اسباق ہیں جن میں زبان دانی کے ساتھ ساتھ روزمرہ زندگی کے بارے میں شعور اور معلومات دی گئی ہے۔ ٹرینر شرکاء کو پیکج B میں دیئے گئے عنوانات کی فہرست دکھائے جو کہ درج ذیل ہے۔ |

45منٹ

## Table of Contents


| Serial No. | Lessons | Page No. |
| --- | --- | --- |
| 1 | Love For Children | 1 |
| 2 | This is Me | 14 |
| 3 | My Country Pakistan | 29 |
| 4 | Eid-Ul-Fitr | 39 |
| 5 | Road Safety | 48 |
| 6 | Morning Time | 61 |
| 7 | Sports | 77 |
| 8 | Natural Resources | 88 |
| 9 | Pretending | 97 |
| 10 | A Visit to a Doctor | 104 |
| 11 | Introduction to Dictionary Skills | 109 |


- مزید بتائیں کہ پیکج B میں درج ذیل تصورات دیئے گئے ہیں۔
  - Use of Dictionary
  - Short and Long Vowel sounds
  - Digraph
  - Disyllable Words
  - Parts of Speech
  - Sight Words
  - Tenses
  - Sentence Structure (Simple)
  - Paragraph writing
- انگریزی کی کتاب تمام شرکاء کو دیں اور گروپس میں بٹھائیں۔

پہلا گروپ : انگریزی کی کتاب کے Chapter1-2 تک۔

دوسرا گروپ : انگریزی کی کتاب کے Chapter3-4 تک۔

تیسرا گروپ :انگریزی کی کتاب کے Chapter5-6 تک۔

چوتھا گروپ : انگریزی کی کتاب کے Chapter7-8 تک۔

پانچواں گروپ : انگریزی کی کتاب کے Chapter 9-11 تک۔

- ٹرینرز شرکاء کو ہدایات دے کہ وہ ان Chapters میں دیئے گئے عنوانات کی فہرست بنائیں اور چارٹ پر تحریر کریں اور جب تمام گروپ اپنی پیشکش (presentation) تیار کرلیں تو باری باری سامنے آکر پیش کریں۔ ٹرینرِ گروپ ورک میں اِس بات کا خیال رکھے کہ اِن اسباق میں بہت سے پہلوؤں اور تصورات کو اکٹھا کیا گیا ہے۔ ٹرینرز شرکاء سے کہے کہ ٹریننگ کے دوران دی جانے والی اہم معلومات کو ضرور نوٹ کریں۔ پیکج B میں دی گئی چند اہم معلومات کا شرکاء کو بتانا نہایت ضروری ہے جو کہ درج ذیل ہیں:

**ا۔** پہلے تین اسباق کی معلومات کو پیکج A کی ترتیب کے مطابق تیار کیا گیا ہے تاکہ طلباء آسانی سے پیکج B میں دی گئی معلومات کو سمجھ سکیں۔ ان پہلے تین اسباق میں چند اہم تصورات کی دہرائی کراوائی گئی ہے جن میں آوازوں کی دہرائی، Long & Short Vowels، Syllable, Silent Words, Sight Words وغیرہ شامل ہیں۔

**ب۔** طلباء نئے الفاظ بنانا، جملے بنانے کے ساتھ ساتھ پیرا گراف اور مضمون لکھنا بھی سیکھیں گے۔ ٹرینرز بتائے کہ بنیادی طور پر کتاب کے دو اہم حصے ہیں جو کہ درج ذیل ہیں۔

| Language Skills زبان کی مہارتیں | Grammar گرامر |
|---|---|
| **Listening Skill**<br>**Speaking Skill**<br>**Reading Skill**<br>**Writing Skill** | **Long and short vowels**<br>**Parts of Sentence (SVO)**<br>**Parts of Speech** (Noun, Pronoun, Verb, Adverb, adjective, Conjunctions)<br>**Punctuation(?,.' "": ;!)**<br>**Tenses**: Past, Present and Future<br>**Singular & Plural**<br>**Masculine/ Feminine**<br>**Articles**<br>**Paragraph Writing** |

**د۔** ٹیچر کے لئے ٹیچر گائیڈ کو پڑھنا، اس کے مطابق سبقی منصوبہ بندی کرنا اور حاصلاتِ تعلّم (SLOs) کا روزانہ کی بنیاد پر جائزہ لینا نہایت ضروری ہے۔ تاکہ پیکج B کے اہداف کو حاصل کیا جاسکے۔

**ج۔** ٹیچر پڑھانے سے پہلے سبق کی تیاری ضرور کرلے جو کہ سیکھنے کے عمل کو آسان، بہتر اور موثر بناتا ہے۔ اس طرح ٹیچر پڑھاتے وقت پُراعتماد ہونگے اور طلباء تک معلومات کو بمطابق پیکج B پہنچا سکیں گے۔

- ٹرینرز شرکاء سے پوچھے کہ کتاب اور ٹیچر گائیڈ کا آپس میں کیا تعلق ہے؟ اور ان دونوں کے استعمال اور پڑھانے کے انداز کو کیسے مؤثر بنایا جاسکتا ہے۔ اور بتائے کہ ٹیچر گائیڈ اور کتاب کے استعمال کے وقت مندرجہ ذیل چند اہم باتوں کا خاص خیال رکھے:

  - کتاب اور ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

| | | |
|---|---|---|
| | | • سبقی منصوبہ بندی کے لئے ٹیچر گائیڈ سے نوٹس لیں اور بمطابق ٹیچر گائیڈ سر گرمیوں کو ترتیب دیں۔<br>• سبقی منصوبہ بندی کی تیاری کے بعد اس کی مشق کریں تاکہ سبق پڑھانے میں کوئی دقّت پیش نہ آئے۔<br>• پڑھانے کے لئے سادہ اور عام فہم زبان کا استعمال کریں۔<br>• سبق پڑھانے کے تمام مراحل واضح اور ترتیب وار ہوں تاکہ سیکھنے کا عمل آسان بنایا جاسکے۔<br>• اس بات کی یقین دہانی کرلیں کہ ٹیچر گائیڈ میں دی گئی تمام ہدایات کو سبقی منصوبہ بندی میں شامل کیا گیا ہے۔<br>لہذا ٹیچرز کو چاہئے کہ ٹیچر گائیڈ اور درسی کتاب کا روازنہ مطالعہ کرلے تاکہ پڑھانے کے عمل کو دیرپا بنایا جا سکے۔<br>**پیکج B طریقہ تدریس کی تفصیل**<br>▪ آخر میں ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ پیکج B میں مختلف طریقہ تدریس کو اپنایا گیا ہے تاکہ سِکھانے کے عمل کو دلچسپ اور یقینی بنایا جاسکے۔ ان طریقوں کی تفصیل کچھ یوں دی گئی ہے۔<br>○ Prior knowledge<br>○ Story telling<br>○ Real life examples<br>○ Easy to difficult<br>○ Simple language<br>○ Interaction<br>○ Activity based teaching<br>○ Pictorial description<br>○ Worksheet<br>▪ اوپر بتائے گئے طریقہ کار کو اگلے سیشن میں بھی مزید واضح کیا جائے گا۔<br>▪ آخر میں سیشن کا خلاصہ لینے کے لئے شرکاء کو فلیش کارڈ یا پیپر دیں۔ جس میں سیشن میں بتائی گئی معلومات کے اہم نکات بتانا نہایت ضروری ہیں۔ |

سیشن:4.2 **انگریزی فونکس اور واولز کی دُہرائی**

## Revision of Phonics and Vowels

کل وقت: 1 گھنٹہ 30 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- انگریزی فونکس کی دُہرائی کر کے درست آوازوں کی مشق کر سکیں۔
- Short Vowel Sounds اور Long کو دہراتے ہوئے پیکج B کی کتاب پڑھا سکیں۔
- سرگرمیوں کے ذریعے آوازوں اور واولز کے تصورات کو مزید پختہ کر سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| **فونکس کی دہرائی**<br>▪ ٹرینر شرکاء سے کہے کہ ہم انگریزی حروف کی آوازیں دہرائیں گے اور سمجھیں گے کہ پیکج B میں کس طرح سے مشکل اور نئے الفاظ کو آوازوں کے ذریعے سکھایا جا سکتا ہے۔ اس کے لئے یہ سمجھنا ضروری ہے کہ شرکاء کو انگریزی کے حروف کی آوازوں کی پہچان ہو۔ | 10 منٹ | |
| **سرگرمی:1**<br>ٹرینر شرکاء کو ہدایات دے کہ وہ اپنے نام کے پہلے انگریزی حروف کی آوازوں کو باقی شرکاء کے سامنے آکر بولیں جبکہ باقی شرکاء آواز کو غور سے سُنیں۔ اگر کوئی اپنے نام کی آوازیں درست ادا نہ کر سکے تو ٹرینر شرکاء میں سے کسی اور سے کہے کہ آواز کی دُرست ادائیگی کرے۔ اگر شرکاء تسلی بخش جواب نہ دے سکیں تو پھر ٹرینر شرکاء کو درست آواز کی ادائیگی کی مشق کروائے۔ شرکاء کے ناموں کے علاوہ جن حروف کی آوازیں باقی رہ جائیں تو ٹرینر شرکاء کے ساتھ مل کر ان آوازوں کی مشق کریں۔<br>▪ **سرگرمی نمبر:2**<br>ٹرینر انگریزی کی کتاب میں دیئے گئے چند الفاظ کو منتخب کر کے اِنہیں کارڈ پر پہلے سے لکھے اور ایک ٹوکری میں رکھ دے۔ پھر شرکاء کو گروپس میں تقسیم کر دیں اور ہر گروپ میں بنائے گئے کارڈ تقسیم کر دیں۔ ٹرینر کسی بھی حرف کی آواز نکالے اور شرکاء اس آواز سے شروع ہونے والے الفاظ کو الگ کریں۔ جو گروپ سب سے پہلے الفاظ الگ کرے وہ گروپ جیت جائے گا۔ ٹرینر اِس | 25 منٹ | انگریزی حروف تہجی کے فلیش کارڈز، انگریزی کی کتاب، کارڈز |

انگریزی حروف تہجی کے فلیش کارڈز، انگریزی کی کتاب، کارڈز

25منٹ

مشق کو تین سے چار بار کروائے۔اِس سرگرمی سے ٹرینر حروف کی آوازوں کا جائزہ لے سکتے ہیں۔اسی طرح سے چُنے گئے الفاظ کی آوازیں بھی سُنی جا سکتی ہیں۔

ٹرینر کو بتائے کہ انگریزی کتاب کے شروع میں دیا گیا اعادہ/جائزہ والی گیم ضرور کروائیں۔ٹیچر گائیڈ میں اِس گیم کے متعلق مکمل ہدایات درج ہیں۔ٹرینر شرکاء کو ہدایات دے کہ وہ انگریزی کتاب کے ساتھ ساتھ ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہدایات کو پڑھیں اور کوئی بھی ممبر جو پُراعتماد ہو کہ وہ اِس گیم کو کروانے کے لیے تیار ہے اور سامنے آئے اور اپنے باقی ساتھیوں کو عملی طور پر اس گیم میں شامل کرے۔اس سرگرمی سے شرکاء مکمل طور پر آگاہ ہو جائیں گے کہ کمرہ جماعت میں یہ سرگرمی بچوں کو کیسے کروانی ہے؟ ٹرینر بتائے کہ لڈّو کے دانے کو اس گیم پر پھینکیں اور جو بھی بلاک میں معلومات دی گئی ہے اس کو عملی طور پر کر کے دِکھائیں۔




## واولز کی دُہرائی:

- ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ انگریزی میں کتنے اور کون کون سے واولز ہیں؟۔شرکاء کے جوابات کے بعد مزید پوچھے کہ Short Vowel Sounds اور Long میں کیا بنیادی فرق ہے۔مثال دے کر واضح کریں۔یہاں ٹرینر شرکاء کو سوچنے اور آپس میں بات چیت کے لئے تھوڑا سا وقت دے اور اس کے بعد نیچے دی گئی معلومات کو شیئر کریں۔

| Long Vowels | Short Vowels |
|---|---|
| Gate | Axe |
| Eat | Nest |
| Kite | Insect |
| Note | Not |
| Tube | Tub |

Short vowel sound میں Vowel Sound اکثر لفظ کے درمیان میں آتی ہے اور مختصر بولی جاتی ہے۔ جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے مثال کے طور پر Bag, Ten, Pin, Not, Jug

انگریزی حروف تہجی

| | | |
|---|---|---|
| یہاں ٹرینر شرکاء کو مختصر طریقے سے نیچے دیئے گئے واولز کی تعریف بتائے۔<br>“When a **vowel sounds** like its name, give its compete sounds in a word will called a long vowel. If a word with a certain **vowel** in it says the name of the **vowel**, that **vowel** is making a “**long**” sound.” Long vowel sound word usually has two vowels. Examples: Bake, Peach etc.”<br>“A short vowel in any word, does not allow the vowels to generates that vowel’s long vowels sound. For instance; bug is a short vowel sound because there is no long U sound. Other Examples; hat, cat etc.<br>▪ ٹرینر شرکاء سے کہے کہ کتاب میں سے کوئی سے پانچ Long Vowels اور پانچ Short Vowels کو اپنی اپنی کاپیوں پر لکھ لیں۔ شرکاء کے سامنے ایک چارٹ لگایا جائے جس پر دو کالم بنے ہوں اور ان کالم میں Short Vowel اور Long Vowel لکھا ہو ۔ یہ فلیش کارڈز شرکاء میں بانٹ دیے جائیں اور انھیں ہدایات دی جائے کہ جس ممبر کے پاس جو لفظ ہے وہ اس کے متعلقہ کالم میں لگائے کہ یہ Short یا Long Vowel Sound Word ہے۔ جب تمام کارڈز چارٹ پر لگ جائیں تو ٹرینر کارڈز کا جائزہ لے کہ کیا شرکاء نے دی گئی ہدایات پر عمل کرتے ہوئے الفاظ کو متعلقہ کالم میں لگایا ہے۔ اس سر گرمی سے ٹرینر کو اندازہ ہو جائے گا کہ شرکاء نے اس تصور کو کتنا سمجھا ہے اور اگر رہنمائی کی مزید ضرورت ہو تو آسان الفاظ میں دوبارہ انھیں بتایا جائے تاکہ کسی قسم کا ابہام باقی نہ رہے۔ | 30 منٹ | کے فلیش کارڈز, انگریزی کی کتاب، کارڈز |

سیشن:4.3

# انگریزی پڑھانے کا طریقہ تدریس

## Teaching Strategy of English

کل وقت: 1 گھنٹہ 30 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ


- انگریزی پیکج B کے طریقہ تدریس کو سمجھ سکیں۔
- انگریزی سبق کے اہم مراحل کے بارے میں جان سکیں۔
- درسی کتاب اور ٹیچر گائیڈ میں موجود معلومات کا بہتر استعمال کر سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| **انگریزی سبق پڑھانے کے مراحل**<br>▪ یہ سیشن پڑھانے کے عملی مراحل کے بارے میں معلومات فراہم کرتا ہے لہذا ٹرینر شرکاء سے مخاطب ہو کر کہے کہ وہ اُردو مضمون میں بتائے گئے طریقہ کار کو سامنے رکھتے ہوئے انگریزی کا سبق پڑھانے کے مراحل تحریر کریں۔ یہ کام تمام شرکاء انفرادی طور پر کریں۔ چند شرکاء کے جوابات کو سامنے رکھتے ہوئے ٹرینر بورڈ پر پڑھانے کے مراحل کو تختہ تحریر پر تحریر کرے۔اس کام کے لئے شرکاء کتاب اور ٹیچر گائیڈ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔یہاں یہ بات واضح رہے کہ یہ مراحل پہلے بھی شرکاء کو بتائے جا چکے ہیں۔ ٹرینر نیچے دی گئی معلومات شرکاء کو عملی طور پر کر کے دِکھائیں۔ان معلومات کو مثالی سبق (Model Lesson) میں بھی تفصیلاً بتایا گیا ہے۔<br>**1. تصویر دِکھا کر سبق کا آغاز کرنا**<br>کتاب میں دی گئی تصویر دکھا کر سبق **Bookshop** کا آغاز کریں اور تصویر سے کہانی کے بارے میں بات چیت کریں۔ تصویر سے متعلق چھوٹے چھوٹے سوالات پوچھیں۔اس طریقے سے طلباء جان جائیں گے کہ وہ کس چیز کے بارے میں پڑھنے جا رہے ہیں اور اس کا مقصد کیا ہے۔<br>**۲۔ پڑھائی کا طریقہ کار**<br>طلباء سے کہیں کہ وہ تصویر کے ساتھ دی گئی تحریر کو خود سے پڑھنے کی کوشش کریں۔ جو لفظ مشکل | 15 منٹ | انگریزی کتاب اور ٹیچر، حروف تہجی کے فلیش کارڈز تختہ تحریر مثالی سبق (Model Lesson) |

لگے اُس کے نیچے لائن لگا لیں۔اس کے بعد ٹیچر طلباء سے کہے کہ اب سب مل کر اس سبق کو پڑھتے ہیں جس کا آغاز طلباء ہی کریں گے جو لفظ طلباء نہیں پڑھ سکے وہ ٹیچر لفظ کو توڑ کر حروف کی آوازوں کی مدد سے خود پڑھنے میں مدد کرے اور اُس کا مطلب اُردو میں سمجھائے۔اس کے بعد ٹیچر طلباء کے ساتھ مل کر اِس سبق کو پڑھیں۔اجتماعی طور پر پڑھنے کے بعد ایک بار طلباء سے کہیں کہ وہ خود سے سبق کو پڑھے۔تاکہ طلباء کو سبق روانی اور سمجھ کے ساتھ پڑھنا آجائے۔ٹیچر مشکل الفاظ کے معنی طلباء کو ضرور بتائیں۔ٹرینر شرکاء کو یہ بات بھی بتائے کہ اُردو میں پڑھائی کے مختلف مراحل کا ذکر کیا گیا ہے جن کا استعمال انگریزی زبان میں کرنا ضروری ہے۔

**۳۔ مشق کروانا**

پڑھائی کے بعد ٹیچر طلباء کو درسی کتاب میں پڑھنے اور لکھنے کی مشق کروائے جس کی ہدایات درسی کتاب کے ساتھ ساتھ ٹیچر گائیڈ میں بھی دی گئی ہے۔ٹیچر ہدایات کو پڑھ کر مشق کے چند نکات طلباء سے بورڈ پر کروائیں۔ان مشقی سوالات کی مدد سے ٹیچر کو طلباء کی سبق کے بارے میں سمجھ بوجھ کا اندازہ ہو جائے گا۔ٹیچر طلباء سے روزانہ کی بنیاد پر املاء ضرور کروائیں۔



Activity 2

Read the words from the list below saying every sound and write five words with the "Short A" sound as in bat, cat.

| | | | |
|---|---|---|---|
| rat | fat | pan | pull |
| tap | red | get | fan |
| ten | shop | bag | hat |
| hand | kit | bun | and |
| man | bin | sun | has |

1. ____
2. ____
3. ____
4. ____
5. ____

**۴۔ جائزہ لینا**

سبق کا جائزہ مختلف انداز میں لیا جا سکتا ہے۔ جن میں زبانی و تحریری سوال جواب، تختہ تحریر پر مختلف سوالات (الفاظ معنی، مشکل الفاظ پڑھنا، جملے بنانا، تصویری یا تحریری کہانی لکھنا) اور کہانی میر ی زبانی کے طریقے شامل ہو سکتے ہیں۔اس کے علاوہ ٹیچر طلباء کو سبق کا خلاصہ بیان کرنے کو کہے اور پوچھے کہ پڑھے جانے والے سبق کا بنیادی مقصد کیا تھا یہ طریقہ بھی جائزے کے عمل کے

| | | |
|---|---|---|
| | 30منٹ | لئے مفید ثابت ہوتا ہے۔ ٹیچر خود سے بتائے کہ پڑھے جانے والے سبق میں دیگر کون کون سے موضوع شامل تھے۔<br>ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ طلباء کی کتاب میں دی گئی ورک شیٹس اور مشقی سوالات والے کام کا بغور جائزہ لینا ضروری ہے۔ لہٰذا کام کو چیک کرنے کے بعد ٹیچر کے دستخط اور تاریخ ضرور لکھیں۔ اس کے علاوہ غلطی ہونے کی صورت میں طلباء کو اصلاح کا کام ضرور دیں۔ یہ کام ہوم ورک اور کلاس ورک کے طور پر بھی کروایا جاسکتا ہے۔<br>**۵۔ گھر کا کام/ہوم ورک دینا**<br>ٹیچر طلباء کو گھر سے کچھ کام کرنے کو ضرور دیں۔ ایسا کام جس میں وہ معلومات کو اپنے والدین، رشتہ دار/دوستوں یا ارد گرد سے اکٹھا کر سکیں۔ اس طرح سے طلباء کی سیکھنے کے عمل میں دلچسپی بڑھے گی اور وہ معلومات کو دیر تک یاد رکھیں گے۔<br>**مثالی سبق (Model Lesson) تیار کرنا**<br>ٹرینر شرکاء کو گروپوں میں تقسیم کرے اور کہے کہ کوئی بھی ایک سبق منتخب کر کے اوپر دی گئی ہدایت کے مطابق مثالی سبق (Model Lesson) تیار کریں اور اس کو عملی طور پر کر کے دِکھائیں۔ یہاں شرکاء سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کے ساتھ ساتھ ٹیچر گائیڈ کا استعمال ضرور کریں۔ تاکہ سکھائے جانے والے سبق کے مقاصد/حاصلات تعلّم کے مطابق سبق تیار کر سکیں اور بمطابق حاصلاتِ تعلّم پڑھا سکیں۔ اسباق کی پیشکش (presentation) کے بعد ہر گروپ سے پوچھیں کہ کس گروپ نے بتائے گئے سبقی مراحل کے مطابق پڑھایا ہے۔<br>آخر میں تمام شرکاء سے رائے لیں کہ اُنھوں نے آج کے دن میں کیا سیکھا اور یہ طریقہ تدریس اُن کے لیے کیسے معاون ثابت ہو گا؟<br>ٹرینر شرکاء کو کہانی سُنانے کے مراحل کے بارے میں دی گئی معلومات فراہم کرے۔<br>**کہانی سُنانا**<br>سبق کو دلچسپ بنانے کے لئے ضروری ہے کہ سبق کو کہانی کی صورت میں سُنایا جائے تاکہ طلباء سبق کو باآسانی سمجھ سکیں۔ ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ دلچسپ کہانی سُنانے کا انداز کیا ہو سکتا ہے؟ شرکاء کے تمام نکات کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے ٹرینر خود سے بتائے کہ سبق کو کہانی کی صورت میں سُنانے کے لئے چند اہم باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے۔<br>ا۔ ٹیچر تمام طلباء کو دائرے کی صورت میں بٹھائے اور طلباء سے پوچھے کہ کہانی سُننا کس کس کو پسند |

| | | |
|---|---|---|
| ہے؟<br>۲۔ ٹیچر سبق کو کہانی کے انداز میں سُنانے سے پہلے طلباء کو ہدایت دیں کہ وہ کہانی کو غور سے سُنیں۔<br>۳۔ کہانی سُناتے وقت ٹیچر اپنے لہجے اور چہرے کے تاثرات کے ذریعے کہانی میں دلچسپی اور تجسس پیدا کر سکتا ہے۔<br>۴۔ کہانی کو مناسب ٹھہراؤ اور وقفوں کے ساتھ پڑھنا ضروری ہے۔<br>۵۔ کہانی کے دوران طلباء سے سوال پوچھیں کہ ابھی ہم کس موضوع پر بات کر رہے تھے۔ ٹیچر پوچھے کہ کہانی میں آگے کیا ہو سکتا ہے؟ جس سے طلباء کی شمولیت اور دلچسپی کو یقینی بنانے کے ساتھ ساتھ تجسس بھی پیدا ہو گا۔<br>۶۔ کہانی کے آغاز، درمیان اور اختتام کو واضح بیان کریں۔<br>۷۔ کہانی کو سُنانے کے بعد طلباء سے کہیں کہ یہی کہانی اپنی زبانی سُنائیں۔ ٹیچر کوشش کریں کہ 2 سے 3 طلباء سے یہی کہانی سُنے۔ مزید پوچھیں کہ آپ کو کہانی سُن کر کیسا لگا؟ کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟<br>۸۔ آخر میں طلباء سے کہیں وہ سُنی گئی کہانی کو لکھ کر دِکھائیں جس میں وہ چند تصاویر سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔ یہاں ٹیچر طلباء سے کہے کہ کہانی چند جملوں کی صورت میں لکھیں۔ ٹیچر بہترین کہانی بیان کرنے والے طلباء کی کہانی کو دیوار پر آویزاں کرے۔ | 45منٹ | ہینڈ آوٹ |

# انگریزی زبان کی گرائمر

## Grammar of English Language

سیشن: 4.4

کل وقت: 2 گھنٹے

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- پیکج B میں انگریزی زبان کے قواعد اور گرائمر کی اہمیت اور افادیت کو سمجھ سکیں۔
- قواعد اور گرائمر کے طریقہ تدریس کے بارے میں جان جائیں۔
- قواعد اور گرائمر کے بنیادی قاعدوں کے ساتھ ساتھ Parts of speech اور Tenses کو سمجھ سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| **درسی کتاب میں قواعد اور گرائمر کا جائزہ**<br>▪ شرکاء سے کہیں کہ وہ کتاب کا جائزہ لیں اور بتائیں کہ قواعد اور گرائمر کے حوالے سے کتاب میں کون کون سے تصورات کا ذکر کیا گیا ہے۔ ٹرینر شرکاء کی مدد سے ایک فہرست تیار کرے یا بورڈ پر لکھتے ہیں۔ جس میں قواعد اور گرائمر کے اہم عنوانات کو شامل کیا جائے۔<br>**سرگرمی نمبر 1:**<br>ٹرینر Noun, Pronoun, Verb, Adjective, Adverb, Conjunction چارٹس / ملٹی میڈیا یا چارٹ پر لکھ کر شرکاء کو سمجھائے اور ان کی تعریف بتائے۔ اس پوری پیشکش (presentation) میں ٹرینر شرکاء کی شمولیت کو یقینی بنائے۔ | 20 منٹ | مارکرز، چارٹس، ملٹی میڈیا، تحریری فلیش کارڈز، انگریزی کی کتاب اور ٹیچر گائیڈ، تختہ تحریر، چاک |

| Parts of Speech | Definition & Examples |
|---|---|
| Noun | A noun is a word used to name something: a person/ an animal, a place, a thing, or an idea. For example,<br>• Sadia, Hina, Saba, Musa<br>• Japan, Lahore<br>• pencil, store, music, air |
| Pronoun | A pronoun is a word that replaces a noun. I, you, he, she, this. For example, **She** likes pink colour. |
| Verb | Verb expresses action or being. For example |

| | |
|---|---|
| | run, write , wash etc |
| Adjective | Adjective is a word which describes a noun. For example(fast, big, expensive) etc. |
| Adverb | An adverb is a word that modifies an action verb, an adjective or another adverb. For example: The teacher **carefully** graded the homework. Carefully is an adverb that modifies the action verb to grade. |
| Preposition | Preposition is a word that shows the relationship between a noun or a pronoun and some other element in the rest of sentence. For example: The cat is **on** the roof. |
| Conjunction | Conjuction joins together words and phrases. For example: for, and, but , or, yet, so, because, although, etc, |
| Interjection | Interjections shows sudden feelings in sentences.It also has exclamation mark in sentence. For example: Oh!, Wow!, Ouch! Oops! Hey! |

- **سر گرمی نمبر2:**

30منٹ

ٹرینر شرکاء کا جائزہ لینے کے لیے اُن Parts of Speech کے متعلق پوچھے۔ان میں انفرادی طور پر فلیش کارڈز تقسیم کرے۔ان فلیش کارڈز میں ایسے الفاظ لکھے ہوں۔ جن کا تعلق Noun, Pronoun, Verb, Adverb, Adjective ,conjunction سے ہو۔ٹرینز بورڈ یا چارٹ پر 6 کالم بنائے اور ان کالم میں Parts of Speech لکھے اور شرکاء کو ہدایات دے کہ وہ اپنے فلیش کارڈ پر لکھے ہوئے لفظ کو غور سے پڑھیں اور سامنے آکر اس لفظ کو متعلقہ کالم میں چسپاں کریں۔

20منٹ

جب تمام شرکاء اپنے اپنے فلیش کارڈز لگالیں تو ٹرینز تمام شرکاء سے پوچھے کہ کیا تمام فلیش کارڈز متعلقہ کالم میں لگے ہیں یا تصیح کی ضرورت ہے۔اگر شرکاء میں سے کوئی ممبر نہ بتا سکے تو ٹرینز خود جائزہ لے اور جہاں کمی محسوس کرے شرکاء کی رہنمائی کرے۔اس سر گرمی کے ذریعے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ شرکاء نے کتنا سیکھا ہے۔

یادرہے کہ شرکاء اپنی آسانی کے لئے ٹیچر گائیڈ ضرور استعمال کریں۔

- **سر گرمی نمبر3**

ٹرینر شرکاء کو چھ گروپس میں بٹھائے اور اُن میں Parts of Speech درج ذیل طریقے سے تقسیم کردے۔

*پہلا گروپ Noun

*دوسرا گروپ Pronoun

*تیسرا گروپ Verb

*چوتھا گروپ Adjective

*پانچواں گروپ Adverb

*چھٹا گروپ Conjunctions — 20منٹ

ٹرینر شرکاء سے کہے کہ وہ درسی کتاب میں سے بمطابق گروپس سرگرمیوں کی نشاندہی کریں اوران سرگرمیوں کو عملی طور پر کر کے دِکھائیں۔ جس کو3Psکے اُصولوں کی روشنی میں بھی دیکھنا ضروری ہے تاکہ سکھانے کے عمل کو پختہ بنایا جاسکے۔

**1. Presentation:** Teach the students topic in slow pace.

**2. Practice:** Ask Students to do some exercise given by you.

**3. Production:** Relate to real life situations.

گروپس اپنا کام3 Ps کے تحت چارٹس پر بنا کر دیوار پر آویزاں کریں اور گیلری واک کریں۔

### زمانے کی حالتیں Tensesسکھانا

- ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ یہ تین الفاظ Present, Past, Future کو پڑھ کر آپ کے ذہن میں کیا خیال آتا ہے ؟اور یہ کہ Tensesسکھانا کیوں ضروری ہے ؟انکے سیکھنے سے کیا فائدہ حاصل ہوتا ہے ؟شرکاء کے جوابات کے بعد ٹرینر خود سے بتائے کہ "Tenses" کسے کہتے ہیں۔عام طور پر یہی جواب ملتا ہے کہ ''زمانوں کو''اور تین زمانے ہیں جسے اُردو میں ماضی ،حال اور مستقبل کا نام دیا ہے جبکہ انگریزی زبان میں ان زمانوں کو Present, Past and Future کہا جاتا ہے۔ٹرینر شرکاء سے یہ بھی پوچھے کہ Present, Past and Future کسے کہتے ہیں؟ شرکاء کے دُرست جوابات دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کی جائے۔ٹرینر خود بھی پیشکش(presentation)دے جس میں ذیل میں دیا گیا تحریری مواد ہو۔

The word "Tense" is derived from the Latin and French word "Tempus". Tempus means time.

**Present Tense** — 30منٹ

A verb that refers to the present time is said to be present tense. The verb of third person singular ends in the simple present tense with "s" or "es" e.g. He reads, He goes, She sings.

* I go to school. * She goes to school.

**Past Tense**

A verb that refers to the past time is said to be past tense. Examples:

| | | |
|---|---|---|
| | | - I met him. - He came here.<br>**Future Tense**<br>A verb that refers to the future time is said to be in the future tense.<br>I /we will play<br>He, she, you, they, will play.<br>I will go to market.<br>- I will help you.<br>▪ ٹرینر شرکاء سے کہے کہ پیکج B کی انگریزی کی کتاب میں سے مثالیں دیکھ کر بتائیں۔<br>**سرگرمی نمبر 2**<br>ٹرینر شرکاء میں سے کسی تین ممبرز کو پہلے سے تیار کرے جو ان تینوں Tenses کے تاج Crowns پہنے ہوئے ٹریننگ ہال میں داخل ہوں۔ نیز ٹرینر شرکاء کو بتائے اور سب کو تین شخصیات سے ملوائے۔ان تینوں شخصیات کا ہماری زندگی سے بہت گہرا تعلق ہے۔آئیں ہم سب مل کر ان کا استقبال کریں۔ان تینوں شخصیات میں پہلے Present پھر Past اور اس کے بعد Future کا Crown پہنے ممبرز ٹریننگ ہال میں داخل ہوں۔پہلے مسٹر Present اپنے بارے میں بتائیں۔پھر مسٹر Past اور اس کے بعد مسٹر Future۔یہ ممبر تختہ تحریر پر اپنے بارے میں لکھتے بھی جائیں۔اس سرگرمی سے بھی شرکاء کو مدد ملے گی کہ وہ بچوں کو tenses سکھانے کے لیے اس طرح کی سرگرمیاں کمرۂ جماعت میں خود یا بچوں سے کروا سکتے ہیں۔ اس کے بعد ٹرینر شرکاء کی مدد سے بورڈ پر تمام Present tense، Past tense، Future tense کے جملے بنائے۔شرکاء انگریزی کی کتاب سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔ٹرینر سرگرمی کے اختتام پر شرکاء سے پوچھے کہ انھیں یہ سرگرمی کیسی لگی اس سرگرمی سے شرکاء کی بھی مشق ہو گی۔یہاں ٹرینر درسی کتاب میں Tenses کے لئے دی گئی ورک شیٹ پر بھی شرکاء کے ساتھ بات کرے۔آخر میں شرکاء سے کہیں کہ سیشن کا خلاصہ بیان کریں۔ |

## سیشن:4.5 جملہ سازی اور پیرا گراف لکھنا


## Sentence Composing and Paragraph Writing

کل وقت: 1 گھنٹہ 40 منٹ


**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- انگریزی زبان میں جملے کی ساخت اور نئے جملے بنا سکیں۔
- انگریزی زبان میں پیرا گراف لکھ سکیں۔

| ریسورس میٹریل | وقت | ہدایات برائے ٹرینرز |
|---|---|---|
| ڈکشنری | 20 منٹ | **ڈکشنری کا استعمال (Use of Dictionary)**<br>شرکاء سے Dictionary کے استعمال کے بارے میں پوچھیں اور کہیں کہ کس کس کو ڈکشنری سے الفاظ کا مطلب دیکھنا آتا ہے۔ پھر شرکاء کو درسی کتاب کا سبق نمبر 10 کھولنے کو کہیں یہ سبق ڈکشنری کے استعمال کے متعلق تحریر کیا گیا ہے۔<br><br>ڈکشنری کا استعمال بتاتے ہوئے طلباء کو alphabetical order یاد کروایا جائے کیونکہ یہ ڈکشنری دیکھنے کا اہم نکتہ ہے۔ یہاں بہت ضروری ہے کہ ٹیچر آسان الفاظ میں طلباء کو سمجھائے کہ ڈکشنری میں بالترتیب a پھر b اور پھر c وغیرہ کے الفاظ آئیں گے۔ اسی طرح' |


| | | |
|---|---|---|
| A'والے الفاظ میں بھی جن الفاظ میں 'A' کے بعد بھی 'a' آتا ہے وہ ترتیب میں پہلے 'A' کے بعد 'b' والے اس کے بعد اور اسی طریقہ کار سے ڈکشنری کے استعمال کی مہارت سیکھائی جاسکتی ہیں۔<br>سبق کی اہمیت پر بات کرتے ہوئے طلباء سے کہیں کہ آئیں اب ہم ڈکشنری میں الفاظ دیکھنا اور پڑھنا سیکھتے ہیں۔ٹرینر شرکاء کو معلومات دیتے ہوئے بتائے کہ جس لفظ کا مطلب ڈھونڈنا ہو اُسے تو نیچے دی گئی تصویر کے مطابق معلومات دے۔<br>اُس کے بعد عملی طور پر ڈکشنری کے استعمال کی مشق کروائیں۔ | 20منٹ | چارٹ، مارکر، پُرانے اخبارات اور رسالوں سے تصاویر |
| **ا۔ جملے بنانا Sentence Composing**<br>▪ ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ ہم نے پیکج A میں سیکھا تھا کہ مختلف حروف سے الفاظ کیسے بنتے ہیں اور چھوٹے چھوٹے جملے کیسے بنائے جا سکتے ہیں۔اب ہم جملہ بنانے کی ساخت اور اسکے بنیادی اصولوں کے بارے میں معلومات حاصل کرتے ہیں۔شرکاء پوچھیں کہ آپ کے خیال میں جملہ کسے کہتے ہیں۔ان کی طرف سے مختلف جوابات موصول ہوں گے۔الفاظ کا مجموعہ یا جس تحریر کا کوئی مطلب ہو وغیرہ۔شرکاء کے ان جوابات کو لیتے ہوئے ایک جامع تعریف انھیں بتائیں کہ<br>“A sentence is a group of words that makes complete sense. There are certain basic rules of grammar that determine the structure of a sentence and the position of different parts of a sentence.”<br>اس کے بعد شرکاء سے پوچھیں کہ کوئی بتا سکتا ہے کہ انگریزی زبان میں جملے کے کتنے بنیادی حصّے ہوتے ہیں؟ شرکاء کے جوابات کے بعد ٹرینر نیچے دی گئی معلومات شرکاء کو فراہم کرے۔<br>“A simple sentence contains three parts, a subject, a verb and an object.”<br>He eats an apple. :e.g.<br>**Subject:** A subject of a sentence is a person or thing doing some action<br>e.g. He eats an apple. In this example, "He" is the subject. He eats an apple.<br>**Verb:** A verb shows the work, which the subject is doing.<br>e.g. He eats an apple. In this example, "eats" is the verb.<br>**Object:** The part of sentence "on which work is done," is called an object.<br>e.g. He eats an apple. In this example, "apple" is the object<br>**سرگرمی نمبر1:** | 20منٹ | |

| | | |
|---|---|---|
| | 40منٹ | ٹرینر شرکاء کو جوڑوں کی صورت میں بٹھائے اور کہے کہ کوئی ایک شریک کوئی بھی کام کرے اور اُس کا ساتھی وہ سارے جملے لکھے۔ جبکہ دوسرا فرد انہی جملوں پر action کرے گا۔ مثال کے طور پر<br>She writes. He reads.<br>ٹرینر شرکاء کو معلومات دے کہ جملے کے مختلف حصوں میں subject ، verb اور object ہوتے ہیں اور اُن کے بارے میں ہم پیکج A میں پڑھ چکے ہیں۔<br>**۲۔ پیرا گراف لکھنا Writing Paragraph**<br>شرکاء سے پوچھیں کہ پیرا گراف کسے کہتے ہیں؟ اس کے بعد بتائیں کہ پیرا گراف جملوں کے مجموعے کو کہتے ہیں۔ لہذا اس کی تعریف انگریزی میں کچھ یوں کی جاسکتی ہے۔ جیسا کہ<br>**A Paragraph is a group of sentences that gives an idea.**<br>- It is a short composition.<br>-- A paragraph starts with a topic sentence.<br>- A paragraph contains supporting details.<br>- A paragraph ends with a concluding sentence<br>لہذا پیرا گراف لکھتے وقت اس کے تین اہم رُکن کا خیال رکھنا چاہئے جیسا کہ<br>A **paragraph** consists of several sentences that give an idea. A **Paragraphs** can have three or more sentences. These three parts are the topic sentence, body sesentenceand the concluding sentence.<br><br>ٹرینر پیرا گراف لکھنے سے متعلقہ معلومات کی پیشکش (presentation) تیار کرے اور شرکاء کے سامنے پیش کرے یہ معلومات انگریزی کتاب میں بھی دی گئی ہے۔ |

### سرگرمی:1

ٹرینر پیشکش (presentation) دینے کے بعد شرکاء کو گروپس میں تقسیم کرے اور اِنھیں مختلف عنوان دے کہ وہ اِن پر 6 سے 7 لائنوں کا پیرا گراف لکھنے کو کہیں۔ مثلاً My teacher, My school, My classroom وغیرہ۔ اس سرگرمی سے شرکاء عملی طور پر ان تمام مراحل کو اچھی طرح سے سمجھ جائیں گے جو آپ نے پیرا گراف لکھنے کے اصول و ضوابط اُنھیں بتائے تھے۔ اِس کے بعد شرکاء سے پیشکش (presentation) لی جائے اور اِن کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ وہ کمرہ جماعت میں ایک Web کی صورت میں بھی بچوں کو پیرا گراف لکھنا سکھا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر بورڈ پر ایک دائرہ بنایا جائے اِس دائرے کے اندر عنوان (Topic) لکھا جائے اور اِس دائرے کے ارد گرد اس عنوان (Topic) کے متعلق معلومات لکھیں جس کا خاکہ ذیل میں دیا گیا ہے۔ شرکاء کو سمجھایا جائے کہ اِس طرح کے خاکے سے بچوں کو پیرا گراف لکھنے کی مشق کروائی جاسکتی ہے۔



# 5-ریاضی(Mathematics)

کل سیشن:8

کل وقت:9 گھنٹے

## سیشن 5.1: ریاضی کی کتاب کا تعارف

## Cumulative Overview of Mathematics’ Book

کل وقت: 1 گھنٹہ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- غیر رسمی تعلیم کے لئے تیار کردہ ریاضی کی کتاب اور ٹیچر گائیڈ (Package B) سے متعارف ہوں۔
- کتاب میں دیئے گئے تصورات کو سمجھ کر ان کی فہرست بنا سکیں اور طریقہ تدریس سے واقفیت حاصل کر سکیں۔
- کتاب اور ٹیچر گائیڈ کے باہمی ربط کو عملی طور پر اساتذہ کے سامنے پیش کر سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| **پیکج A کی ریاضی کے تصورات کا جائزہ**<br>▪ ٹرینر شرکاء سے پوچھیں کہ ریاضی پیکج "A" کے حوالے سے کیسا تجربہ رہا اور آپ نے پیکج "A" میں کیا سیکھا؟ یہاں ٹرینر خود سے نوٹس لے تاکہ ریاضی پیکج "B" کو متعارف کروانے میں مدد مل سکے۔<br>ٹرینر آغاز میں شرکاء سے پیکج "A" کے حوالے سے بات چیت کریں کہ:<br>▪ پیکج "A" میں آپ (شرکاء) نے بچوں کو ریاضی کے کون کون سے تصوّرات سکھائے؟<br>▪ اساتذہ نے جب یہ تصوّرات کمرۂ جماعت میں بچوں کو سکھائے تو اُنھیں کیا کیا کامیابیاں حاصل ہوئیں؟<br>▪ شرکاء کی طرف سے آنے والے جوابات کو ٹرینر تختہ تحریر پر لکھے۔ جس محنت اور لگن سے اِنھوں نے پیکج 'A' کو مکمل کیا اِسی طرح پیکج 'B' میں جو تصوّرات دیئے گئے ہیں وہ بھی سرگرمیوں کے ذریعے بچوں کو سکھانے ہیں۔ اِس کے بعد ان نکات کو لیتے ہوئے ٹرینر شرکاء کی حوصلہ افزائی کرے اور انھیں باور کروائے کہ پیکج 'A' میں جماعت اوّل ادنیٰ و اعلیٰ کی سطح کے تصورات تھے جبکہ پیکج 'A' میں عنوانات دوسری اور تیسری جماعت کے نصاب کے مطابق ہے۔ پیکج 'A' میں بچوں کو کہانیوں اور نظموں کے ذریعے سکھانے کے طریقہ تدریس پر زور دیا گیا ہے اسی طرح اس کتاب میں بھی ہر عنوان کا آغاز کہانی سے کیا گیا ہے تاکہ بچوں کی مضمون میں دلچسپی برقرار رہے اور ان کی شمولیت کو 100 فیصد یقینی بناتے ہوئے حاصلات تعلم تک | 10 منٹ | چارٹس، مارکرز، فلیش کارڈ، وائٹ بورڈ، ٹرینر کے تیار کردہ چارٹس، ریاضی کی کتاب بمعہ ٹیچر گائیڈ (پیکج "B") |

رسائی حاصل کر سکیں ٹیچر گائیڈ میں اساتذہ کو مکمل رہنمائی فراہم کی گئی ہے تاکہ بچوں کو سکھانے میں اِنھیں مشکل پیش نہ آئے۔ پیکج 'B' میں دوسری اور تیسری جماعت میں پڑھائے جانے والے ریاضی کے عنوانات کو شامل کیا گیا ہے اور رسمی طریقہ تعلیم میں تیسری جماعت تک بچوں کو سیکھنے کے جن معیارات تک پہنچنا چاہیے ان کے مطابق عنوانات شامل کیے گئے ہیں۔

**درسی کتاب اور ٹیچر گائیڈ کا موازنہ**

**سرگرمی نمبر1** — 50منٹ

ٹرینر شرکاء کو تعداد کے مطابق گروپوں میں تقسیم کرے اور اِنھیں ریاضی پیکج 'B' کی کتاب ، ٹیچر گائیڈ اور نصاب "Curriculum" کی کتاب فراہم کرے اور یہ ہدایات دے۔

جب شرکاء اپنی (presentation) تیار کر رہے ہوں تو ٹرینر اِن کی گروپوں میں رہنمائی کرے۔ شرکاء سرگرمی مکمل کرنے کے بعد باری باری پیشکش (presentation) دیں

ٹرینر شرکاء کو ہدایات دے کہ جب گروپ کا ممبر سامنے بول رہا ہو تو باقی تمام ممبر اس کی بات اور نکات کو پُوری توجہ سے سنُیں گے کیونکہ تمام گروپس میں الگ الگ سرگرمیاں دی جائیں گی۔

- ✓ ریاضی کی کتاب کو کھولیں اور بغور جائزہ لیں کہ کون کون سے عنوانات سکھائے گئے ہیں۔
- ✓ کتاب میں جو عنوان زیرِ غور ہو اسی سے متعلق ٹیچر گائیڈ میں بھی دی گئی معلومات کو دیکھیں کہ اس سبق سے متعلق کیا حاصلات تدریس ہیں، پڑھانے کا کون سا طریقہ موجود ہے اور کون سی سرگرمیاں سکھائی جا سکتی ہیں۔ نیز حاصلات تدریس سے پہلے جو کوڈ دیا گیا ہے۔

مثلاً M1Bb201 اس کا کیا مطلب ہے؟

- ✓ اس کے ساتھ فراہم کردہ نصاب کی کاپی میں ریاضی کے حصہ Package 'B' میں اور ٹیچر گائیڈ میں موجود حاصلات تدریس پر غور کریں کہ دونوں ایک جیسے ہیں اور سیکھنے کے معیار کے مطابق بینچ مارک کیا ہیں اور جائزہ کی سرگرمی کیسے کروائی جا سکتی ہے۔

- ▪ جب تمام گروپس اپنی پریزینٹیشن دے لیں تو ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ اِس سرگرمی سے آپ نے کیا سیکھا۔ شرکاء کی طرف سے مختلف جوابات موصول ہوں گے۔
- ▪ نصاب سے واقفیت ہوئی اور یہ معلوم ہوا کہ پیکج 'B' میں کون کون سے عنوانات

پڑھائے جائیں گے۔

- عنوانات سے متعلق طریقہ تدریس سے بھی واقفیت ہوئی۔
- ٹیچر گائیڈ کو اچھی طرح سے دیکھنے کا موقع ملا۔ وغیرہ وغیرہ
- اِن کے جوابات لیتے ہوئے ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ اِس نصاب کو خاص طور پر غیر رسمی تعلیم کی ضروریات کو پورا کرنے اور اس کے معیار کو بہتر کرنے کے لیے تیار کیا گیا ہے اور اس کے لئے باقاعدہ اسکیم آف اسٹڈیز بھی تیار کی گئی ہے کہ اس نصاب کو کتنے عرصے میں مکمل کروانا ہے۔ آیئے اب اس کتاب کا ایک تعارفی جائزہ لیتے ہیں۔(ٹرینر ذیل میں دی گئی معلومات کو چارٹ پر تحریر کرے گا/گی)

**ریاضی پیکج "B" کتاب کا تعارفی جائزہ**

- پیکج "A" کی طرح اس کتاب کے ساتھ بھی ٹیچر گائیڈ موجود ہے جو انہیں کمرہ جماعت میں معاونت کرے گی۔
- اس کتاب میں دوسری اور تیسری جماعت کی سطح کے مطابق عنوانات دیئے گئے ہیں۔
- اس کتاب میں بھی رنگین تصاویر، روزمرہ مثالیں اور ورک شیٹس موجود ہیں۔ پیکج "A" کی کتاب کو بنیاد بناتے ہوئے اب آسان سے مشکل کی طرف جائیں گے جس کے تحت یہ عنوانات شامل ہوں گے۔
- **اس کتاب میں سات مختلف تصورات کے تحت یہ عنوانات شامل کیے گئے ہیں۔**
- **اعداد** (اس تصور کے تحت اعداد کی ترتیب (ترتیبی اعداد)، جفت و طاق عدد اور اعداد کی مقامی قیمت اور نمبر لائن کے بارے میں سکھایا جائے گا)
- **اعداد پر عوامل** (اس کے تحت جمع و تفریق بہت اچھے طریقے سے سکھائے جا چکے ہیں اب جمع و تفریق کے حوالے سے چار ہندسی اعداد تک کی جمع و تفریق اور ضرب و تقسیم اور بیانیہ سوالات کے بارے میں بتایا جائے گا۔
- **کسور** (کسریں بھی اعداد کی ہی ایک قسم ہیں اور انہیں کسری اعداد کا نام دیا گیا ہے لیکن عام طور پر انہیں کسور عام یا صرف کسور ہی کہا جاتا ہے اس کے تحت درج ذیل عنوانات ہوں گے۔ واجب اور غیر واجب کسور، کسروں کا موازنہ اور کسور کی جمع و تفریق)
- **لمبائی، کمیت اور حجم کی پیائش** (بچوں کو پیائش کے حوالے سے بتایا جائے گا کہ لمبائی و چوڑائی، وزن اور مائع چیزوں کو کس طرح سے ناپا جاتا ہے۔ روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے

| | | |
|---|---|---|
| | | والے پیمانوں کی اہمیت اور استعمال کو آسان اور دلچسپ انداز میں کہانی کی صورت میں بتایا گیا ہے۔)<br>▪ **وقت** (اس تصور کے تحت پیکج "A" میں بہت سی سر گرمیاں کروائی جا چکی ہیں اب وقت کی اکائیوں کی جمع و تفریق سکھائی جائے گی۔)<br>▪ **جیومیٹری** (اس تصور کے تحت بھی جیومیٹری کی بنیادی اشکال بتائی جا چکی ہیں اب مزید اور اشکال اور ان کا احاطہ معلوم کرنا سکھایا جائے گا۔)<br>▪ **اعداد و شمار کا اظہار** (کہا جاتا ہے کہ ایک تصویر ہزار الفاظ سے بہتر ہوتی ہے ریاضی میں بھی اعداد و شمار اور مقداروں کا مقابلہ کرنے کے لیے تصاویر اور اشکال کا استعمال کیا جاتا ہے اسی کے تحت تصویری گراف سکھائے جائیں گے)<br>**نوٹ:** ٹریزاِس سیشن کو شرکاء کے ساتھ کرنے سے پہلے ریاضی کی کتاب اور ٹیچر گائیڈ کا بغور مطالعہ کرے۔ اپنے لئے شرکاء سے گفتگو کرنے کے اہم نکات کو تیار کرے۔ نیز ٹریزاِس کو تیار کرنے کے مقاصد سے پُوری طرح آگاہ ہو۔ کتاب کے عنوانات اور ٹیچر گائیڈ کے باہمی ربط سے واقف ہو اور کمرہ جماعت میں بچوں کے ساتھ اِس کو استعمال کرنے کے طریقہ تدریس میں مہارت رکھتے ہوں۔ |

سیشن 5.2: **جفت اور طاق اعداد کو پڑھانے کا طریقہ کار**

## Teaching Even and Odd Numbers

کل وقت: 1 گھنٹہ 20 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- 99 تک کسی بھی دیے گئے اعداد کے سلسلے میں جُفت اور طاق اعداد کی شناخت کروا سکیں۔
- سرگرمیوں کے ذریعے جُفت اور طاق اعداد کی مشق کروا سکیں۔
- ترتیب صعودی اور ترتیب نزولی میں اعداد کی ترتیب کی پہچان کر سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینرز | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ ٹرینرز شرکاء سے پُوچھے کہ اُن کو جُفت اور طاق اعداد کے بارے میں کیا معلوم ہے؟ شُرکاء کے جوابات جاننے کے بعد جُفت و طاق کے متعلق ذیل میں دی گئی معلومات دے۔<br>*ایسے اعداد جن کو جوڑوں میں مکمل طور پر تقسیم / بانٹا جا سکتا ہو۔ جُفت اعداد کہلاتے ہیں۔<br>جُفت کا مطلب جوڑوں میں مثلاً .........2,4,6,8<br>*ایسے اعداد جن کو مکمل طور پر تقسیم نہ کیا جا سکتا ہو۔ طاق اعداد کہلاتے ہیں۔<br>▪ کسی بھی عدد کو 2 پر تقسیم کیا جا سکتا ہے اگر اس (عدد) کا آخری ہندسہ 6,4,2,0 یا 8 ہو تو وہ جُفت عدد ہے اور کوئی بھی ایسا عدد جس کا آخری ہندسہ 8,6,4,2,0 نہ ہو تو وہ طاق عدد ہے۔ یہ معلومات دینے کے بعد ٹرینرز شرکاء سے سرگرمیاں کروائے۔ | 10 منٹ | وائیٹ بورڈ، مارکر، ریاضی کے 0 سے 99 تک اعداد والے فلیش کارڈز پاکٹ بورڈ، ریاضی کی کتاب اور ٹیچر گائیڈ |
| **سرگرمی نمبر 1:**<br>ٹرینرز شرکاء کے سامنے ذیل میں دیا گیا چارٹ لگائے اور اس چارٹ کی مدد سے شرکاء کو عملی طور پر بتائے کہ بچوں کو جُفت اور طاق کا تصور کیسے سکھانا ہے؟<br>**طاق اور جفت اعداد کا تصوّر (Concept of Even and Odd Numbers)** | 20 منٹ | |

| | |
|---|---|
| عبداللہ کے پاس ایک پنسل ہے۔<br>ایک وقت میں ایک فرد اسے استعمال کر سکتا ہے۔ پس 1 طاق عدد ہے۔ | |
| شازیہ کے پاس دو پھول ہیں۔ دو بچے ایک ہی وقت میں ایک۔ ایک پھول لے سکتے ہیں۔ پس 2 جفت عدد ہے۔ | |
| علی کے پاس تین کتابیں ہیں۔ یہ آدھی نہیں ہو سکتیں۔ | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | لہٰذا 3 طاق عدد ہے۔ |
| | | | عفت کے پاس چار گیندیں ہیں۔ یہ دو لڑکیوں میں بانٹی جا سکتی ہیں۔ ہر ایک دو گیندیں لے سکتا ہے۔ پس 4 جفت عدد ہے۔ |
| | | | فاطمہ کے پاس پانچ شیشے کی گولیاں ہیں۔ یہ دو لڑکیوں میں نصف نہیں ہو سکتیں۔<br>لہٰذا 5 طاق عدد ہے۔ |
| | | | اسلم کے پاس 6 شاپنر ہیں۔ یہ دو لڑکوں کو آدھی، آدھی مل سکتی ہیں۔ ہر لڑکا تین شاپنر لے سکتا ہے۔ لہٰذا 6 جفت عدد ہے۔ |
| | | | نازیہ کے پاس 7 قلم ہیں۔ وہ انہیں اپنی دو سہیلیوں عفت اور رفعت میں برابر نہیں بانٹ سکتی۔ لہٰذا 7 طاق عدد ہے۔ |
| | | | احمد کے پاس 8 بوتلیں ہیں۔ جو کہ دو برابر حصوں میں بانٹی جا سکتی ہیں۔ ہر حصے میں 4 بوتلیں ہوں گی۔ لہٰذا 8 جفت عدد ہے۔ |
| | | | طارق کے پاس 9 گھڑیاں ہیں۔ یہ گھڑیاں دو برابر حصوں میں بانٹی نہیں جا سکتی۔<br>لہٰذا 9 طاق عدد ہے۔ |
| | | | 10 موم بتیاں دو برابر حصوں میں بانٹی جا سکتی ہیں۔ لہٰذا 10 جفت عدد ہے۔ |
| | | | مندرجہ بالا مثالوں میں ہم نے دیکھا کہ اگر 8,6,4,2 اور 10 تعداد میں اشیاء ہوں تو انہیں برابر بانٹا جا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ اعداد، عدد 2 سے پورا پورا تقسیم ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا عدد 8,6,4,2 اور 10 جفت اعداد ہیں۔ اعداد 9,7,5,3,1 عدد 2 سے پورا پورا تقسیم نہیں ہوتے ہیں۔ لہٰذا اعداد 9,7,5,3,1 طاق اعداد ہیں۔<br>یاد رکھیں کہ ! "0" بھی ایک جفت عدد ہے۔<br>ٹرینر کسی ایک شریکِ کار کو بُلائے اور اُس سے پوچھے کہ چارٹ پر کتنی پنسلیں ہیں وہ بتائے گا/گی کہ ایک پنسل ہے کیا ایک پنسل دو افراد میں برابر تعداد میں تقسیم/بانٹی جا سکتی ہے۔ یقیناً جواب نفی میں آئے گا اِس کا مطلب ہے 1 طاق عدد ہے جو دو افراد میں برابر تقسیم نہیں ہو سکتا۔<br>ٹرینر تختہ تحریر پر عدد 1 لکھے۔<br>پھر اسی چارٹ پر دیکھیں تو اس کے دوسرے خانے میں عدد 2 پر دو پھول بنے ہیں پھر شرکاء میں سے رضاکارانہ طور پر کسی ایک کو بلائے اور اِس سے پوچھے کہ کیا اِن دو پھولوں کو ہم دو افراد میں برابر تقسیم کر سکتے ہیں اس کی طرف سے "ہاں" میں جواب موصول ہو گا کہ ہم ایک ایک پھول دو افراد کو دے سکتے ہیں۔ اِس کا مطلب ہے کہ (2) جُفت عدد ہے۔ اس طرح ٹرینر اِس سرگرمی کو جاری رکھے اور جُفت اور طاق کے اعداد تختہ تحریر پر لکھتا/لکھتی جائے اور سرگرمی کے اختتام پر |

<table>
<tr>
<td>شر کاء سے پوچھے کہ یہ سر گرمی کیسی تھی اور کیا اس کے ذریعے بچوں کو جُفت اور طاق کا تصوّر واضح ہو گا۔<br>
**سر گرمی نمبر 2**<br>
بورڈ پر 20 تک جفت اعداد ترتیب وار لکھیں اور پوچھیں کہ ان اعداد میں اکائی کے مقام ہیں ؟<br>
(شُر کاء کو چاہیے جفت اعداد یاد دِلائیں کہ 8,6,4,2,0 ہیں) پھر تختہ تحریر پر 19 تک طاق اعداد ترتیب وار لکھیں اور پوچھیں "ان اعداد کے اکائی کے مقام پر کونسے عدد ہیں ؟" (شُر کاء کو یاد دِلائیں کہ وہ یہ طاق اعداد (1,3,5,7,9) ہیں۔ یہ معلوم کرنے کے لئے کہ عدد جفت ہے یا طاق، ہم وہ ہندسہ دیکھتے ہیں جس پر عدد ختم ہوتا ہے۔<br>
* جفت اعداد 6,4,2,0 یا 8 پر ختم ہوتے ہیں۔<br>
* طاق اعداد 7,5,3,1 یا 9 پر ختم ہوتے ہیں۔<br>
بورڈ پر کچھ مثالیں دیتے ہوئے بیان کریں کہ کس طرح کسی عدد کو جفت یا طاق کہا جاتا ہے۔<br>
ہندسہ 42 لکھیں ہم اس عدد کا اکائی ہندسہ دیکھیں گے جو کہ 2 ہے اور 2 ایک جفت عدد ہے۔ لہٰذا وہ کہیں گے کہ 42 ایک جفت عدد ہے۔ ہندسہ 43 لکھیں ہم اس عدد کا اکائی ہندسہ دیکھیں گے جو کہ 3 ہے اور 3 ایک طاق عدد ہے۔ لہٰذا ہم کہیں گے 43 ایک طاق عدد ہے۔ مندرجہ ذیل اعداد تختہ تحریر پر لکھیں۔<br>
19,23,28,35,46,67,77,83,99 شر کاء سے کہیں کہ وہ ان اعداد کی جفت یا طاق کے طور پر شناخت کریں۔ (یہ سر گرمی شُر کا کے لیے تو آسان ہو گی مگر بچوں کو اسے واضح طور پر سمجھانے کے لیے بتائی گئی سر گرمی پر عمل کرنا ہو گا تاکہ تمام شُر کاء اس طریقہ کار کو واضح طور پر سمجھ جائیں)۔<br>
**سر گرمی نمبر 3:**<br>
ٹریز شر کاء کو دو برابر تعداد کے گروپس میں تقسیم کرے۔ دونوں گروپس میں 0 تا 9 کے فلیش کارڈز تقسیم کرے۔ ایک گروپ کو اکائی اور دوسرے گروپ کو دہائی کا نام دے۔ ٹرینز زمین پر چاک کی مدد سے اکائی اور دہائی لکھ کر دو بڑے خانے بنائے۔ ٹرینز بورڈ پر کوئی دو ہندسی عدد لکھے جیسے 76۔35۔83 وغیرہ۔ گروپوں کے نام کے مطابق اس گروپ کا ممبر اپنا کارڈ لے کر آئے اور بھاگ کر اپنے نام کے مطابق متعلقہ خانے میں کھڑا ہو جائے جس گروپ کا ممبر پہلے کارڈ لا کر اپنی جگہ پر کھڑا ہو گا۔ وہ گروپ جیت جائے گا۔ ٹرینز گروپ کے نام بدل بدل کر تین یا</td>
<td>10<br>منٹ<br><br>20 منٹ</td>
<td></td>
</tr>
</table>

| | | |
|---|---|---|
| | 25<br>منٹ | چار مرتبہ اس سرگرمی کو دُہرائے۔<br>ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ انھیں یہ سرگرمی کیسی لگی؟ نیز انھوں نے یہ سرگرمی بچوں کے ساتھ کمرۂ جماعت میں بھی کروائی ہے۔<br>**ترتیبِ صعودی اور ترتیب نزولی (Ascending and Descending Order of Numbers)**<br>ترتیبِ صعودی (اعداد کی بڑھتی ہوئی ترتیب)<br>مختلف اعداد کو بائیں سے دائیں کی ترتیب میں اس طرح لکھیں کہ پہلے سب سے چھوٹا پھر اس سے بڑا اور پھر اس سے بڑا عدد آئے اسی طرح تمام اعداد لکھے جائیں تو اس ترتیب کو اعداد کی بڑھتی ہوئی ترتیب یا ترتیب صعودی کہتے ہیں۔ مثلاً اعداد 1,2,3,4,5 کی یہ بڑھتی ہوئی ترتیب ہو گی۔ اعداد کو اس طرح لکھنا کہ پہلے سب سے بڑا عدد لکھا جائے پھر اُس سے چھوٹا اور پھر اس سے چھوٹا تو یہ اعداد کی گھٹتی ہوئی ترتیب یا ترتیب نزولی کہلاتی ہے۔ مثلاً 5,4,3,2,1 یہ اعداد کی گھٹتی ہوئی ترتیب ہو گی۔<br>**سرگرمی نمبر4**<br>ٹرینر شرکاء کو دو گروپس میں تقسیم کرے۔ پھر ان دونوں گروپس میں ایک ایک ممبر کو سامنے لائے جو کہ گروپ کے لیڈر رہوں گے۔ کسی کھلی جگہ یا ہال کی دیوار پر پاکٹ بورڈ لگایا جائے اور پاکٹ بورڈ سے تقریباً 15 یا 20 قدم پر چاک کی مدد سے لائن لگائے۔ دونوں گروپس میں سے بلائے گئے شرکاء میں سے بارڈر لائن پار کر کے ایک لیڈر دائیں طرف اور دوسرا بائیں طرف کھڑا ہو جبکہ بقیہ ٹیم لائن کی دوسری طرف کھڑی ہو۔ ٹرینر دونوں گروپس میں پچاس۔ پچاس فلیش کارڈز بانٹے۔ ایک گروپ 1 سے لے کر 50 تک کے کارڈز کو ترتیب صعودی میں جبکہ دوسرا گروپ 51 سے لے کر 100 تک کے کارڈز کو ترتیب نزولی میں اپنے لیڈرز کی مدد سے مقررہ وقت میں پاکٹ بورڈ پر لگائے۔ جو گروپ مقررہ وقت میں سب سے پہلے پاکٹ بورڈ پر کارڈز لگائے وہی جیتے گا۔ اِس سرگرمی کے بعد شرکاء سے پوچھا جائے کہ اگر اسی طرح کی سرگرمیاں کمرہ جماعت میں بچوں کے ساتھ کی جائیں تو اِن کے سیکھنے کے عمل پر کیا فرق پڑے گا؟ اِن کی طرف سے آنے والے جوابات کو لے کر ترتیبِ صعودی اور ترتیبِ نزولی پر سیر حاصل گفتگو کی جائے۔ |

## اعداد کا موازنہ (Comparison of Numbers)

بچے ہمیشہ کہانیاں سننا پسند کرتے ہیں۔ بچوں کی اس خواہش کو مد نظر رکھتے ہوئے ہم "ایک بطخ کی کہانی" کی مدد سے اعداد کا موازنہ ایک دلچسپ انداز میں سکھا سکتے ہیں۔ شرکاء کو بتایا جائے جیسے ہم اپنے پیارے ملک پاکستان میں رہتے ہیں۔ اسی طرح ریاضیستان" بھی ایک ملک ہے جس میں ایک بطخ رہتی ہے۔ اس بطخ کے بڑے ہی شاہانہ انداز ہیں۔ یہ بطخ جب کسی بڑے عدد کو دیکھتی ہے تو اپنے منہ کو کھولتی ہے جبکہ کسی چھوٹے عدد کو دیکھ کر اپنے منہ کو بند رکھتی ہے۔ (ٹریز اپنے دونوں ہاتھوں کو ملا کر بطخ کے کھلے منہ کا انداز بنا کر شرکاء کو دکھائے (اس بطخ کے سامنے دو اعداد 5 اور 7 ہیں اب دیکھنا یہ ہے کہ بطخ کس عدد کو کھانا پسند کرتی ہے۔

علامت ">" بڑا ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔ جبکہ علامت "<" چھوٹا ہونے کو ظاہر کرتی ہے۔ مثلاً 7 بڑا ہے 5 سے 7>5 اسی طرح 66>33 سے 66 بڑا ہے 33 سے یا 33 چھوٹا ہے 66 سے

### سرگرمی

ٹریز نیچے دیئے گئے سوالات تختہ تحریر/سفید پر لکھ کر شرکاء کو گروپس میں علامات ">" یا "<" کی مدد سے حل کرنے کے لئے دیں۔

712 ☐ 612

408 ☐ 718

5244 ☐ 4123

879214 ☐ 879241

4123 ☐ 5244

سیشن:5.3 **ہندسوں کی مقامی قیمت**

# Place Value of Number

کل وقت: 1 گھنٹہ 10 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاءاس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- اکائی، دہائی، سینکڑااور ہزار کا تصور سمجھ سکیں۔
- بچوں کو سرگرمیوں کے ذریعے مقامی قیمت کا تصوّر بتا سکیں۔
- حاصل جمع اور حاصل کے بغیر جمع کے سوالات حل کر سکیں۔

| ریسورس میٹریل | وقت | ہدایات برائے ٹرینر |
|---|---|---|
| نلکیاں، ریاضی کی کتاب، نقلی نوٹ اور سکے<br><br>مقامی قیمت کے کارڈز | 15منٹ | **سرگرمی نمبر1:**<br>ٹرینر شرکاءسے پوچھے کہ آپ نے پیکج "A" ریاضی میں بچوں کو اکائی، دہائی کا تصوّر کیسے سکھایا؟ اگر شرکاء کے سکھانے کا طریقہ کار اِس بات کی یقین دہانی کرائے کہ اِن کا طریقہ تدریس دُرست تھا تو اِن کی حوصلہ افزائی کی جائے اور اگر آپ محسوس کریں کہ اِس تصور کو مزید سمجھانے کی ضرورت ہے تو ذیل میں دی گئی سرگرمی شرکاء کو کرائیں۔<br>ٹرینر شرکاء کو اکائی، دہائی کا تصوّر سکھانے کے لیے پلاسٹک کی نلکیاں یا ماچس کی تیلیاں لے اور تختہ تحریر پر 15 لکھے اور شرکاء سے پوچھے کہ کیا وہ ان نلکیوں Straws یا ماچس کی تیلیوں کی مدد سے بچوں کو 5 اور 1 کی مقامی قیمت کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔ اگر کوئی ممبر سامنے آکر ان نلکیوں (Straws) یا ماچس کی تیلیوں کا درست استعمال کرتے ہوئے اکائی اور دہائی کا تصوّر دے تو باقی اس کی مشق کریں لیکن اگر کوئی بھی ان اشیاء یا کسی اور طریقے سے اکائی دہائی کا تصوّر واضح نہ کر سکے تو ٹرینر خود ان اشیاء کا استعمال کرے جو ذیل میں دیا گیا ہے۔<br>ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ ایک نلکی (Straw) یا ماچس کی ایک تیلی ''ایک اکائی'' کو ظاہر کرتی ہے اور تختہ تحریر پر لکھے 15 میں سے 5 کا ہندسہ اکائی کے مقام پر لکھا ہے۔ اس لیے 5 کے ساتھ 5 نلکیاں (Straws) یا 5 ماچس کی تیلیاں الگ الگ لگائی جائیں جبکہ 1 کا ہندسہ دہائی کے مقام پر ہے تو اس کا مطلب ہے کہ 10 نلکیاں (Straws) یا 10 ماچس کی تیلیاں ہوں تو وہ ایک دہائی کو ظاہر کرتی ہیں۔ لہٰذا ٹرینر 1 کے ہندسے کے ساتھ 10 نلکیاں (Straws) یا 10 ماچس کی تیلیاں جوڑ کر ایک بنڈل بنا کر 1 کے ہندسے کے ساتھ لگائے۔ اس 15 کے عدد میں 5 کی مقامی قیمت 5 اکائیاں اور 1 کی مقامی قیمت 1 دہائی یعنی |

10 ہے۔اس طرح ٹرینر شرکاء کو مختلف ہندسے لکھوا کر نلکیوں (Straw) یا ماچس کی تیلیوں کی مدد سے اکائی، دہائی کی مزید مشق کروائے۔ نیز ٹرینر ساتھ ساتھ شرکاء سے رائے لے کہ اس سے بچوں کے سیکھنے کے عمل میں کیا فرق پڑے گا؟

**سرگرمی نمبر2:**

20 منٹ

ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ ریاضی پیکج 'B' ریاضی کی کتاب میں ہر نئے عنوان کو سکھانے کے لیے کہانی سے آغاز کیا گیا ہے اسی طرح اس تصور کو مزید واضح کرنے کے لیے آپ بھی ریاضی پیکج 'B' میں صفحہ نمبر 27 کا حوالہ دیتے ہوئے شُرکاء کے پاس موجود کتابوں کو کُھلوائیں اور اس پر موجود کہانی پڑھنے کے لیے کہیں جب ممبر کہانی سُنا لے تو اِسی کہانی کو لیتے ہوئے ٹرینر Straw کے ذریعے صفحہ نمبر پر 27 دیا گیا سوال حل کروائے کہ انڈے کتنے رُوپے کے آئے تھے۔

جواب ہو گا **67** رُوپے کے اس کے لیے سٹراز کی مدد سے 10،10 کی نلکیوں کے **6** بنڈل ہوں گے اور **7** نلکیاں الگ الگ ہوں گی۔اسی طرح پُوچھے آلو کتنے رُوپوں میں خریدے گئے جواب آئے گا **25** رُوپے کے۔

ٹرینر اب 10 کے **2** بنڈل اور **5** نلکیاں الگ کرے گا/ گی۔اور ان کو جمع کرنے کے لیے پہلے اکائیوں کو جمع کرے جب **7** اور **5** نلکیوں کو جمع کیا جائے گا تو **1** دہائی کا مزید بنڈل بن جائے گا اور باقی رہ جائیں گی **2** نلکیاں اس طرح سے ٹرینر بتائے کہ اکائی میں ہمارے پاس **2** نلکیاں بچ گئی ہیں تو اسے ہم اکائی کے نیچے لکھیں گے اور دہائی میں ہمارے پاس **1** دہائی اور آ گئی اسے ہم دہائیوں میں ہی جمع کریں گے۔

| اکائی | دہائی |
| --- | --- |
| 7 | 6 |
| 5 | + 2 |

ٹرینر شرکاء سے 5+7 کروائے تو شرکاء کی طرف سے جواب آئے گا '12' اِس حاصل جمع '12' کو ٹرینر بورڈ پر الگ سے یوں لکھے۔ اسی طرح 6 دہائیوں میں 2 دہائیاں جمع کی تو کل 8 دہائیاں ہو گئی جبکہ 12 سے بھی ایک دہائی حاصل ہوئی تو 8 دہائیوں میں 1 اور دہائی جمع کی تو کل 9 دہائیاں ہو گئی۔

جیسا کہ ابھی ہم نے نلکیوں کی مدد سے جمع کی تو ہمارے پاس جواب آیا تھا۔**92**

| اکائی | دہائی |
| --- | --- |
| 7 | $6^1$ |

| | |
|---|---|
| 5 | +2 |
| 2 | 9 |

اِسے اِس طرح حل کیا جائے گا۔ ٹریز شرکاء سے پوچھیں کہ یہ طریقہ تدریس آپ کو کیسا لگا۔ اِن کی طرف سے آنے والے جوابات کو بورڈ پر لکھیں اور اِن نکات پر بات چیت کریں اور انھیں باور کرائیں کہ ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 35 پر دیئے گئے سوالات بچوں سے اِسی طریقہ سے حل کروائیں۔

15 منٹ

**سرگرمی نمبر 3:**

ٹریز شرکاء کو بتائے کہ اکائی اور دہائی کے تصوّر کو ہم سکّوں اور نقلی نوٹوں کی مدد سے بھی واضح کر سکتے ہیں۔ ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 30 پر دی گئی سرگرمی ٹریز شرکاء کو عملی طور پر کروائے اور انھیں ہدایات دے کہ وہ بچوں پر اس تصور کو بھی سرگرمیوں سے ہی واضح کریں گے۔

**سرگرمی نمبر 4:**

**اعداد میں ہندسوں کی مقامی قیمت The Place Value of digits in a Number**

اعشاری نظام میں ہندسوں کی مقامی قیمت کو خاص اہمیت حاصل ہے۔ ہر ہندسے کی دو قیمتیں ہوتی ہیں۔ ایک ہندسے کی ذاتی قیمت اور دوسری ہندسے کی مقامی قیمت۔

ہر ہندسے کی ذاتی قیمت تو وہ ہندسہ ہی ہوتا ہے لیکن اس کی قیمت کو اس کا مقام یا درجہ ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً اگر ہندسہ 5 اکائی کے مقام پر ہو تو اس کی ذاتی قیمت بھی 5 ہی ہے اور اس کی مقامی قیمت بھی 5 ہی ہے۔

البتہ اگر دہائی کے مقام پر ہو تو ذاتی قیمت تو 5 ہو گی جبکہ اس کی مقامی قیمت دس گنا ہو گی یا 50 ہو گی۔

| | اکائیاں | دہائیاں | سینکڑے | ہزار |
|---|---|---|---|---|
| ہندسہ | 1 | 1 | 1 | 1 |
| **مقامی قیمت** | 1 | 10 | 100 | 1000 |

عدد 1111 (ایک ہزار ایک سو گیارہ) میں دائیں طرف سے پہلے 1 کی مقامی قیمت ایک ہی ہے۔ جبکہ دوسرے 1 کی مقامی قیمت ایک دہائی یا 10 ہے۔ تیسرے 1 کی مقامی قیمت ایک سینکڑا یا 100 ہے اور چوتھے 1 کی مقامی قیمت ہزار یا 1000 ہے۔

اعشاری نظام میں دائیں سے بائیں جانے پر ہر مقام کی مقامی قیمت اس سے پہلے والے مقام کی قیمت کا دس گنا ہوتی ہے۔ مقامی قیمت کا چارٹ کچھ یوں ہوتا ہے؟

20منٹ

| ہزار | سینکڑے | دہائیاں | اکائیاں |
| --- | --- | --- | --- |
| THz | H | T | U |

**سرگرمی نمبر4:**

شرکاء کو چار گروپوں میں تقسیم کریں۔ہر گروپ میں پلیس ویلیو کارڈز (Place Value Cards) یعنی مقامی قیمت کے کارڈز کا سیٹ تقسیم کر دیں۔ہر گروپ کو نام دیا جائے گا۔ جیسے ایک گروپ کو اکائی کا نام دیا جائے گا۔دوسرے کو دہائی کا تیسرے کو سینکڑے کا اور چوتھے کو ہزار کا نام دیا جائے گا۔ان ناموں کے مطابق مقامی قیمت کے کارڈز اس سیٹ میں موجود ہیں۔ٹرینر تختہ تحریر پر ایک چار ہندسی عدد لکھے شرکاءاس عدد میں اپنے نام کے مطابق مطلوبہ کارڈ ہر گروپ میں سے لے کر سامنے آئیں۔استاد سامنے کسی جگہ پر اکائی،دہائی، سینکڑے اور ہزار رقم کی صورت میں چاک کی مدد سے لکھے۔شرکاءاپنے گروپ میں کارڈز کو تلاش کریں پھر بھاگ کر اپنے نام کے مطابق اپنی پوزیشن پر کارڈ لے کر آئیں گے۔جس گروپ کا رکن پہلے آئے گا وہ گروپ جیت جائے گا۔

نوٹ :ٹرینر کو چاہیے کہ ہر دفعہ گروپ کے نام تبدیل کرے تاکہ شرکاء مقامی قیمت کو صحیح تصوّر کے ساتھ سمجھ سکیں۔

**سرگرمی 'ایک سو ایک کیسے لکھوں؟ '**

ٹرینر شرکاء کو ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 4۔1 پر دی گئی سرگرمی سِکوں اور نقلی نوٹوں سے کرائے۔اِس سرگرمی کو صرف 101 تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ شرکاء کو مختلف گروپوں میں تقسیم کر کے 400 تک گنتی کروائی جائے۔

## سیشن:5.4

# ضرب
# Multiplication

کل وقت: 40منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاءاس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- ضرب کے تصوّر کو سمجھ سکیں۔
- ضرب سکھانے کے لئے ریاضی کی کتاب اوراساتذہ گائیڈ میں دی گئی ہدایات پر عمل کر سکیں۔
- سر گرمیوں کے ذریعے بچوں کو ضرب سکھا سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ آپ کے خیال میں ضرب کسے کہتے ہیں؟ اگر شرکاء کی طرف سے دُرست جواب ملے تواِن کی حوصلہ افزائی کی جائے بصورت دیگر ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ گنتی کے عمل کو مختصر کرنے کے لئے جمع کا طریقہ اپنایا جاتا ہے اور بار بار جمع کرنے کے عمل کو ضرب کہتے ہیں۔ مثلاًایک<br>اسکول کی جماعت میں ہر قطار میں 6 بچے بیٹھے ہیں اور کل 4 قطاریں ہیں۔بتائیں اس جماعت میں کل کتنے بچے ہیں؟ٹرینر بورڈ پر لکھے گا/گی۔<br>جمع کے طریقے سے: 6+6+6+6 = 24<br>**یا**<br>4 بار 6 = 24<br>ضرب کے طریقے سے: 6×4=24 | 15منٹ | بورڈ،مارکر،چارٹس، گیندوں کے فلیش کارڈز یااصلی گیند، ریاضی کی کتاب |
| **سر گرمی نمبر1:**<br>ٹرینر ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 46اور 47 سے اِس تصور کا آغاز کرے اور فلیش کارڈز پر گیندوں کی تصاویر بنا کر یا اصلی گیندوں کے ذریعے جوڑے بنا بنا کر شرکاء کو اس سر گرمی کے ذریعے ضرب کا تصوّر واضح کرے اور شرکاء کو ہدایات دیں کہ وہ اپنے کمرہ جماعت میں بچوں کو ایسے ہی ضرب کا تصوّر سکھائیں۔ نیز بچوں کو ضرب کا نشان بھی بتائیں۔<br>ٹرینر شرکاء کو ماچس کی تیلیاں، شیشے کی گولیاں یا بوتل کے ڈھکن مناسب تعداد میں دے جس سے دو دو، تین تین، چار چار یا پانچ پانچ کے گروہ بنوائیں تا کہ اِس تصور کی زیادہ سے زیادہ عملی مشق ہو سکے۔<br>**سر گرمی نمبر2:**<br>ٹرینر اوپر بتائے گئے طریقوں سے شرکاء کو بہت آسانی سے پہاڑے سکھا سکتے ہیں۔ | 10منٹ | |

## ضرب کے پہاڑے Tables of Multiplications

15منٹ

ضرب کے بنیادی حقائق کو ضرب کے پہاڑے (Tables) کہا جاتا ہے۔ضرب کے پہاڑے بہت اہمیت کے حامل ہیں۔ کسی عدد کو بار بار جمع کرنا طویل عمل ہے اور اس میں وقت بھی لگتا ہے اس لیے ضرب کے پہاڑے یاد کرنا بہت ضروری ہے۔ دو، پانچ اور دس کے پہاڑے یاد کرانے سے پہلے حقیقی اشیاء(Concrete Things) کی مدد سے دو، پانچ، پانچ اور دس دس کرکے گننے کی مشق کروانی چاہیے اور پھر پہاڑے اخذ کرانے چاہییے۔

مشہور ماہر تعلیم ''رے مانٹ ''(Reymont) کا یہ قول یاد رکھنا چاہیے کہ :


''پہاڑے رٹوانے کا طریقہ ان ذرائع میں سے ایک ہے جس سے بچے عارضی طور پر کنندٔ ذہن ہو جاتے ہیں اور ریاضی سے نفرت کرنے لگ جاتے ہیں۔ لہٰذا پہاڑے رٹوانے کی بجائے ذہن نشین کروانے چاہییے۔ ''

### سرگرمی نمبر1

حاصل تعلم

طلبہ 4 اور 5 کا پہاڑہ سیکھ سکیں۔

سرگرمی: استاد دونوں ہاتھوں کی انگلیوں کی مدد سے طلبہ کو 4 کا پہاڑہ بنا کر دکھائیں اور اس کی شکل بورڈ پر بنا کر دکھائیں۔ استاد درج ذیل طریقہ سے دو طلبہ کے گروپ میں 4 کا پہاڑہ بنوائیں۔




سرگرمی: استاد لکیروں کی مدد سے یا ماچس کی تیلیوں کی مدد سے طلبہ کو 5 کا پہاڑہ سکھائے۔ استاد طلبہ سے کہے کہ اپنی کاپیوں پر 5 افقی سیدھی لائنیں کھینچیں اور ان پر ایک عمودی لائن کھینچیں اور ان لائنوں کے کراس کے اوپر دائرے لگائیں اب دائرے گنیں۔ درج ذیل طریقہ سے استاد بچوں کی راہنمائی کرے۔

## سیشن:5.5

# کسور

## Fractions

کل وقت: 1 گھنٹہ 30 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- کسور کی بنیادی معلومات سے آگاہ ہو سکیں۔
- ریاضی کی کتاب میں موجود عنوان 'کسور' کے تصوّرات کو سرگرمیوں کے ذریعے کروا سکیں۔
- کسور کی اقسام بیان کرنے اور ان کا موازنہ کرنے کے قابل ہو جائے۔

| ہدایات برائے ٹرینرز | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ٹرینر شرکاء سے کسور کے تصوّر کے بارے میں پُوچھے کہ آپ کسور کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟ حاصل ہونے والے سوالات کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کسُور سے متعلق ذیل میں دی گئی معلومات فراہم کرے۔<br>**کسور کا تصوّر (Concept of Fractions)**<br>کسر عربی زبان کا لفظ ہے جس کے لفظی معنیٰ 'توڑنا' یا 'حصّے' کرنا'' اور 'جزو' کے ہیں۔ قدیم زمانے میں کسر کو ٹوٹا ہوا عدد کہا جاتا تھا۔ یونانی ریاضی دان اکائی کے حصّے کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے تھے کیونکہ اُن کے خیال میں چیزوں وغیرہ کی گنتی کے لیے قدرتی اعداد ہی کافی تھے۔ ارشمیدس کے زمانے سے قبل صحیح اعداد نسبتیں استعمال ہوتی تھیں اور تناسب کے تصوّر پر اچھا خاصا زور دیا جاتا تھا۔ اس کے بعد اہل روم نے $\frac{1}{2}$ یا $\frac{1}{4}$ وغیرہ کو رواج دیا اور پندرہویں صدی میں اکائی کسور کا تصوّر پیش کیا گیا۔ ایسی کسریں جن کا شمار کنندہ ایک ہو وہ اکائی کسریں کہلاتی ہیں۔ مثلاً $\frac{1}{4}, \frac{1}{1}, \frac{1}{8}$ وغیرہ۔ جب یورپ میں علم و ادب نے جنم لیا تو کسور کا بھی استعمال بکثرت ہونے لگا۔ اس کے لئے کسور کی جمع و تفریق، ضرب اور اختصار کے بنیادی اصول جو آج کل استعمال ہوتے ہیں کم و بیش اسی زمانے میں وضع کر لیے گئے۔ کسور کو لکھنے کے موجودہ طریقے کو رائج کرنے کا سہرا عربوں کے سر ہے۔<br>یاد رکھیں! جس طرح "3" محض ایک علامت ہے جو عدد ''تین'' کو ظاہر کرتی ہے۔ اسی طرح 1/3 محض ایک علامت ہے جو ایک تہائی کو ظاہر کرتی ہے۔۔ لہٰذا $\frac{1}{2}$ ، $\frac{1}{3}$ ، $\frac{3}{4}$ وغیرہ علامات ہیں جو ترتیب وار کسور آدھا، تہائی اور تین چوتھائی کو ظاہر کرتی ہیں۔ لیکن سہولت کی خاطر ان علامات کو ہی کسور کہہ دیتے ہیں۔ کسور بھی اعداد کی ہی ایک قسم ہیں اور انہیں کسری اعداد کا نام دیا گیا ہے لیکن عام طور پر انہیں کسور عام یا محض کسور ہی کہا جاتا ہے۔ | 20 منٹ | فلپ چارٹ، مارکر، بورڈ، ریاضی کی کتاب، روٹی کے تصویری فلیش کارڈز |

**کسر کی تعریف (Definition of Fraction)**

اگر کسی چیز کو چند برابر حصوں میں تقسیم کیا جائے تو ہر حصّہ یا کچھ حصّے پوری چیز کی کسر کہلاتے ہیں۔ایک کسر کے دو حصے ہوتے ہیں۔

(i)شمار کنندہ (Numerator) (ii)مخرج/نسب نما(Denominator)

**(i)شمار کنندہ(Numerator)**

* کسر کے اوپر والے حصّے کو شمار کنندہ کہتے ہیں۔ جیسے $\frac{3}{5}$ **میں شمار کنندہ 3 ہے۔**

* شمار کنندہ کسر کے ان حصّوں کے بارے میں بتاتا ہے جن میں ہم دلچسپی رکھتے ہیں۔

* شمار کنندہ مقسوم (تقسیم ہونے والا عدد) بھی کہلاتا ہے۔

**(ii)مخرج/نسب نما (Denominator)**

* مخرج کسر کا نیچے والا حصہ کہلاتا ہے $\frac{3}{5}$ میں **مخرج 5 ہے۔** * مخرج ایک عدد ہوتا ہے جس سے اس بات کا پتہ چلتا ہے کہ ایک مکمل چیز کے کتنے حصّے کیے گئے ہیں۔

* مخرج کو تقسیم کنندہ (تقسیم کرنے والا عدد) بھی کہا جاتا ہے۔

**کسور کی اہمیت (The Importance of Fractions)**

ریاضی میں کسور کا استعمال نہایت اہمیت کا حامل ہے۔اس کی اہمیت اور ضرورت کا اندازہ اس بات سے لگایا جاسکتا ہے کہ قدرتی عدد "1" کو قدرتی عدد "2" پر تقسیم کریں تو کوئی ایسا قدرتی عدد نہیں جو حاصل قسمت کو ظاہر کر سکے اور اس کے برعکس نہ کوئی ایسا قدرتی عدد ہے جسے 2 سے ضرب دیں تو قدرتی عدد "1" حاصل ہو۔اس لئے اعداد کے نظام میں کسری اعداد کا اضافہ ضروری تھا۔

15 منٹ

کسور کا روزمرہ زندگی میں بھی عام استعمال ہے ناپ تول کے اعشاری نظام کے تحت گوشت، سبزی یا گھی خریدتے وقت الفاظ آدھا کلو گرام، ڈیڑھ کلو گرام، سوا کلو گرام اور کپڑے کی پیمائش کے لئے الفاظ پون میٹر، سوا میٹر، ساڑھے تین میٹر وغیرہ بولے جاتے ہیں الفاظ آدھا، ڈیڑھ، سوا وغیرہ کسری اعداد کو ظاہر کرتے ہیں۔

**آدھے، تہائی، چوتھائی کا تصور**

**آدھے کا تصوّر(Concept of Half)**

جب کسی چیز کو دو برابر حصّوں میں تقسیم کیا جاتا ہے تو ہر حصّہ پوری چیز کا آدھا یا نصف کہلاتا ہے۔ مثلاً ایک روٹی کو دو برابر حصوں میں تقسیم کیا جائے تو ہر حصّہ روٹی کا نصف یا آدھا ہے آدھی روٹی پوری روٹی کی کسر ہے۔نصف یا آدھے کو علامتی طور پر $\frac{1}{2}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

20 منٹ

**ایک تہائی اور دو تہائی کا تصوّر (Concept of one-third and Two third)**

جب کسی چیز کو تین برابر حصّوں میں تقسیم کیا جائے تو ہر حصہ پوری چیز کا ایک تہائی کہلاتا ہے۔ علامتی طور پر $\frac{1}{3}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اگر تین حصّوں میں سے دو حصّے لئے جائیں تو اُسے دو تہائی حصّہ کہتے ہیں۔ علامتی طور پر $\frac{2}{3}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

**ایک چوتھائی، دو چوتھائی اور تین چوتھائی کا تصوّر**

**(One-fourth, Two-fourth and Three-fourth)**

جب کسی چیز کو چار برابر حصوں میں تقسیم کیا جائے تو ہر حصہ پوری چیز کا ایک چوتھائی کہلاتا ہے۔ علامتی طور پر $\frac{1}{4}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔ اگر چار حصّوں میں سے دو حصّے لئے جائیں تو اسے دو چوتھائی حصّہ کہتے ہیں۔ علامتی طور پر $\frac{2}{4}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے اسی طرح چار حصّوں میں سے تین حصّے لئے جائیں تو اسے تین چوتھائی کہتے ہیں۔ علامتی طور پر $\frac{3}{4}$ سے ظاہر کیا جاتا ہے۔

20 منٹ

**کسور کی اقسام (Types of Fractions)**

**(i) واجب کسر (Proper Fraction)**

ایسی کسر جس کا شمار کنندہ اس کے مخرج سے چھوٹا ہو واجب کسر کہلاتی ہے۔ مثلاً، $\frac{3}{4}$، $\frac{1}{4}$ وغیرہ واجب کسریں ہیں۔

**(ii) غیر واجب کسر (Improper Fraction)**

ایسی کسر جس کا شمار کنندہ اس کے مخرج کے برابر ہو یا اس سے بڑا ہو غیر واجب کسر کہلاتی ہے۔ مثلاً $\frac{5}{4}$، $\frac{8}{3}$، $\frac{6}{5}$، وغیرہ غیر واجب کسریں ہیں۔

**سر گرمی نمبر 1:**

ٹرینر شرکاء سے کہے کہ وہ ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 69 پر دی گئی کہانی کے ذریعے جس میں روٹی کی مثال دی گئی ہے کو غور سے پڑھے لہٰذا ٹرینر روٹی کے فلیش کارڈز کے ذریعے شرکاء کے سامنے اِس کہانی کو پیش کرے۔ ٹرینر ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 69 اور 70 پر روٹی اور دوسری چیز کی تصاویر کو نمونے کے طور پر لے اور فلیش کارڈز بنائے اور لکھائی کے لیے بورڈ کا استعمال کرے۔

**سر گرمی نمبر 2:**

ٹرینر شرکاء کو ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 71 پر دی گئی مثال کو فریکشن وال (Fraction wall) کا تصوّر دے کر واضح کریں۔ فریکشن وال (Fraction Wall) یا سکور چارٹ ایک بصری معاون (Visual Learning Aid) ہے جس کی مدد سے ہم نہایت آسانی

سے کسور کا موازنہ کر سکتے ہیں اور بچوں کو کسور کا موازنہ کرنے کے تین اہم اصول سکھا سکتے ہیں فریکشن کو جمع اور تفریق کے سوالات حل کرنے کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔


**فریکشن وال کی اہمیت**

**(The Importance of Fraction Wall)**

فریکشن وال یا فریکشن چارٹ ایک بصری معاون(Visual Learning Aid)ہے جس کی مدد سے ہم نہایت آسانی سے کسور کا موازنہ کر سکتے ہیں۔اور اس کی مدد سے ہم شرکاء کو کسور کا موازنہ کرنے کے تین اہم اصول سکھا سکتے ہیں۔فریکشن وال کو جمع اور تفریق کے سوالات حل کرنے کے لئے بھی استعمال کیا جا سکتا ہے۔

15 منٹ

**فریکشن وال/فریکشن چارٹ(Fraction Wall/Chart)**




**کسور کا موازنہ کرنا (Comparison of Fractions)**

**اصول نمبر1:**

اگر دو کسور کے شمار کنندے برابر ہوں تو جس کسر کا مخرج چھوٹا ہو گا وہ کسر دوسری کسر سے بڑی ہو گی۔ مثلاً کسر $\frac{1}{2}$ کسر $\frac{1}{4}$ سے بڑی ہے۔ کیونکہ دونوں کسروں کے شمار کنندے برابر ہیں اور کسر $\frac{1}{2}$ کا مخرج 2 ہے جو کہ کسر $\frac{1}{4}$ کے مخرج سے چھوٹا ہے اس لئے $\frac{1}{2}$ کسر $\frac{1}{4}$ سے بڑی ہے۔اسی طرح اگر کسر

$\frac{2}{4}$ اور کسر $\frac{2}{8}$ کا موازنہ کیا جائے تو کسر $\frac{2}{4}$ کسر $\frac{2}{8}$ سے بڑی ہے۔

**اصول نمبر 2:**

اگر دو کسروں کے مخرج برابر ہوں تو جس کسر کا شمار کنندہ بڑا ہو گا وہ کسر دوسری کسر سے بڑی ہو گی۔ مثلاً کسر $\frac{6}{8}$ کسر $\frac{2}{8}$ سے بڑی ہے کیونکہ دونوں کسروں کے مخرج برابر ہیں اور کسر $\frac{6}{8}$ کا شمار کنندہ دوسری کسر کے شمار کنندے سے بڑا ہے۔

**اصول نمبر 3:**

اگر دو کسور کے شمار کنندے اور مخرج مختلف ہوں تو دونوں کسور کے مخرج برابر کر کے ان کا موازنہ کیا جا سکتا ہے۔ مخرج کو برابر کرنے کے لئے دونوں کسور کو کسی بھی ایک عدد سے ضرب دے کر انکے مخرج برابر کیا جاتا ہے۔

**سرگرمی نمبر 3:**

پس فریکشن وال کی مدد سے ٹریز ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 80 اور 81 پر دی گئی چھوٹی، بڑی اور برابر کسور کے لئے خالی جگہوں پر **>، < اور =** کا درست استعمال کروانے کی مشق کروائے۔

سیشن:5.6 # لمبائی کمیت اور حُجم کی پیمائش
## Measurement Scale

**کل وقت:** 1 گھنٹہ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں کہ وہ:

- لمبائی اور چوڑائی کا تصور سرگرمیوں کے ذریعے سمجھا سکیں۔
- سینٹی میٹر اور میٹر کا فرق بتا سکیں۔
- روزمرہ زندگی میں استعمال ہونے والی اشیاء کی لمبائی اور چوڑائی ناپنا سکھا سکیں۔
- جمع اور تفریق کے بیانیہ سوالات حل کروا سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ▪ ٹرینر شرکاء کو یہ بات باور کروانا بہت ضروری ہے کہ بچے کہانیوں اور نظموں میں بہت دلچسپی لیتے ہیں اوراِس طریقہ تدریس کے ذریعے بچوں کے سیکھنے کا عمل دیرپا ہوتا ہے۔اس لئے ٹرینر شرکاء کواِن کی پچھلی پیشکش (presentation) کا حوالہ دیتے ہوئے بتائے کہ ریاضی کی کتاب کے ہر عنوان کا آغاز کہانی سے کیا گیا ہے اور بچوں کی دلچسپی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ''گڑیا کے کپڑے سینے'' کے حوالے سے لمبائی اور چوڑائی ناپنے کا ذکر کیا گیا ہے۔اِس کا مطلب ہے کہ جب ہم بحیثیت استاد بچوں کو کوئی نیا تصور سکھائیں تو ہمیں آسان سے مشکل کی طرف جانا چاہیے اس کہانی میں گڑیا کے کپڑے سینے کی بات سے ناپنے کا تصّور سامنے لایا گیا۔اِس طرح ٹرینر پہلے کتاب کے حوالے سے بات چیت کرے اور اس کے بعد شرکاء کو بتائے کہ وہ کمرہ جماعت میں بچوں کو لمبائی اور چوڑائی ناپنے کا تصور کیسے سکھائیں گے۔ چھوٹی چیزوں کو ناپنے کے لئے سینٹی میٹر کا پیمانہ استعمال کیا جاتا ہے اور سینٹی میٹر کو مختصر کر کے Cm لکھتے ہیں۔ مختلف چیزوں کی پیمائش کے لئے مختلف پیمانے رائج ہیں۔ لمبائی کی معیاری اکائی میٹر ہے اور یہ لمبائی کی بنیادی اکائی بھی ہے۔100 سینٹی میٹر سے 1 میٹر بنتا ہے۔ میٹر کو مختصر کر کے m لکھتے ہیں۔ بڑی چیزوں کی لمبائی اور چوڑائی ناپنے کے لئے میٹر کا استعمال کیا جاتا ہے۔ٹرینر شرکاء کو پیمانہ اور میٹر راڈ کے ذریعے سینٹی میٹر اور میٹر پڑھنے کا تصور سکھائے اور انھیں ہدایات دے کہ وہ بچوں کو بھی ایسے ہی سکھائیں۔ | 15 منٹ | پیمانہ، پیمائشی فیتہ، میٹر راڈ، تختہ تحریر، چاک، ریاضی کی کتاب، ٹوکری |

10 منٹ

**سر گرمی نمبر1 :**

ٹرینر ایک ٹوکری میں مختلف جسامت کی چھوٹی بڑی اشیاء مثلاً پنسلیں، پیمانے، ربڑ وغیرہ رکھیں اور شرکاء سے کہیں کہ وہ اِس ٹوکری میں سے لمبی اور چھوٹی چیزیں الگ الگ کریں یا مختلف قد کے شرکاء کو ایک قطار میں کھڑا کریں سب سے پہلے لمبے قد والے ممبر کو کھڑا کرے اور اِس کے بعد اُس سے چھوٹے اور پھر اُس سے بھی چھوٹے اِس طرح ترتیب وار کھڑا کریں۔ ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ اِس طرح کی سر گرمیاں بچوں کو اِس تصّور کی طرف راغب کرنے میں مدد دیتی ہیں۔

15 منٹ

**سر گرمی نمبر2 :**

ٹرینر شرکاء کو پیمانے، پیمائشی فیتہ اور میٹر راڈ پر سینٹی میٹر اور میٹر پڑھنے کی مشق کروائے۔ اِس کے بعد شرکاء کو گروپس میں تقسیم کیا جائے اور ذیل میں دی گئی سر گرمیاں دی جائیں۔

پہلا گروپ :ایک دوسرے کا قد، بازو، پاؤں، ٹانگ ناپنا اور اِس کی پیمائش کو لکھنا

دوسرا گروپ :ہال میں موجود اشیاء کو ناپنا۔

تیسرا گروپ :اسٹیشنری کی ٹوکری میں موجود چیزوں کو ناپنا

**نوٹ :اگر گروپ زیادہ بنانے کی ضرورت پیش آئے تو ٹرینر سر گرمیوں میں اضافہ بھی کر سکتا ہے۔ مثال کے طور پر پہلے گروپ کو دی جانے والی سر گرمی چوتھے اور پانچویں گروپ میں بھی دی جاسکتی ہے۔ جب تمام گروپ مقررہ وقت پر اپنا کام کرلیں تو باری باری آکر پیشکش (presentation) دیں۔ اِسی طرح ٹرینر شرکاء کو بھی کمرہ جماعت میں اپنے بچوں کے ساتھ ایسے ہی سر گرمیاں کرنے کی ہدایات دے۔**

10 منٹ

**سر گرمی نمبر3:**

- ٹرینر تختہ تحریر پر مندرجہ ذیل خاکہ بنائے اور شرکاء سے اس خاکے کے متعلق سوالات کرے۔

| | |
|---|---|
| 1. اپنے ٹیبل یا چٹائی کی لمبائی | میٹر |
| 2. اپنے ساتھی کے قد کی لمبائی | |
| 3. اپنی پینسل کی لمبائی | |
| 4. اپنے ربڑ کی لمبائی | |
| 5. اپنے کمرۂ جماعت کے تختہ تحریر کی لمبائی | |
| 6. اپنے پاؤں کی لمبائی | |

10 منٹ

**سر گرمی نمبر4:**

ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ بچوں کا عبارتی سوالات کو پڑھنا اور سمجھنا ضروری ہے۔ ٹرینر شرکاء کو کچھ اہم نکات بتائے کہ جس بیانیہ سوال میں ''بچا یا فرق'' کا لفظ استعمال ہو تو اِس کا مطلب ہے کہ

| | | |
|---|---|---|
| | | تفریق کا سوال ہے اور جہاں ''کل کتنے ہیں'' لکھا ہو تو اس کا مطلب ہے کہ یہ جمع کا سوال ہے۔ٹرینرریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 94اور 95 کے سوالات شرکاء سے عملی طور پر کرائے۔ |

سیشن:5.7 **وزن، مائع اور اشکال کو ناپنے کے پیمانے**

# Measuring Scales of Weight, Liquid and Shapes

کل وقت: 1 گھنٹہ 40 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

**اس سیشن کے بعد شُرکاء اس قابل ہو جائیں کہ وہ:**

- وزن کے پیمانوں گرام، کلو گرام اور مائع چیزوں کو ناپنے کے لئے لٹر کے بارے میں جان سکیں۔
- شرکاء سر گرمیوں کے ذریعے اِن پیمانوں کے بارے میں سیکھ سکیں اور مشق کر سکیں۔
- شرکاء نقطہ، قطعہ خط اور شعاع کی پہچان کر سکیں۔
- شرکاء سر گرمیوں کے ذریعے اشکال اور ان کی پیائش کر سکیں۔

| **ہدایات برائے ٹرینر** | **وقت** | **ریسورس میٹریل** |
|---|---|---|
| ▪ ٹرینر شرکاء کو گرام، کلو گرام اور لٹر کے بارے میں بتائیں کہ یہ وزن کے پیمانے ہیں۔ اعشاری نظام میں مختلف اشیاء کے وزن کی پیائش میں گرام یا کلو گرام کے پیمانے استعمال کیے جاتے ہیں جبکہ مائع چیزوں کی پیائش کے لئے لٹر کا پیمانہ استعمال کیا جاتا ہے۔ ٹرینر اِن کے بارے میں مزید تفصیلات کے لیے ٹیچر گائیڈ سے مدد لے سکے۔ | 10 منٹ | تختہ تحریر، چاک، مارکر، بوتلیں، باٹ، ریاضی کی کتاب |
| **سرگرمی نمبر 1:**<br>ٹرینر شرکاء سے کہے کہ وہ ریاضی کی کتاب کا صفحہ نمبر 102 کھولیں اور انہیں بتائیں کہ اِس صفحہ پر موجود کہانی کو کیسے بچوں کے ساتھ عملی طور پر کروائیں۔ چیزوں کا وزن معلوم کرنے کے لئے استعمال ہونے والے پیمانوں کو گرام **(gram)** اور کلو گرام **(kilogram)** کہتے ہیں۔ تھوڑے وزن والی چیزوں کو تولنے کے لئے ہم گرام کا پیمانہ استعمال کرتے ہیں۔ گرام کو مختصر کر کے **"g"** لکھتے ہیں۔ زیادہ وزن والی چیزوں کو تولنے کے لئے ہم کلو گرام کا پیمانہ استعمال کرتے ہیں۔ کلو گرام کو مختصر کر کے **kg** لکھتے ہیں۔ 1 کلو گرام میں 1000 گرام ہوتے ہیں۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ لفظ کلو کا مطلب ہے ایک ہزار اور اسی طرح ایک کلو گرام کا مطلب ہے ایک ہزار گرام (1000g) تولنے سے ہمیں پتہ چلتا ہے کہ کوئی چیز کتنی ہلکی یا بھاری ہے۔<br>**ایک پاؤ برابر ہے** 250 **گرام کے**<br>**آدھا پاؤ برابر ہے** 125 **گرام کے**<br>ٹرینر شرکاء کو ترازو، کے ذریعے گرام اور کلو گرام کے بارے میں بتائے۔ ٹرینر ایک چارٹ پر کلو گرام اور گرام کے باٹ بنائیں اور ان پر لیبل لگائے۔ ٹرینر پوچھے کہ 1 کلو گرام میں کتنے گرام | 10 منٹ | |

ہوتے ہیں۔ شرکاء میں سے ہی کوئی فرد آئے اور باٹ کی تصویر پر ہاتھ رکھ کر بتائے کہ 1000 گرام۔ پھر ٹرینر شرکاء سے پوچھے کہ ہزار گرام کے کتنے کلو گرام ہوتے ہیں۔ شرکاء بتائیں گے۔ 1 کلو گرام اسی طرح 2 کلو گرام، 3 کلو گرام اور 5 کلو گرام کے ساتھ سرگرمی کروائیں۔

**وزن کی اکائی**

ہم جب مارکیٹ جاتے ہیں تو مختلف اقسام کی اشیاء خریدتے ہیں۔ ان میں سے بہت سی اشیاء کو ترازو کی مدد سے ناپنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ مثلاً اگر ہم چاول، چینی یا دالیں وغیرہ کچھ مقدار میں خریدنا چاہیں تو ان سب کو ناپنے کے لئے ترازو کا استعمال کیا جاتا ہے۔ اعشاری نظام میں مختلف اشیاء کے وزن کی پیمائش کے لئے کلو گرام، گرام یا ملی گرام کو استعمال کیا جاتا ہے۔

**سرگرمی نمبر 2**

10 منٹ

ٹرینر پیمانوں کی پیمائش کے بارے میں ایک چارٹ بنائے اور تمام شرکاء کو دکھائے کہ آپ بھی کمرہ جماعت میں ایسا معلوماتی چارٹ بنا کر لگائیں۔

| | |
|---|---|
| 1 کلو گرام میں 1000 گرام ہوتے ہیں | 1000 گرام برابر ہوتا ہے 1 کلو گرام کے |
| 2 کلو گرام میں 2000 گرام ہوتے ہیں | 2000 گرام برابر ہوتا ہے 2 کلو گرام کے |
| 3 کلو گرام میں 3000 گرام ہوتے ہیں | 3000 گرام برابر ہوتا ہے 3 کلو گرام کے |
| 5 کلو گرام میں 5000 گرام ہوتے ہیں | 5000 گرام برابر ہوتا ہے 5 کلو گرام کے |

10 منٹ

- **مائع چیزوں کو ناپنے کے پیمانے**

**سرگرمی نمبر 3**

شرکاء کو لٹر اور ملی لٹر کی پیمائش سکھانے کے لئے ایک لٹر یا ڈیڑھ لٹر کی خالی بوتلیں شرکاء کو دیں اور انہیں بوتلوں میں پانی بھرنے کو کہیں۔ پھر شرکاء ان بوتلوں سے گلاس میں پانی انڈیل کر دیکھیں کہ ایک لٹر بوتل میں کتنے گلاس پانی ہوتا ہے یا ایک جگ میں ایک لٹر بوتل سے کتنا پانی بھرا جا سکتا ہے۔

ہر بہنے والی چیز کو مائع کہتے ہیں۔ ہم مائع کی پیمائش کے لئے لٹر اور ملی لٹر کا استعمال کرتے ہیں۔

**لٹر اور ملی لٹر کا استعمال**

مائع کی مقدار زیادہ ہو تو ہم لٹر کا پیمانہ استعمال کرتے ہیں۔ جبکہ ایک لٹر سے کم مائع کی پیمائش کے لئے ملی لٹر کا پیمانہ استعمال کر سکتے ہیں۔

**1000 ملی لٹر = 1 لٹر**

<table>
<tr>
<td></td>
<td>10 منٹ<br><br>10<br>منٹ</td>
<td>لٹر سے ملی لٹر بنانے کے لئے 1000 سے ضرب دیتے ہیں اور ملی لٹر سے لٹر بنانے کے لئے 1000 پر تقسیم کیا جاتا ہے۔<br>ہم ان اشیاء کی پیمائش کے لئے لٹر استعمال کرتے ہیں۔<br>* بڑی مقدار میں دودھ، پانی یا مشروب۔<br>* کوکنگ آئل یا بوتلوں کے اندر موجود مائع۔<br>*کاروں یا گاڑیوں کے لئے پٹرول<br>سرگرمی نمبر4<br>ٹرینر شرکاء سے درج ذیل سرگرمی کروائیں۔ مندرجہ ذیل مقداروں کی پیمائش کے لئے کون سا پیمانہ استعمال کریں گے لٹر یا ملی لٹر؟
<table>
<tr><td>ملی لٹر</td><td>پن(Pen) میں استعمال ہونے والی سیاہی</td></tr>
<tr><td></td><td>گوالے کا جمع کیا ہوا دودھ</td></tr>
<tr><td></td><td>کسی کپ میں دودھ</td></tr>
<tr><td></td><td>کسی سکوٹر کے لئے پٹرول</td></tr>
<tr><td></td><td>کھانسی کا سیرپ</td></tr>
</table>
سرگرمی نمبر5<br>ٹرینر شرکاء کو مائع چیزوں کے روایتی پیمانے کے لیے ریاضی کی کتاب کے صفحہ نمبر 111 اور 112 پر دی گئی ورک شیٹ استعمال کروائے۔</td>
</tr>
<tr>
<td></td>
<td>10 منٹ</td>
<td>جیومیٹری کے بنیادی تصوّرات (The Basic Concepts of Geometry)<br>نقطہ (Point) .<br>*نقطہ جیومیٹری کی ایک بنیادی شکل ہے۔<br>*جیومیٹری کی دوسری تمام اشکال نقاط کی مدد سے بنتی ہیں۔<br>* نقطے کو کاغذ پر چھوٹے سے ڈاٹ (Dot) سے ظاہر کیا جاتا ہے۔<br>* نقطے کو ظاہر کرنے کے لئے انگریزی کے بڑے حروف تہجی A,B,C,P,Q وغیرہ استعمال کیے جاتے ہیں۔<br>سرگرمی نمبر1:</td>
</tr>
</table>

ٹرینر کاغذ کی ایک شیٹ لے اور اس کو تہہ کرے پھر دوبارہ لمبائی کے رُخ میں تہہ کرے۔اب اِس کو کھولے کاغذ پر دونوں لائنیں ایک دوسرے کو ایک ہی مقام پر مل رہی ہیں یہ مقام نقطہ کہلاتا ہے۔نیز تختہ تحریر پر شکل بھی بنائیں۔

10 منٹ

نوٹ :ٹرینر شرکاءسے بھی یہ سرگرمی عملی طور پر کروائے۔

**قطعہ خط (Line Segment)**

*قطعہ سے مراد چھوٹا ٹکڑا ہے۔

*قطعہ خط،خط کا ہی ایک چھوٹا حصّہ یا ٹکڑا ہوتا ہے۔

*اس کے دو(2) سر اور مخصوص لمبائی ہوتی ہے۔

*قطعہ خط کو ہمیشہ اس کے ناموں سے ہی پکارا جاتا ہے۔

*قطعہ خط کی لمبائی کو ناپا جا سکتا ہے۔

*قطعہ خط کو جیومیٹری کی مختلف اشکال مثلاً مثلث،چوکور وغیرہ بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

* B———————A اس کو علامتی طور پر $\overline{AB}$ لکھتے ہیں۔

10 منٹ

**سرگرمی نمبر:2**

ٹرینر ایک دھاگہ کا ٹکڑا لے کر اس کے دونوں سروں کو پکڑ کر شرکاء کو قطعہ خط کا تصور واضح کرے اور پھر ایک قطعہ خط کی شکل تختہ تحریر پر بنائے۔اور شرکاء کو بتائے کہ اس کی شکل قطعہ خط کو ظاہر کرتی ہے۔

**سرگرمی نمبر:3**

ٹرینر کمرے کے سیدھے کنارے،میز کے سیدھے کنارے،ڈیسک،کتاب کے کنارے دکھا کر قطعہ خط کے تصور کو مزید واضح کرے۔

**سرگرمی نمبر:4**

ٹرینر کاغذ کی ایک شیٹ(A4) لے کر اسے تہہ کرے پھر اس کی تہہ کو کھول کر شرکاء کو دکھائے۔کاغذ کی سطح پر سیدھی لکیر کا نشان قطعہ خط کی مثال ہے۔

**شعاع (Ray)**

10 منٹ

A ————→

*شعاع کا صرف ایک سرا ہوتا ہے۔

*شعاع کے ایک سرے پر تیر کا نشان ہوتا ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ اسے اس طرف سے لا محدود فاصلے تک بڑھایا جا سکتا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| *اسکانقطہ آغاز معلوم ہوتا ہے جبکہ نقطہ اختتام معلوم نہیں ہوتا۔<br>*اس کی پیمائش ممکن نہیں۔<br>**سر گرمی نمبر:5**<br>ٹرینر ایک ٹارچ کو کمرۂ جماعت میں اندھیرا کر کے روشن کرے۔ پھر شرکاء سے پوچھے کہ ٹارچ سے باہر کیا نکل رہی ہیں؟ شرکاء جواب دیں گے کہ کرنیں یا شعاعیں۔ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ ٹارچ کے ایک طرف سے شعاعیں نکل رہی ہیں اور دوسری طرف پھیل رہی ہیں۔اسی طرح ٹرینر شرکاء کو بتائے کہ جلتے ہوئے بلب کی روشنی بھی اسی قسم کی شعاعیں ہیں جن کا نقطہ آغاز تو ہے مگر انتہا نہیں ہے۔ جس مقام سے یہ شعاعیں نکلتی ہیں وہ ان شعاعوں کا سرا کہلاتا ہے۔ | | |

# سیشن 5.8: تعلیمی کیلنڈر برائے پیکج B

## Academice Calendar for Package B

**کل وقت:** 40منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- پیکج B کے تعلیمی کیلنڈر کے بارے میں جان سکیں۔
- پیکج B کے تعلیمی کیلنڈر کو روزمرّہ ٹیچنگ میں استعمال کر سکیں۔

| ہدایات برائے ٹریز | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ٹریز شرکاء سے پوچھے کہ تعلیمی کیلنڈر کیا ہوتی ہے؟ شرکاء کی رائے کے بعد بتائیں کہ پیکج B کے تعلیمی کیلنڈر پوری ایک مکمل گائیڈ یعنی کہ رہنمائی ہوتی ہے جس کے تحت اساتذہ نصاب کو مقررہ وقت کے مطابق مکمل کرتے ہیں۔ | 10منٹ | ہینڈآؤٹ |
| **گروپ ورک:**<br>شرکاء کو گروپس میں بٹھائیں اور کہیں کہ وہ پیکج B کے تمام درسی کتب اور ٹیچر گائیڈ کو سامنے رکھتے ہوئے 10 ماہ میں تقسیم کریں۔ شرکاء سے کہیں کہ وہ نصاب کی تقسیم کے تحت ہر طرح کی چھٹیوں کو پہلے سے پڑھانے والے دِنوں سے نکال دیں۔ مثال کے طور اگر ایک ماہ میں 4 اتوار آتے ہیں تو پہلے وہ نکالیں پھر اگر کوئی خاص دِن کی چھٹی ہو سکتی ہے اُسے بھی ان دِنوں میں شمار کر لیں۔ اسکے بعد وہ دِن جن میں ٹیچر نے پڑھانا ہے انھیں گن لیں۔ اب اس کے بعد وہ تمام نصاب کو پڑھائے جانے والے دِنوں میں تقسیم کر لیں۔ اس کے علاوہ ٹریز بتائیں کہ ان 10 ماہ میں دو طرح کے<br>امتحانات بھی لئے جائیں گے ایک درمیان میں یعنی کہ پانچ ماہ بعد mid term اور آخر میں final term کے امتحانات بھی لئے جائیں گے۔ لہذا تعلیمی کیلنڈر میں ان کو بھی شامل کیا جائے گا۔<br>ٹریز شرکاء کو نیچے دیئے گئے فارمیٹ بورڈ پر بنا کر سمجھا سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر | 30منٹ | چارٹس، مارکرز |

| نمبر شار | عنوانات | صفحہ نمبر | کل دِن |
|---|---|---|---|
| | | | |
| | | | |

<table dir="rtl">
<tr>
<td><table><tr><td></td><td></td><td></td><td></td></tr></table>
ٹرینرز اس کے بعد تمام شرکاء کے کام کی پیشکش (presentation) لیں اور اس میں مزید بہتری کے لئے رائے دیں۔ ٹرینرز خود سے تمام شرکا کو پہلے سے بنائی ہوئی اسکیم آف سٹڈی بھی فراہم کر لے اور گروپ ورک کے بعد بھی دے کر مزید وضاحت کر سکتے ہیں۔<br>گروپ ورک<br>شرکاء کو گروپس میں بٹھائیں اور کہیں کہ ایک سبق کو چار دِنوں میں تقسیم کریں اور بتائیں وہ ایک سبق کو چار دِنوں میں کیسے پڑھائیں گے۔</td>
<td></td>
<td></td>
</tr>
</table>

# 6-ٹریننگ کی اختتامی سرگرمیاں

کل سیشن: 3

کل وقت: 2 گھنٹے 45 منٹ

## سیشن 6.1: مائیکروٹیچنگ

## Micro Teaching

**کل وقت: 2 گھنٹے**

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاءاس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ٹریننگ کے مقاصد اور ٹریننگ پلان بنا سکیں۔
- ٹریننگ سے پہلے ٹریننگ سیشنز کی عملی مشق سے گزر سکیں۔
- مائیکروٹیچنگ کے تحت پڑھانے کے عمل میں پختگی لا سکیں گے۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| ٹرینر شرکاء سے کہیں کہ وہ ٹریننگ حاصل کرنے بعد ٹریننگ کروانے اور اسکے پلان کی مشق کریں تاکہ ٹریننگ کے دوران کسی قسم کی دشواری کا سامنانہ کرنا پڑے۔ٹرینر شرکاء کو گروپس میں بٹھائیں اور کہیں کہ وہ ٹریننگ کے مقاصد لکھیں اور اس کے ساتھ ساتھ نیچے دیئے گئے فارمیٹ کے مطابق ٹیچر ٹریننگ پروگرام تیار کریں۔ | 20 منٹ | ٹریننگ مینوئل، چارٹس، مارکر، ہینڈ آؤٹ |
| **مائیکروٹیچنگ**<br>ٹرینر زبانی بتائیں کہ مائیکروٹیچنگ کیا ہوتی ہے؟ اور پھر بتائے کہ "مائیکروٹیچنگ ایک ایسی تدریسی تکنیک ہے جس میں اساتذہ یا پڑھانے والوں کے عمل کو ریکارڈ کرکے مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ جس میں ساتھی اساتذہ یا پڑھائے جانے والے طلباء پڑھانے کے عمل پر قابل عمل آراء دیتے ہیں تاکہ پڑھانے کے عمل میں بہتری لائی جاسکے۔"<br>یا پھر اس کو آسان لفظوں میں کچھ یوں سمجھا جاسکتا ہے کہ ٹیچر کو پڑھانے کی مشق کروانا ہے تاکہ اساتذہ طلباء کے سامنے بہتر اور مؤثر انداز میں پڑھا سکیں۔ جس میں مخصوص سبق کے مقاصد کو سامنے رکھ کر پڑھانے کے عمل کو پرکھا جاتا ہے اس عمل سے ٹیچر طلباء کو سبق پڑھاتے وقت تمام اہم پہلوؤں کو ذہن میں رکھ سکیں گے جبکہ اس عمل کے دوران پڑھائے جانے کے تمام چھوٹے چھوٹے عوامل کا بغور تجزیہ کیا جاسکے تاکہ تدریس کے عمل کو بہتر بنایا جائے۔ | | |
| 1. تمام شرکا کو بتائیں کہ ہم اُردو، انگریزی اور ریاضی کے مضامین کی مائیکروٹیچنگ کرنے جا رہے ہیں جس کے لئے مثالی اسباق کو استعمال میں لاتے ہوئے پڑھنا ضروری ہے۔ان اسباق کو تمام شرکاء کو بڑے تین گروپس میں تقسیم کریں اور ہر گروپ ایک سبق کی | 20 منٹ | مثالی اسباق درسی کتاب، ٹیچر گائیڈ، چارٹس، مارکرز |

| | | |
|---|---|---|
| تیاری کے بعد پیشکش (presentation) دے گا۔ تمام شرکا کو ہدایات دیں۔<br>.2 ہر گروپ ایک لیڈر کا نام منتخب کر لے۔ (ٹرینیز انکے نام نوٹ کر لے)<br>.3 سبق کے ریسورس میٹریل کو تیار کرنے کے لئے تمام گروپ ممبر حصّہ لیں تاکہ سب کو سیکھنے کا موقع مل سکے۔<br>.4 ٹرینیز کی طرف سے دیا گیا ٹریننگ ریسورس میٹریل استعمال کرنے کے بعد ٹرینیز کو واپس کر دیں۔<br>.5 تمام گروپس کی بہترین پیشکش (presentation)، منظم گروپ ورک اور باہمی تعاون کے لئے حوصلہ افزائی کریں۔<br>.6 وقت کی پابندی کرنا نہایت ضروری ہے۔<br>.7 گروپ ورک کی پیشکش (presentation) کرنے اور پڑھانے کے طریقے پر ٹرینیز اور شرکا بات کر سکتے ہیں۔<br>.8 گروپ ورک کی پیشکش (presentation) کے دوران سوال کر نہیں سکتے۔ جبکہ اس کے بعد سوالات کئے جا سکتے ہیں۔<br>.9 شرکا کی حوصلہ افزائی اور بہتری کے لئے فیڈ بیک دیا جائے گا۔ | 1 گھنٹہ | چارٹس، مارکر، مالیاتی درسی کتب، ٹیچر گائیڈز، فالتو اشیا (گتے کے ڈبے، بوتلوں کے ڈھکن، خالی بوتلیں وغیرہ وغیرہ) |
| **.1 مائیکروٹیچنگ کی تیاری**<br>.1 تمام شرکا کو گروپس میں تقسیم کریں اور ہر گروپ کو درج ذیل طریقے سے نصاب بانٹ دیں اور کہیں کہ مثالی اسباق کو سامنے رکھ کر<br>گروپ: 1 اُردو<br>گروپ: 2 انگریزی<br>گروپ: 3 ریاضی<br>.2 تمام گروپس کو گروپ ورک کے لئے ریسورس میٹریل دیں۔<br>.3 ہر گروپ سب سے پہلے اپنی سرگرمی کو مدّ نظر رکھتے ہوئے ٹریننگ سیشن تیار کریں جو کہ فلپ چارٹ پر لکھے جائیں گے۔ گروپس سیشن کے لئے ٹریننگ مینوئل کو استعمال کریں گے۔<br>.4 سبقی منصوبہ بندی کے بعد گروپس خود سے سبق کو پڑھانے کے طریقے پر بات چیت کریں۔ | 20 منٹ | |

| | | |
|---|---|---|
| | | **.2 مائیکروٹیچنگ کی پیشکش(presentation)اور فیڈبیک**<br>تمام گروپس عملی طور پر تیار کردہ سبق کو عملی طور پر پڑھائیں گے اور ہر گروپ کی پیشکش(presentation)کے بعد فیڈبیک دیا جائے گا تاکہ مائیکروٹیچنگ کو موثر طریقے سے پڑھایا جاسکے۔ |

## سیشن:6.2 ٹریننگ فالوآپ وزٹ کرنا

## Training Follow Up Visit

کل وقت:30منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاءاس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ٹریننگ کے فالواپ کے طریقہ کار کو سمجھ سکیں
- ٹریننگ فالوآپ کی مہارتوں اور پر فارمے سمجھ کر استعمال کر سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| • ٹرینر تمام شرکا سے پوچھے کہ ٹریننگ فالوآپ کرنا کیوں ضروری ہے؟شرکاء کے جوابات حاصل کرنے کے بعد بتائے کہ کسی بھی ٹریننگ کا فالوآپ کرنا نہایت ضروری ہے۔غیر رسمی طریقہ تدریس میں فالوآپ کی مدد سے سیکھنے کے عمل کو مزید بہتر کیا جاتا ہے۔<br>• ٹرینر پوچھے کہ پہلے کن کن شرکاءنے ٹریننگ کا فالوآپ کیا ہے؟<br>• ٹرینر شرکاء کے ساتھ پیکج B کا فالوآپ فارم دیں اور ٹرینر شرکاء کو اس کو پُر کرنے کا بتائے۔<br>• شرکاءسے پوچھے کہ فالوآپ کرتے وقت کن کن باتوں کا خیال رکھا جائے۔اس کے بعد شرکاء کو بتائیں کہ فالوآپ کرتے وقت چند اہم باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے جیسا کہ :<br>• ٹرینر کمرہ جماعت میں وقت سے پہلے پہنچے۔<br>• ٹرینر اپنے موبائل کو Silent mode پر کردے۔<br>• ٹرینر فالوآپ فارم کو کچھ اس طرح پُر کرے کہ ٹیچر کو محسوس نہ ہو سکے۔<br>• مشاہدے کے دوران نہایت تحمل مزاجی سے ٹیچر کے پڑھانے کے انداز کو دیکھے اور طلباء کی سیکھنے کے عمل میں شمولیت کا بھی بغور جائزہ لیں۔<br>• ٹیچر جب پڑھائی کے عمل سے فارغ ہو جائے تو مشاہدے میں دیکھی گئی باتوں کو ٹیچر کے ساتھ نہات مثبت اور نرم لہجے میں بتایا جائے۔پہلے ایسی باتیں بتائی جائیں جو کہ ٹیچر نے بہت بہتر انداز میں کی اور پھر وہ تمام اہم نکات بتائے جہاں ٹیچر کو خود کو بہتر کرنے کی ضرورت ہے۔<br>• فالوآپ کے دوران ٹرینر سبق کو خود سے بھی پڑھا کر ٹیچر کی رہنمائی کرے تا کہ وہ بھی اس طریقہ کار کو اپنا سکے۔<br>• ٹرینر ٹیچر کی حوصلہ افزائی کرے۔<br>شرکاء کو بتائے کہ ماہانہ بنیاد پر تمام اساتذہ سے میٹنگ کرنا اور فالوآپ وزٹ میں کی جانے والی مشاہداتی رپورٹ کو ٹیچر سے شیئر کرنا ایک نہایت اہم کام ہے۔ | 30منٹ | ٹریننگ فالوآپ فارم |

# سیشن 6.3: ٹریننگ کی اختتامی سرگرمیاں

## Training Closing Activities

کل وقت: 15 منٹ

**سیشن کے مقاصد:**

اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ

- ٹریننگ کا اختتام کیسے کیا جاتا ہے۔
- ٹریننگ کی اختتامی سرگرمیوں کو سمجھ کر عملی طور پر ٹریننگ میں استعمال میں لا سکیں۔

| ہدایات برائے ٹرینر | وقت | ریسورس میٹریل |
|---|---|---|
| 1. ٹرینر تمام شرکا سے ٹریننگ کے بارے میں جاننے کے لئے نیچے دیئے گئے سوالات کو بورڈ پر لکھیں۔ جس کے جواب شرکا اپنی اپنی نوٹ بک پر لکھیں گے۔ تین ایسی چیزیں لکھیں جو کہ آپ نے ٹریننگ سے سیکھی ہیں جس کا استعمال آگے ٹریننگ میں کر سکیں۔<br>ایسی تین چیزیں بتائیں جو کہ آپ نے پہلی بار اس ٹریننگ میں سیکھی ہیں؟<br>اچھی ٹریننگ کروانے کے لئے کن کن اہم باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے؟<br>2. چند شرکا سے کہیں کہ وہ اپنے جوابات باقی شرکا کے ساتھ شیئر کریں۔<br>3. تمام شرکا اپنے متعلقہ علاقے کے مطابق گروپس بنالیں اور ٹریننگ ایکشن پلان فارم کو مکمل کریں۔<br>4. ٹرینر شرکا سے پوچھیں کہ کیا وہ مزید کسی چیز کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں تو سوال کر سکتے ہیں۔<br>5. ٹریننگ جائزہ فارم: تمام شرکا کو ٹریننگ کا جائزہ فارم دیں اور کہیں کہ اس کو مکمل کریں۔<br>6. تمام شرکا کو ٹریننگ میں بھرپور طریقے سے شرکت کرنے اور سیکھنے کے عمل میں مدد کرنے پر شکریہ ادا کریں۔<br>7. آخر میں شرکا کو ٹریننگ سرٹیفیکیٹ دیئے جائیں گے۔ | 15 منٹ | ٹریننگ ایکشن پلان،<br>ٹریننگ جائزہ فارم |

# 7-ہینڈ آؤٹس(Handouts)

## ٹریننگ پروگرام

# Teacher's Training on NFBE Package B-(Tentative)

**Punjab**

**Objectives are:**

- To orientate teachers over the ALP approach and how to use the textual material and teachers' guides of Urdu, Islamiat, Mathematic,s and English.
- To demonstrate complete information of ALP teaching learning materials of Package B.
- To enhance the capacity of teachers to implement methodologies and approaches of ALP Package B.
- To ensure teachers are well equipped on Package B assessment techniques and its application.
- To familiar with the role and responsibilities of ALP Teachers in their respective jurisdiction during the implementation of the project.

| Sr.# | Duration | Session | Methodology | Responsible Person |
|---|---|---|---|---|
| **Day 1** | | | | |
| **1** | 9.00 – 10.45 | **Session 1: Introduction and Background** | | |
| 1.1 | | Registration and Recitation from Holy Quran | | |
| 1.2 | | Welcome note | | |
| 1.3 | | Objectives of training | | |
| 1.4 | | Briefing on key findings of assessment of Package A | | |
| 1 5 | | Introduction of participants | Activity | Trainer |
| 1.6 | | Workshop rules | | |
| | | Tea Break: 15 min | | |
| **2** | 11.00 – 12.00 | **Session 2: Curriculum Overview (Package B)** | | Trainer & Participants |
| 2.1 | | What is the ALP curriculum/syllabus/text books (Material)? | ToT Manual | |
| 2.2 | | Diversity and learning needs in NFE/ALP | Discussions | |
| **3** | 12.00 – 1.00 | **Session 3: Introduction of Materials (Package B)** | | |
| 3.1 | | Introduction of Urdu Learner book & teacher Guide<br>Connections of Package B with Package A. | training Manual, Discussion | |
| 3.2 | | | | |
| | | Lunch Break: 1 hour | | |
| **4** | 2.00 – 5.00 | **Session 4: Overview of Urdu Teacher Guide & Learners book (Package B)**<br>Main topics, concepts & grammar of Urdu-Package B | Package B book, Activities, discussions | Trainer |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 4.1 | | **Session 5: Urdu Package B philosophy, techniques & concepts**<br>• How to link Phonemes with reading and writing through effective use of Urdu language skills. | | Trainer |
| **Day 2** | | | | |
| **1** | 9.00 – 11.00 | **Review of the Day** | | Trainer |
| | | **Session 1: How to teach Urdu Subject**<br>• Teaching Methodologies<br>• Words, sentences and story making in Urdu<br>• Lesson planning & steps of Teaching<br>(Activity based teaching)<br>• Reading comprehension<br>• How to use book and teacher guide in classroom according to Methodology. | Presentation & Discussions | Trainer |
| | | **Session2: Teaching Grammar in Urdu**<br>teaching punctuation, paragraph writing, story writing, basic part of speech)<br>Practice session/feedback | Presentation & Discussions | |
| | | Tea Break :15 Minutes | | |
| **2** | 12: 00 - 1:00 | **Session 2: Assessment Techniques in Urdu** | | Trainer |
| | | Effective use of Assessment | | |
| **2.1** | | **Session 3: How to teach Urdu-Package B (Model Lesson)**<br>• How to teach Urdu Lesson<br>• Demonstration of Model Lesson | Presentation | Trainer |
| | 1:00-2:00 | Lunch Break 1 hour | | |
| 3.1 | 2:00-5:00 | **Session 4: Urdu Package B Model Lesson Preparation & Presentation**<br>• Group formation for model lesson presentation | Group assignment & Discussion | Trainer |
| 3.2 | | • Urdu Scheme of study –Package B | Presentation | Trainer |
| 3.3 | | Recap the session | | Participants |
| **Day 3** | | | | |
| **1** | 9.00 – 09.20 | **Recitation and Review of the previous day** | | |
| | 9.20 – 10.00 | **Session 1: Review of English-Package B**<br>Overview of English Teacher Guide and Learners book<br>Identification of key topics of language skills and grammar | Group work and Presentation | Trainer |
| | 10.00 – 11.15 | **Session 2: How to teach English-Package B**<br>How to link Phonemes with reading and writing<br>Effective use of English Language skills<br>Reading comprehension | Presentation & Discussions | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| Tea Break: 15 Minutes | | | | |
| **2** | 12:00-1:00 | **Session 3: Teaching Techniques of English Grammar**<br>How to teach English lesson (Model Lesson)<br>English Scheme of Study- Package B | Presentation & Discussions | Trainer |
| Lunch Break: 1 hour | | | | |
| 3 | 2:00 -3:00 | **Session: 3. Demonstration of Model Lesson** preparation & Presentation | Demonstration | Trainer |
| 3.1 | 3:00 – 5:00 | Group presentation of model lessons & feed back | Group assignment & Discussion | Participants |
| 3.2 | | **Recap the day session** | Presentation | |
| **Day 4** | | | | |
| **1** | 9:00-11:00 | **Recitation and Review of all Previous days** | | |
| 1.1 | | **Session 1: Overview of Math Teacher Guide & Learners book** | Demonstration, discussion, | Trainer |
| | | How to use book and teacher guide in classroom according to Methodology. | Group work & Presentation | |
| | | Practice session/feedback | | Participants |
| Tea Break :15 minutes | | | | |
| 1.2 | 11:20-1:00 | **Session 2: How to Teach Math -Package B**<br>**Concept of different Scaling Methods**<br>**Reinforcement the concepts of Unit, Tens & Hundreds**<br>Place value<br>Units, tens and hundred (cards, straws& Matchbox<br>**Concept of different Scaling Methods**<br>Weight scales (Gram, Kilograms & liters' etc.<br>(Use of bottles, different weight scales & flash cards)<br>**Algebraic operations**<br>Multiplication<br>Use of Magic chart<br>Activities with participants about Even and odd numbers Geometrical shapes<br>**Fractions**<br>Concept of fraction<br>Comparison of fraction<br>Types of fractions (proper and Improper)<br>Making of fraction chart | ToT Manual, discussion, Presentation, | Trainer & Participants |
| | | Practice session/feedback | | |
| Lunch Break :1 hour | | | | |
| **2** | 2:00 -5:00 | **Model Session Presentation** | ToT Manual, discussion, Presentation, | Trainer & Participants |
| 2.1 | | Group formation for a model Session presentation<br>Feedback and suggestion | | |
| | | **ALP Scheme of Study Math - Package B** | | |
| 2.2 | | | | |

| Day 5 Islamiat and Use of Academic Calendar | | | | |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 9:00- 9:15 | **Recitation and last day Review** | | |
| 2 | 9:15-11:00 | **Session 1: How to teach Islamiat?** | PPTs, discussion, Group work | Trainer & Participants |
| 3 | 11:00-1:00 | **Session 2: Academic Calendar & its Effective Use** | PPTs, discussion, Group work | Trainer & Participants |
| 4 | 2:00-5:00 | **Training Closing Activities**<br>Preparation of plan of Action<br>Post Test<br>Evaluation And Suggestions<br>Certificate distribution<br>Closing Remarks | | Trainer & Participants |

# Goals of Accelerated Learning Curriculum

## Curriculum Goal

The Learning Goals define what learners might be expected to know, what they might be able to do and the understandings they might develop as they move through the different steps of a school program. Well-written learning goals guide teaching & and learning and assessment & evaluation practices.

The realization of goals enables learners to realize their potential as unique individuals, develop as social beings through living and cooperating with others and contribute to the good of society. Moreover, the fulfilment of the goal prepares them well for further education and lifelong learning.

A well-designed curriculum is built on a clear vision of what it aims to achieve. It should, therefore, incorporate:

- Clear values that reflect ideals of nation building and global citizenship;
- Clear aims that reflect cultural harmony and unity;
- Principles that promote intellectual, spiritual, aesthetic, emotional, social and physical development of all learners;
- A mechanism to refine the inbuilt potential of learners to make them active contributors in society; and
- Higher order thinking for better cohesion of theory and practice.

The curriculum also needs to incorporate a range of components including:

- Aims, goals and objectives;
- Subject matter and content;
- Learning activities; and
- Assessment and evaluation practices.

# EQUIVALENCE FRAME

## Division of Packages and Grades

Division of Packages and equivalent grades of formal education along with duration and daily teaching & learning hours is as under:

| Packages | Grades covered | Duration | Daily Instructions |
|---|---|---|---|
| Package A | up to Grade 1 | 8 months | 4 hours |
| Package B | Grade 2 & 3 | 10 months | 4 hours |
| Package C | Grade 4 & 5 | 12 months | 4 hours |
| **Total** | | **30 months** | |

Packages/ Grades, Pre-Requisite, Course Duration and Certification

Packages, equivalent grades in formal education, pre-requisite for admission in NFBE/ALP-P, information about assessment, certification and continuing education are given below:

| Packages | Pre-requisite | Duration | Description | Core Subjects | Assessment | Certificate | Continuing Education |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Package A | Admission for out of school children | 8 months | Katchi + Pakki + Grade 1 | 1: Languages (Urdu, English)<br>2: Mathematics<br>3: Social Studies, Sciences (integrated in languages)<br>4: Islamiyat | Internal Assessment L&NFBED and Implementing partners | Yes (Package A completion certificate after internal assessment) | In Package B in ALP and in grade 2 in formal schools |
| Package B | Children after completing package A<br>Children demonstrating competencies of grades 2 and 3 (through placement tests). | 8 months | Grades 2 & 3 | 1: Languages (Urdu, English)<br>2: Mathematics<br>3: Social Studies, Sciences (integrated in languages)<br>4: Islamiyat | Internal Assessment L&NFBED and Implementing partners | Yes (Package B completion certificate after internal assessment) | In Package C in ALP, and in grade 4 in formal schools.<br>Learners can also join formal schools during the package B in grade 3 or grade 4 for continuing education |
| Package C | Children after completing package B<br>Children having grade 3 or 4 level competence | 14 months | Grades 4 & 5 | Subject wise or discipline-oriented approach will be followed;<br>1: Urdu<br>2: Islamiyat<br>3: English<br>4: Mathematics<br>5: Science<br>6: Social Studies | External / Terminal Assessment Punjab Education Commission (PEC) / As per Govt. Policy | Yes<br>1. upon completing package C through terminal assessment<br>2. During the course | Learners with package C certificate can seek admission in grade 6 or Package D of the ALP (elementary)<br>Learners can seek admission in grade 4 or 5 in formal schools. |

## Coding Scheme:

To understand alignment among Standards, Benchmarks, SLOs, Content and Assessment, a systematic coding scheme has been followed.

The elaboration of coding scheme is as follows:

**Complete Cod of SLO: E1Ab101:**

| | | |
|---|---|---|
| **E** | = | Initial letter for concerned subject e.g., E for English, GS for General Science, M for Mathematics, SS for Social Studies, I for Islamiyat and U for Urdu. |
| **E1** | = | 1 is for Standard number i.e., E1 is for English Standard number 1. |
| **E1A** | = | A is for Package i.e., E1A is for English Standard number 1 Package A. |
| **E1Ab** | = | b is for Benchmark |
| **E1Ab1** | = | E1Ab1 is English Standard number 1 Package A and Benchmark 1. |
| **E1Ab101** | = | 01 is SLO number. The elaboration of complete code E1Ab101 is English Standard number 1 Package A, Benchmark number 1 and SLO 01. |

# English (Package B)

**Strand/Competency: Oral Communication Skills (Listening and Speaking)**

**Standard E1:** Students use appropriate social and academic conventions of spoken discourse for effective oral communication with individuals and in groups, in both formal and informal settings.

| **Benchmark E1Bb1:** The learners will be able to recognize sound patterns in statements and questions as they occur in classroom texts. | | | | |
|---|---|---|---|---|
| **Sr. No.** | **SLO** | **Content** | **Teaching Methodology** | **Assessment Techniques** |
| E1Bb101 | Pronounce and spell simple words with silent letters such as '*w*' in *write* and '*k*' in *know*. | Dialogue (interpersonal communication). Making friends | Ask the students to identify and tell the words with silent letters from the text. | Observation<br>Oral Questioning |
| E1Bb102 | Articulate, recognize and use some formulaic expressions to offer and respond to basic routine greetings. | Dialogue (interpersonal communication). | Role Play.<br>Ask the students to enact a few dialogues from the text in the class. | |
| E1Bb103 | Express and offer a few basic social courtesies. | Dialogue | Role play | |
| E1Bb104 | Introduce self and talk about family. | | Role play | |
| E1Bb105 | Listen and respond to more commands. | | Guided Activity/ Role play | |
| E1Bb106 | Express limited needs and feelings | | Role play | |
| E1Bb107 | Seek permission to do something. | | Role play | |

# اُردو پیکیج B (جماعت دُوم وسوم)

## سُننا، بولنا اور تقریر

## (Listening, speaking and speech)

**معیارStandard U1:** مختلف نوعیت کے اُردو اقتباس سُن کر سمجھنا اور معنی کا ادراک کرتے ہوئے روز مرہ بول چال کے جملوں میں درست تلفّظ اور مناسب لب ولہجہ استعمال کرنا۔

**حدِ تدریج U1Bb1:** اُردو حروفِ تہجی کی شناخت، اصوات (آوازوں) کی پہچان اور حروف کی مختلف شکلوں (لفظوں کے جوڑ وغیرہ) کو سمجھنا اور حروف سے لفظوں کی تشکیل کا ادراک کرنا۔

| Assessment Techniques<br>جائزہ تکنیک | Activities<br>سر گرمیاں | Content<br>متن | SLOs<br>حاصلاتِ تعلّم | Sr. No.<br>نمبر شمار |
|---|---|---|---|---|
| مشاہدہ<br>زبانی امتحان | تصویر کی مدد سے گفت وشنید | بات چیت کے لیے عنوانات، کہانیاں اور نظمیں جنھیں اُستاد مثالی انداز میں پڑھے گا۔ | طلبہ اس قابل ہوں کہ:<br>انفرادی آوازیں سُن کر آوازوں کو درست طریقے سے ملا کر لفظ بنا سکیں۔ (توڑ سے جوڑ) | U1Bb101 |
| | فکری تحرک | تصاویر کے حوالے سے پہلے | لفظ میں موجود انفرادی آوازوں کو پہچان کر درست طریقے سے الگ الگ کر سکیں۔ (جوڑ سے توڑ) | U1Bb102 |
| | کردار کاری | اور بعد کی سر گرمیاں۔ | لفظ کی ابتدائی اور آخری آواز تبدیل ہونے پر نئے لفظ کو درست طریقے سے سُن اور بتا سکیں۔ | U1Bb103 |
| | تمثیل کاری | **مجوزہ موضوعات، عنوانات اور تصورات** | عبارت، واقعہ یا کہانی سُن کر اس کے اجزا مثلاً کردار، مقامات، افراد، واقعات وغیرہ سُن کر مخصوص ردِّ عمل کا اظہار کر سکیں۔ | U1Bb104 |
| | الفاظ کا کھیل | **نثری اسباق:**<br>۱۔ سیرتِ طیبہ (دیانت | تقریر سُن کر اس کے اجزائے کلام (ابتدا، اہم نکات، نتائج) کو سمجھ کر اپنے خیالات کا اظہار کر سکیں۔ | U1Bb105 |
| | | داری)، ۲۔ پاکستان ہمارا گھر، ۳۔ جانور، ۴۔ تحریکِ | اُردو میں کی گئی گفتگو کو سمجھ سکیں اور سوالوں کا جواب دے سکیں۔ | U1Bb106 |
| | | پاکستان، ۵۔ مسکن، ۶۔ صحت | روز مرہ کی ہدایات کو سُن کر عمل کر سکیں۔ | U1Bb107 |
| | | اور غذا، ۷۔ آؤ پودے لگائیں، | اپنے خیالات کا اظہار صحیح تلفّظ اور مناسب لہجہ سے کر سکیں۔ | U1Bb108 |
| | | ۸۔ کھیل، ۹۔ پہیلیاں، ۱۰۔ اخلاقی کہانیاں | آہنگ اور لے کے حوالے سے سادہ مصرعے، اشعار اور نظمیں سُن کر پسند کا اظہار کر سکیں۔ | U1Bb109 |
| | | | تصویری کہانی پر گفتگو کر سکیں۔ | U1Bb110 |
| | | **نظمیں:** | کہانی کا عنوان دیکھ کر آنے والے واقعات کی پیش گوئی کر سکیں۔ | U1Bb111 |
| | | ۱۔ حمد، ۲۔ نعت، ۳۔ مناظرِ | لطیفہ سُن کر لُطف اُٹھا سکیں اور پہیلی سُن کر بوجھ سکیں۔ | U1Bb112 |
| | | فطرت، ۴۔ اخلاقیات، ۵۔ وطنیت، ۶۔ مزاحیہ | روز مرہ گفتگو سُن کر زبان کے صحیح یا غلط ہونے میں امتیاز کر سکیں۔ | U1Bb113 |
| | | | مکالماتی گفتگو میں حصّہ لے سکیں۔ | U1Bb114 |

# Mathematics (Package B)

**Strand: Number and Arithmetic Operations**

**Standard M1:** The learners will be able to understand numerical concepts and basic arithmetic operations.

**Benchmark M1Bb1:** The learners will be able to read, write and understand nature of Numbers, place values, comparison and order of Numbers

| Sr. No. | SLOs | Contents | Methodology / Suggested Activities | Assessment Techniques |
|---|---|---|---|---|
| M1Bb101 | Read ordinal numbers from first to twentieth | Ordinal and Roman numbers | Number line with the pictures of jumping frog could be used for counting forward and backward. Base 10 blocks or any alternative model to illustrate base 10 counting system should be used | Oral Observation Test |
| M1Bb102 | Read & write Roman numbers up to 20 | | | |
| M1Bb103 | Identify and write even and odd numbers up to 99 | Even and odd numbers | Pair/ group work | |
| M1Bb104 | Identify the 3, 4 and 5-digit numbers | Numbers up to 10,000 | Individual/ pair work | |
| M1Bb105 | Read and write whole numbers up to 10,000 | | | |
| M1Bb106 | Identify the place values of numbers up to 5-digits | Place values of the numbers up to 10,000 | Role play | |
| M1Bb107 | Read and write given numbers up to 10,000 (ten thousand) in numerals and words | | Individual/ pair work | |
| M1Bb108 | Identify the smallest and greatest number | Comparing and ordering the numbers | Individual/ pair work | |
| M1Bb109 | Compare two numbers up to 3-digit numbers using symbols '<', '>' and '=' | | Demonstration | |

# Placement Test-Package B

**Student Name: ________________________ Section: _________________**
**Roll Number : _______________________ Date: _____________________**

---

| | | |
|---|---|---|
| **Total Marks: 50** | **(Multiple Choice Questions)** | **Total Time: 1 Hour** |


**Instructions for Teachers**

1. This is an oral paper but has one written question in every subject. All questions carry equal marks.
2. After asking the question and its options from the student, the teacher will give 20 to 30 seconds to think and answer the question.
3. If the student is unable to understand the question, the teacher may rephrase the question and ask the question in his/her own words but not translate the questions.
4. Package B has two portions. The students will be asked questions of first portion of Package B. If the student scores equal to or more than 50 % in first portion of Package B, he/she will give test of 2nd portion of Package B. And if he/she scores less than 50 % in first portion of Package B, he/she will be placed at the start of Package B.
5. The students who have passed the first portion of Package B, will be asked questions of second portion of Package B. If the student scores equal to or more than 50 % in second portion of Package B, he/she will be placed in Package C. And if he/she scores less than 50 % in second portion of Package B, he/she will be placed in the second half of Package B (six months).

**Portion 1**

**<u>English</u>**

**Que. No.1. Identify the plural that sounds /z/ at the end.**

| | | | |
|---|---|---|---|
|  |  |  |  |
| a | b | c | d |

**Que. No.2. Fill in the blank with a suitable**

**They have a house. _______ house is very b**



**Que. No. 3. Identify the opposite gender of the given 'boy'.**



a) Girl

b) Aunt

c) Mother

d) Woman

**Que. No. 4. Complete the spelling with the correct words.**

**____irt**



a) Ch

b) Sh

c) Bh

d) Ph

**Que. No. 5. Look at the picture and tell whether the sentence is true or false.**

The man is sitting on the tree. ☐ **True** ☐ **False**



**Que. No. 6. Rearrange the words and make a correct sentence. (Anyone)**

**a) get food plants we from. ________________________________**

**b) playing is the cricket boy. ________________________________**

| | | | |
|---|---|---|---|
| Her | Their | Your | Our |
| a | b | c | d |

**Que. No. 7. Listen to the poem and fill in any one of the following blanks.**



Mr. Bear loves to eat honey
To fill his great big tummy
Then he plays with bunny
Outside when it is sunny

**Blanks:**

1. Mr. Bear loves to eat ________
2. To fill his ______
3. Then he plays with __________
4. Outside when it ________

**Que. No. 8. Look at the picture and tell one noun and one verb.**



**Noun: ________________________________________**

**Verb: ________________________________________**

# ریاضی

سوال نمبر1۔16کو رومن میں کیسے لکھتے ہیں؟

a) iv b) vi c) xiv d) xvi

سوال نمبر2۔جفت عدد کی نشاندہی کریں۔

a) 1 b) 2 c) 3 d) 5

سوال نمبر3۔درست علامت کی نشاندہی کریں۔

762 ☐ 261

a) $=$ b) $<$ c) $>$ d) $\neq$

سوال نمبر4۔درست اعداد کی نشاندہی کریں۔(دوہزار پانچ سو ایک)

a) 20501 b) 251 c) 2501 d) 1051


سوال نمبر5۔دیئے گئے اعداد میں سے درست ترتیب نزولی ہے۔

a) 7,5,4,3,1 b) 1,5,4,7,3 c) 1,3,4,7,5 d) 1,3,4,5,7

سوال نمبر6۔مریم نے 67کے انڈے اور 25روپے کے آلو خریدے۔مریم نے کل کتنے پیسے خرچ کیے؟

a) 79 b) 80 c) 81 d) 82

سوال نمبر7۔دی گئی شکل کے مطابق درست کسر کی پہچان کریں۔



a) $\frac{1}{4}$ b) $\frac{4}{1}$ c) $\frac{3}{4}$ d) $\frac{4}{3}$

سوال نمبر8۔غیر واجب کسر کی نشاندہی کریں۔

a) $\frac{1}{2}$ b) $\frac{8}{5}$ c) $\frac{2}{3}$ d) $\frac{3}{7}$

# اُردو بشمول معاشرتی علوم اور سائنس

سوال نمبر 1۔اِسم نکرہ ہے:

سکول پاکستان

سوال نمبر 2۔'عائشہ ۔۔۔۔۔۔۔۔ آمنہ اور فاطمہ پڑھ رہی ہیں'۔درست آپشن سے جملہ مکمل کریں۔

ـ ،

سوال نمبر 3۔کتاب بستے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ہے۔

میں کے

سوال نمبر 4۔''لایا''لفظ ہے:

اِسم فعل حرف

سوال نمبر 5۔''نام''کا ہم آواز لفظ ہے۔

نرم گرم شام

سوال نمبر 6۔پاکستان کے مشرق میں واقع ملک ہے:

بھارت امریکہ چین

سوال نمبر 7۔دی گئی عبارت کو پڑھ کر سُنائیں۔

سوُرج ایک ستارہ ہے۔یہ ہمیں روشنی اور حرارت دیتا ہے۔یہ روشنی کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔پودے اِس روشنی کو استعمال کر کے اپنی خوراک تیار کرتے ہیں۔

سوال نمبر8۔ مثبت جملوں کو منفی میں تبدیل کریں۔

i. میں سکول جاتا ہوں۔



ii. تُم نے اپنا کام کر لیا ہے۔

iii. ہم گھر جا رہے تھے۔

iv. وہ باغیچے میں کھیل رہے ہیں۔

v. علی خط لکھتا ہے۔

سوال نمبر9۔ جانوروں کو ان کے مسکن سے ملائیں۔(کوئی سے دو)

| Animals جانور | Habitat مسکن |
|---|---|
|  | i. Polar Region قطبی علاقہ |
|  | ii. Forest جنگل |
|  | iii. Desert صحرا |
|  | iv. Water پانی |
|  | v. Grassland گھاس کا میدان |

**Portion 2**

**English**

**Que. No. 1. Which day comes after "Tuesday"?**

Monday Wednesday

**Que. No. 2. What is the name of the 3rd month of the year?**

March April


**Que. No. 3. Both Earth ______ Mars are planets.**

And or

**Que. No. 4. The Northern areas of Pakistan are very _____________.**

beautiful beautifully

**Que. No. 5. Encircle the fourth banana from the left.**



**Que. No. 6. Identify the future tense.**

**a. Two and two make four.**

**b. Columbus discovered America.**

**c. Our country will make progress.**

**d. The Earth rotates around the Sun.**

**Que. No. 7. Convert any one of the following sentences into past form.**


**a. The girls take tea.**

**b. Aslam runs fast.**

**c. We sit on a chair.**

**d. He writes a letter.**

**Que. No. 8. Look at the object in the picture. Describe it in two sentences.**



# ریاضی

سوال نمبر1۔ صبح کے وقت پٹرول پمپ پر 973 لٹر پٹرول تھا۔ شام تک 753 لٹر پٹرول بیچ دیا۔ بتایئے کتنا پٹرول باقی بچ گیا؟

a) 220 b) 230 c) 240 d) 250

سوال نمبر2۔ایک بورڈ کی لمبائی 58 سینٹی میٹر ہے۔اونچائی 12 سینٹی میٹر ہے۔لمبائی اور اونچائی میں فرق معلوم کریں۔

a) 46 b) 50 c) 70 d) 75

سوال نمبر3۔نادر محلے کی دکان سے 500 گرام نمک، 250 گرام مرچیں اور 125 گرام ہلدی لایا۔نادر نے کل کتنے گرام مصالے خریدے؟

a) 750 b) 375 c) 825 d) 875

سوال نمبر4۔کس دن سب سے کم سیب فروخت ہوئے؟

| دن | فروخت کردہ سیب | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اتوار |  |  |  |  |  |  |  |
| سوموار |  |  |  | | | | |
| منگل |  |  | | | | | |
| بدھ |  |  |  |  |  |  |  |

a) اتوار b) سوموار c) منگل d) بدھ




سوال نمبر5۔1 دن میں کتنے گھنٹے ہوتے ہیں؟

a) 24 b) 20 c) 36 d) 30

سوال نمبر6۔مائع چیزوں کو ماپنے کے لیے۔۔۔۔۔۔استعمال کیے جاتے ہیں۔


a) گرام b) لٹر c) کلو گرام d) کلو میٹر

سوال نمبر7۔دی گئی اشکال میں سے مکعب نما کی نشاندہی کریں۔

a)  b)  c)  d) 

سوال نمبر8۔ساجد اور ماجد کرکٹ میچ دیکھنے گئے۔ میچ صبح 9 بج کر 30 منٹ پر شروع ہوا اور 11 بج کر 30 منٹ پر ختم ہو گیا۔ میچ کا دورانیہ بتائیں۔

# اردو بشمول معاشرتی علوم اور سائنس



سوال نمبر ۱۔ تصویر میں دکھائی گئی شے ہے:

سبزی

پھل

سوال نمبر 2۔ بیج دار پودہ ہے:

آڑو　　　　　　کیلا

سوال نمبر 3۔ سورج ہمیں روشنی اور حرارت فراہم نہیں کرتا ہے۔

غلط　　　　　　درست

سوال نمبر 4۔ دیئے گئے مذکر کے مونث بتائیں۔

| مذکر | مونث |
|---|---|
| لڑکا | ________ |
| نانا | ________ |
| دادا | ________ |
| ابو | ________ |
| اُستاد | ________ |

سوال نمبر 5۔ دیئے گئے واحد کے جمع بتائیں۔

| واحد | جمع |
|---|---|
| کتاب | ________ |
| جھنڈا | ________ |
| عید | ________ |
| لفظ | ________ |
| دیوار | ________ |

سوال نمبر6۔درج ذیل میں سے کوئی سے دوخانوں میں ہلکی اشیا کی شناخت کریں۔




سوال نمبر7۔درج ذیل میں جڑ سے پیدا ہونے والے پودے کونسے ہیں؟

آم، گلاب، مرچ، گاجر،ادرک،آلو

سوال نمبر8۔گھروں کو روشن کرنے کے لئے کس چیز کا استعمال کیا جاتا ہے؟

سوال نمبر9۔ علم کی اہمیت پر دو جملے سنائیں/لکھیں۔

# مثالی سبق(Model Lesson)برائے اُردو




**عنوان:** وعدہ　　　　　　**وقت:** 2 گھنٹے

**حاصلاتِ تدریس:**

U1Bb101:عبارت،واقعہ یا کہانی سن کر اس کے اجزا مثلاً کردار، مقامات، افراد، واقعات وغیرہ کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کر سکے۔

U1Bb102:تقریر سن کر اس کے اجزائے کلام (ابتداء، اہم نکات، نتائج) کو سمجھ کر اپنے خیالات کا اظہار کر سکے۔

U1Bb103:اُردو میں کی گئی گفتگو کو سمجھ سکے اور سوالوں کا جواب دے سکے۔

U1Bb104:روزمرہ کی ہدایات کو سمجھ سکے۔

U1Bb105:اپنے خیالات کا اظہار صحیح تلفظ اور مناسب لہجہ سے کر سکے۔

1U3Bb10 : کہانی پڑھ کر اپنے الفاظ میں لکھ سکے۔

U2Bb101:اُردو میں لکھے ہوئے کسی بھی پیغام یا عبارت کو سمجھ کر پڑھ سکے۔

U2Bb102:کہانی، مکالمے، ڈرامے کے مرکزی خیال کو سمجھ کر پڑھ سکے۔

U2Bb105:عبارت (نظم و نثر) کو پڑھ کر اچھے اور برے کردار میں تمیز کر سکے۔

SS2Bb111: سچائی، دیانتداری، شائستگی اور رحمدلی کی اہمیت کو جان سکیں۔

**تدریسی معاونات**

درسی کتاب، ٹیچر گائیڈ، تختہ تحریر، چاک، ڈسٹر، **فلیش کارڈز**

**طریقہ تدریس**

**1. تصویر دِکھا کر سبق کا آغاز کرنا**

ٹیچر تمام طلباء سے کہیں کہ سبق نمبر 5 "وعدہ" کھولیں اور کہیں کہ کتاب میں دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیں اس کے بعد نیچے دیئے گئے سوالات پوچھیں۔

1۔اس تصویر میں آپ نے کیا کیا دیکھا؟


2۔سائیکل پر کون سا برتن لٹکا ہے؟


3۔دودھ والا کیا کر رہا ہے؟

ان سوالات کے بعد طلباء سے کہیں کہ آج ہم ایک ایسے انسان کی کہانی کے بارے میں پڑھنے جا رہے ہیں جو کہ دودھ بیچتا ہے اس کے بعد کہانی کا آغاز کیا جائے گا۔

**2۔ سبق پڑھنا Lesson Reading**

طلباء سے کہیں وہ تصویر کے ساتھ دی گئی تحریر کو خود سے پڑھنے کی کوشش کریں۔ جو لفظ مشکل لگیں اُن کے نیچے لائن لگا لیں۔اس کے بعد ٹیچر طلباء سے کہیں کہ وہ اب سب مل کر اس سبق کو پڑھتے ہیں جس کا آغاز طلباء ہی کریں گے جو لفظ طلباء نہیں پڑھ سکیں گے۔وہ ٹیچر لفظ کے توڑ کر کے حروف کی آوازوں کی مدد سے اُن کو خود سے پڑھنے میں مدد دے۔


وعدہ



اس کے بعد ٹیچر طلباء کے ساتھ مل کر اِس سبق کو پڑھیں۔ اجتماعی طور پر پڑھنے کے بعد ایک بار طلباء سے کہیں کہ وہ خود سے سبق کو پڑھیں۔ تاکہ طلباء کو سبق روانی اور سمجھ کے ساتھ پڑھ سکیں۔ ٹیچر مشکل الفاظ کے معنی طلباء کو ضرور بتائیں اور خود سبق کو ایک بار کہانی کی صورت میں سُنائیں۔

کہانی سُنانے کے بعد درج ذیل سوال پوچھیں:

1. عبدُاللہ کے والد کس چیز کا کاروبار کرتے تھے؟
2. وہ دُودھ میں کس چیز کی مِلاوٹ کرتے تھے؟
3. نادِرہ کیوں بیمار ہُوئی؟
4. ڈاکٹر صاحب نے کیا کہا؟
5. عبدُاللہ نے اپنے والد سے کیا وعدہ لیا؟

بچوں کو کہانی تک محدود نہیں رکھیں بلکہ ان سے پوچھیں کہ کیا انہوں نے کسی کو ایسا غیر اخلاقی کام کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ معمول کی دوسری مشقوں کے علاوہ ایک پزل بھی دی گئی ہے جس میں بچے مختلف تحریری شکلوں کو جوڑ کر الفاظ بنائیں گے۔

ٹیچر طلباء سے روزانہ کی بنیاد پر املاء ضرور کروائیں۔ اس پزل میں نئے بننے والے الفاظ کی بھی اِملاء کروائی جا سکتی ہے۔

### 3۔ سبقی مشق کروانا

تمام طلباء کو درسی کتاب کی مشق کروانے کے لئے بورڈ پر الفاظ معنی والی مشق کروائی جائے گی۔ ٹیچر بورڈ پر طلباء کو مشکل الفاظ کے

معنی بتائیں اور طلباء اپنی اپنی درسی کتاب پر ان مشکل الفاظ کے معنی کو لکھیں گے۔ اس بات کی یقین دہانی کی جائے اگر ان میں سے کچھ الفاظ کے معنی پہلے سے معلوم ہیں تو وہ اُن کے مطلب خود سے لکھیں گے۔ اسی طرح اگلی مشقیں جو کہ اعراب، جُملے بنانا اور دیگر مشقوں کو بھی پہلے بورڈ پر کروایا جائے گا پھر طلباء کو درسی کتاب پر کرنے کو کہا جائے گا۔

### 4۔ جائزہ لینا

طلباء سے زبانی سوالات پوچھیں جائیں گے جیسا کہ

۱۔ کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

۲۔ ہمیں لین دین میں کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیئے۔

۳۔ نادرہ کا پیٹ کیوں خراب ہوا تھا؟

۴۔ اس سبق میں دی گئی حدیث کس کے بارے میں ہے؟

۵۔ کہانی میں سب سے اچھی بات کیا تھی؟

ٹیچر طلباء کے ساتھ سبق کا خلاصہ بیان کریں اور بتائیں کہ پڑھے جانے والے سبق میں سائنس اور معاشرتی علوم کے حوالے معلومات دی گئی ہے۔ کہ کس طرح گندہ پانی دودھ میں ڈالنے سے پیٹ خراب ہو سکتا ہے اسی طرح طلباء سے کہیں کہ کون کون سے مسئلے ہو سکتے ہیں۔

نوٹ: اس کے علاوہ ٹیچر طلباء سے پڑھے گئے سبق کا جائزہ مختلف انداز میں لے سکتے ہیں۔ جن میں زبانی و تحریری سوال جواب، تختہ تحریر پر مختلف سوالات اور کہانی میری زبانی کے طریقے شامل ہو سکتے ہیں۔ طلباء کی کتاب میں دی گئی ورک شیٹس اور مشق چیک کرنا ضروری کام ہے جس پر ٹیچر کے دستخط اور تاریخ بھی موجود ہو۔ اصلاح کا کام ہوم ورک اور کلاس ورک کے طور پر بھی کروایا جا سکتا ہے۔

### 5۔ گھر کا کام/ہوم ورک دینا

تمام طلباء سے کہیں کہ وہ اپنے وعدے کے بارے میں چھوٹی سی کہانی لکھ کر لائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی:2

**مضمون** اُردو

**موضوع** ہمارے اندر طاقت کیسے آتی ہے؟

**وقت** 40منٹ

**حاصلات تعلم** اِس سیشن کے بعد شرکاءتربیت اس قابل ہو جائیں گے۔

- شرکاءتربیت اس موضوع میں سائنس، معاشرتی علوم اور اسلامیات سے متعلق ایک مشترکہ درس دینا سیکھ سکیں گے۔
- سبق میں موجود زبان دانی سے متعلق جان جائینگے۔

**تدریسی مواد**

تدریسی کتاب، تختہ تحریر، مارکر، چارٹس وغیرہ

**طریقہ تدریس**

گروپ ورک، سوالات جوابات، مختصر لیکچر

**سرگرمی نمبر1**

تربیت کار شرکاءپر مبنی لیکچر کے ذریعے واضع کرے گا کہ زِیرِ نظر کتاب میں اُردو بحیثیت قومی زبان اور اظہار خیال کاذریعہ سمجھتے اور استعمال کرتے ہوئے باقی تینوں مضامین کے بنیادی مقاصد کو ہر عنوان میں موجود مواد سے کمرہ جماعت میں موجود طلباء کو ایک ہی موضوع پڑھاتے ہوئے اُنھیں تینوں مضامین سے متعلق معلومات فراہم کئے جاسکتے ہیں۔

**سرگرمی نمبر2**

تربیت کار شرکاءسے درسی کتاب کا صفحہ نمبر106 انفرادی طور پر پڑھنے کو کہے گا اور انہیں ہدایت دیں کہ اسے سائنس کی نظر سے دیکھیں۔پڑھنے کے بعد شرکاءسے پوچھے کہ زیر مطالعہ اس سبق میں سائنس سے متعلق کیا معلومات دی گئی ہے۔

یہی عمل معاشرتی علوم کے حوالے سے دہرایا جائے۔

**نوٹ:۔** جو معلومات شرکاءتربیت کی طرف سے سامنے آئیں گے اُنھیں تختہ تحریر پر نوٹ کرتا جائے۔

**سرگرمی نمبر3**

شرکاء میں چارٹس تقسیم کئے جائیں اور موضوع میں موجود اُردو، سائنس اور معاشرتی علوم سے متعلق الگ الگ کالم میں تحریر کرکے باقی شرکاءکے سامنے پیش کرے۔

**سرگرمی نمبر4**

تربیت کار اس موضوع سے متعلق تینوں مضامین سے متعلق مواد کو تفصیلاً شیئر کرے۔

**جائزہ:۔** تربیت کار درجہ ذیل سوالات کے زریعے جائزہ لیں۔

**I. خوراک منہ سے جس نالی کے ذریعے معدے تک جاتا ہے۔اسے کونسی نالی کہا جاتا ہے۔**

درست پر نشان لگائیں مثال کے طور پر

خوراک کی نالی یا سانس کی نالی

**II. دوسروں کی خدمت کس طرح کی جسم سے کرنا ممکن ہے۔**

کمزور جسم صحت مند صحیح جواب پر نشان لگائیں

**ہماری قومی زبان کونسی ہے؟**

انگریزی،اُردو

**III. یہ سب نعمتیں ہمیں کس ذات نے عنایت کی ہے۔**

**تفویض کار:۔**

شرکاء درسی کتاب میں موجود کسی بھی عنوان کو گھر سے پڑھ کر اس میں مندرجہ بالا تین مضامین سے متعلق معلومات لکھ کر لائیں۔

## سبقی منصوبہ بندی:3

**مضمون** اُردو

**موضوع** فاعل، فعل اور معفول

**وقت** 30منٹ

**حاصلاتِ تعلم:۔** اس سیشن کے بعد شرکاء اس قابل ہو جائیں گے۔

- فاعل، فعل اور معفول میں فرق کر سکیں۔
- اس کی مختصر مگر جامع تعریف جان سکیں۔
- جملے میں ان کے مقامات کے بارے میں جان سکیں۔

**طریقہ تدریس:۔**

گروپ، سوالات جوابات، مظاہراتی

**آمادگی کی سرگرمی:۔**

سہولت کار شرکاء ترتیب سے کہے کسی بھی زبان میں کوئی بھی جملہ بولتے وقت تین چیزوں کا استعمال ہوتا ہے۔

1. کام کرنے والا
2. کام
3. جس پر کام کیا جائے جس پر کام ہو رہا ہو۔

شرکاء سے چند جملے اُردو میں بلوائے جاتے ہیں۔ جملہ کوئی بھی ہو وہ اِسے تختہ تحریر پر لکھتا جائے۔ پانچ جملے مکمل ہونے کے بعد مندرجہ بالا تین چیزوں کی نشاندہی شرکاء ترتیب سے کرائی جائے۔

**پیشکش/اعلان سبق:۔**

شرکاء کے سابقہ معلومات کو بروئے کار لاتے ہوئے عنوان شرکاء سے ہی اخذ کروانے کی کوشش کرنی چاہیئے اگر شرکاء نہ بتا سکے۔ تو خود بتائے۔

**سرگرمی نمبر2**

سہل کار شرکاء میں سے ایک یا دو کو بلا کر ان سے عملی طور پر کوئی کام مثلاً کتاب پڑھانا، چارٹ دیوار پر لگانا۔ تختہ تحریر پر کچھ لکھنا کرایا جائے۔اب اُس شریک کار کا نام لے کر اسلم صاحب نے تختہ تحریر پر جملہ لکھا۔

| | |
|---|---|
| اسلم | فاعل |
| لکھنا | فعل |
| تختہ تحریر | مفعول |

اس طرح تین چار شرکاء تربیت سے یہ عمل کروائیں۔

**جائزہ:**

تربیت کار سیشن کی کامیابی/ناکامی کے بارے میں جائزہ لینے کیلئے درجہ ذیل سوالات کرے۔

- کام کرنے والے کو کیا کہا جاتا ہے؟
- جس پر کام ہو رہا/کیا جارہا ہوا سے کیا کہتے ہیں۔
- کسی بھی کام کو کیا کہتے ہیں۔

**تفویض کار:۔**


شرکاء سے ان درسی کتاب سے چند جملے جس میں فاعل، فعل اور مفعول کا استعمال ہوا ہو لکھ کر لانے کو کہا جائے۔
ان جملوں میں سے فاعل، فعل اور مفعول کو علیحدہ علیحدہ کر کے لانے کو کہا جائے۔

## مثالی سبق(Model Lesson)برائے انگریزی

**سبق نمبر:** 3

**عنوان:** Bookshop

**وقت:** 1 گھنٹہ




### حاصلاتِ تعلّم(SLOs)

| | |
|---|---|
| E4Bb207: | Make requests and respond to requests. |
| E1Ab108: | Read common Naming and Action words. |
| E2Ab106: | Copy and write simple one syllable words with correct spellings. Leave regular spaces between words |
| E3Ab112: | Provide missing letter exercises in simple one/two syllable words. |
| E3Ab113: | Identify words containing Digraphs |
| E3Ab114: | Use demonstrative pronouns to point something this, that, these and those. |
| E2Cb101: | Recognize specific aspects of words including common inflectional endings, compounds words, prefixes and suffixes. |

### تدریسی معاونات

درسی کتاب، ٹیچر گائیڈ، تختہ تحریر، چاک، ڈسٹر، مارکر، چارٹس، فلیش کارڈز

### طریقہ تدریس

### 1. تصویر دِکھا کر سبق کا آغاز کرنا

ٹیچر تمام طلباء سے کہیں کہ صفحہ نمبر 34 کھولیں اور کتاب میں دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیں اس کے بعد طلباء سے درج ذیل

سوالات پوچھیں۔

- اس تصویر میں آپ کیا کیا دیکھ رہے ہیں؟
- کتابوں کی دوکان کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟
- کتاب کی دکان سے کس کس طرح کی کتابیں ملتی ہیں؟
- آپ کو کس کس قسم کی کتابیں پسند ہیں؟
- کتاب پڑھنے کا کیا فائدہ ہوتا ہے؟

ان سوالات کے بعد سبق میں موجود کہانی کا آغاز کیا جائے گا۔

2۔ سبق پڑھنا Lesson Reading

طلباء سے کہیں وہ تصویر کے ساتھ دی گئی تحریر کو خود سے پڑھنے کی کوشش کریں۔ جو لفظ مشکل لگے اُس کے نیچے لائن لگا لیں۔اس کے بعد ٹیچر طلباء سے کہیں کہ وہ ہم سب مل کر اس سبق کو پڑھتے ہیں جس کا آغاز طلباء ہی کریں گے جو لفظ طلباء نہیں پڑھ سکیں۔ وہ ٹیچر لفظ کے توڑ توڑ کر کے حروف کی آوازوں کی مدد سے اُن کو خود سے پڑھنے میں طلباء کی مدد دے۔

اس کے بعد ٹیچر طلباء کے ساتھ مل کر اِس سبق کو پڑھے۔ اجتماعی طور پر پڑھنے کے بعد ایک بار ٹیچر طلباء سے کہے کہ وہ خود سے سبق کو پڑھیں۔تاکہ طلباء سبق کو روانی اور سمجھ کے ساتھ سمجھ کر پڑھ سکیں۔ ٹیچر مشکل الفاظ کے معنی طلباء کو ضرور بتائیں اور خود سبق کو ایک بار کہانی کی صورت میں سُنائے۔ کہانی سُنانے کے بعد درج ذیل معلومات جو کہ ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہیں طلباء کو سمجھا ئی جائے گی۔انگریزی زبان میں ایسے الفاظ کی بھرمار ہے جن میں ایک آواز دو حروف سے لکھی جاتی ہے، مثلاً Phone, Shop, Chips, This۔ یہ حروف digraph کہلاتے ہیں۔اس یونٹ میں ایسے الفاظ کو متعارف کروایا گیا ہے جو عام استعمال میں آتے ہیں۔ طلباء سے کہیں کہ اب کہانی میں موجود ایسے الفاظ کی شناخت کریں جس میں digraphs کا استعمال کیا گیا ہو مثلاً Shop اور بچوں سے پوچھیں کہ اس کی آوازیں کیا ہیں۔ اس کے بعد پوچھیں کہ کیا آپ بتا سکتے ہیں کہ لفظ Shop کی پہلی آواز کیسے لکھی جاتی ہے۔ اس کے بعد بچوں کی توجہ اس طرف دلوائیں کہ پہلی آواز لکھنے کے لیے دو حرفوں کا استعمال کیا گیا ہے، مثلاً لفظ Shop میں پہلی آواز دو حرفوں sh سے لکھی گئی ہے۔اس کے بعد کہانی ایک بار پھر پڑھیں اور بچوں سے کہیں کہ جیسے ہی کوئی ایسا لفظ آئے جس میں digraph استعمال ہوئے ہوں وہ ہاتھ کھڑا کریں اور لفظ دہرائیں۔ طلباء کی سمجھ کی جانچ کے لئے کتاب میں موجود صفحہ نمبر 43تا38 میں ایسے الفاظ کی پہچان کرنی ہے جن میں digraph استعمال ہوئے ہیں۔

درست تلفظ کے لیے ضروری ہے کہ ہر لفظ کو حصوں میں تقسیم کیا جائے۔اس یونٹ میں syllable کے تصور کو بھی سمجھایا گیا ہے۔ Syllable کوئی لفظ یا لفظ کا حصہ ہے جس میں ایک vowel sound ہوتی ہے، مثلاً Pen, Pencil۔ Pen میں ایک syllable ہے اور Pencil میں دو syllable ہیں ___ Pen + cil ۔ ٹیچر طلباء سے روزانہ

کی بنیاد پر املاء ضرور کروائے۔

**۳۔ سبقی مشق کروانا**

تمام طلباء کو درسی کتاب کی مشق کروانے کے لئے بورڈ پر الفاظ معنی والی مشق کروائی جائے گی۔ ٹیچر بورڈ پر طلباء کو مشکل الفاظ کے معنی بتائے اور طلباء اپنی اپنی درسی کتاب پر ان مشکل الفاظ کے معنی لکھیں۔ کتاب میں موجود اگر طلباء کو ان میں سے کچھ الفاظ کے معنی پہلے سے معلوم ہیں تو وہ اُن کے مطلب خود سے لکھیں۔ اسی طرح اگلی مشقیں پہلے بورڈ پر کروائی جائیں اور پھر درسی کتاب پر کرنے کو کہا جائے۔

**۴۔ جائزہ لینا**

طلباء سے کہیں کہ My Book پر 5 جملے لکھیں۔

# مثالی سبق(Model Lesson)برائے انگریزی

**عنوان:** Bookshop

**وقت:** 1 گھنٹہ

**یونٹ:**

**حاصلاتِ تعلّم(SLOs)**

| | |
|---|---|
| E2Bb101: | Write di-syllabe words with correct spellings. |
| E1Bb303: | Understand the story and poems. |
| E4Bb207: | Make requests and respond to requests. |
| E4Bb301: | Understand and express opinion about simple stories and poem (as like, dislike) |

**آمادگی**

ٹیچر طلباء کو درسی کتاب پیکج B کے صفحہ نمبر 35 پر موجود تصویر دیکھنے کو کہے گا اور ذہنی آمادگی (brain stroming) کراتے ہوءے ان کو موضوع کی طرف لائے اور کچھ سوالات پوچھیں مثلاً

- اس تصویر میں آپ کیا کیا دیکھ رہے ہیں؟
- کتاب کی دُکان کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟
- کتاب کی دُکان سے کس طرح کتابیں ملتی ہیں؟
- آپ کو کس قسم کی کتابیں پسند ہیں؟
- کتاب پڑھنے کا فائدہ کیا ہوتا ہے؟

**تدریسی معاونات (Instructural Resource)**

درسی کتاب، ٹیچر گائیڈ، تختہ تحریر، مارکر، چارٹس وغیرہ

**تدریسی حکمتِ عملیاں(Instructural Resource)**

ذہنی آمادگی، رول پلے، مظاہرہ، گروپ ورک پیشکش

**مواد کی ترقی(Content Developmet)**

Syllables کو سمجھانے اور ذہن نشین کروانے کے لئے طلباء کو مختلف الفاظ بڑے بڑے حروف سے کسی چارٹ وغیرہ پر لکھ کر دیں اور ان الفاظ کو syllables حصّوں میں کاٹ دیں۔ پھر ان کو جوڑ کر الفاظ بنائیں۔ مثلاً

Pen-cil

Uni-form

Doc-tor

Can-dle

- Syllable کوئی لفظ یا لفظ کا حصہ ہوتا ہے جس میں ایک vowel sound ہوتا ہے مثلاً car, cat, book, top, pen, ink وغیرہ۔
- ٹیچر طلباء کو story اور poems کے درمیان فرق واضح سمجھائے۔ سُننے اور بولنے کی اہمیت کو بھی اُجاگر کریں۔

**پیشکش Presentation**

ٹرینر شرکاء کو چار گروپس میں تقسیم کرے گا جو کہ A,B,C,D کے نام سے ہونگے اور ہر گروپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں کرنے کو کہیں گے۔

**سرگرمی برائے گروپ(A)**

ٹیچر کو درسی کتاب کے صفحہ نمبر 40،39،38 پر موجود سرگرمیوں کو حل کر کے پیشکش کرنے کو کہیں۔ جس میں وہ Syllables کے بارے میں اپنی معلومات چارٹ پر اُتاریں۔

**سرگرمی برائے گروپ(B)**

ٹیچر طلباء سے کہیں کہ کچھ انگریزی کے سادہ جملوں کا استعمال کرتے ہوئے ایک کہانی ترتیب دیں اور اسے چارٹ پر لکھ کر پیش کریں۔

**سرگرمی برائے گروپ(C)**

ٹیچر طلباء سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کے صفحہ نمبر 36 پر موجود ڈاکٹر اور مریض کے درمیان مکالمہ کا بغور کریں اور سٹیج پر آکر رول پلے(Role Play) کریں۔ ٹرینر ان مکالموں کا نتیجہ اخذ کرتے ہوئے کہے گا کہ کسی کی درخواست پر کس طرح جواب دیا جاسکتا ہے۔(Request and Response)

**سرگرمی برائے گروپ(D)**

ٹیچر طلباء سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر موجود دو طالبعلموں کے درمیان مکالمہ کا بغور مطالعہ کرنے کو کہیں اور اس کو سٹیج پر پیش کرنے کا کہیں۔(Opinions)

**اختتامیہ**

ٹیچر مختصراً آج کی گئی تمام سرگرمیوں کو بیان کریں اور تصورات کو واضح کریں۔

**جائزہ**

ٹیچر کرائی گئی سرگرمیوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے درج ذیل سرگرمی کروائے۔ نیچے دیئے گئے الفاظ کو Syllables میں توڑیں۔

تفویض کار

ٹیچر طلباء سے کہیں درسی کتاب کے یونٹ نمبر 03(Book Shop) میں موجود تمام سرگرمیاں حل کر کے اگلے دن دِکھائیں۔

# مثالی سبق(Model Lesson)برائے ریاضی پیکج(B)




**یونٹ:** 1اعداد

**عنوان:** اعداد پر عوامل

**وقت:** 1گھنٹہ

**حاصلاتِ تعلّم:**

- M1Bb 201: حاصل اور حاصل کے بغیر چار ہندسی جمع کے سوالات حل کر سکیں گے۔
- M1Bb2: اُدھار لے کر اور اُدھار لیے بغیر چار ہندسی تفریق کر سکیں گے۔
- M1Bb 203 : حقیقی زندگی پر مبنی جمع اور تفریق کر سکیں گے۔

**تدریسی معاونات:**

بورڈ، چاک/مارکر، ٹیچر گائیڈ، طلباء کی درسی کتاب، اکائیوں ودہائیوں و سینکڑہ کے کارڈز اور 0تا9تک کے فلیش کارڈز

**طریقہ تدریس:**

- ٹیچر کتاب میں موجود کہانی بچوں کو سُنائے۔(کہانی سُنانے کا انداز دلچسپ اور بچوں کی شمولیت کے ساتھ ہو آواز کی اُتار چڑھاؤ کا بھی خیال رکھے۔)
- کہانی سُنانے کے دوران سوالات بھی کرے جیسا کہ مریم اور مراد یافرمائش کی تھی؟امی نے کیا بولا کہ آج کل تم سکول میں کیا سیکھ رہے ہو؟اور امی کے دیے ہوئے پیسوں سے کتنے کی چیزیں آئیں تھیں۔
- ٹیچر بھی بورڈ پر کتاب میں دیئے گئے سوال کی طرح پُوچھے اور لکھے! جی بچو! انڈے کتنے رُوپے کے آئے تھے بچّے جواب دیں گے 67رُوپے کے۔بچوں میں سے کہیں کہ کون آکر بورڈ پر 67 لکھے گا۔
- آنے والے بچے کی حوصلہ افزائی کریں اور اسے لکھنے کا موقع دیں۔
- ٹیچر پھر پُوچھے اور آلو کتنے کے آئے تھے سب بچے جواب دینے کے لیے اپنا ہاتھ کھڑا کریں گے۔کسی ایک بچے سے جواب حاصل کریں اور پہلے کی طرح بورڈ پر بچوں ہی سے لکھوائیں۔بچے سے کہیں کہ جیسے جمع کے سوال کو حل کرنے میں ہم رقم اُوپر نیچے لکھتے ہیں ابھی بھی آپ نے ایسے ہی لکھنا ہے

$$\begin{array}{r} 67 \\ +25 \\ \hline \end{array}$$

- ٹیچر بچوں سے کہے کہ آپ کو جمع کے سوال حل کرنا آتے ہیں بچے ہاں میں جواب دیں گے آپ کہیں شاباش کوئی بچہ سامنے آکر اس سوال کو جمع کرے۔
- بچے سے جمع کروانے کے بعد ٹیچر کہے کہ ہم آگے مزید کہانی سُنتے ہیں تاکہ ہمیں یہ معلوم ہو جائے کہ اس سوال کا جواب دُرست ہے یا نہیں۔
- بچوں سے ٹیچر کہے کہ آپ سب اپنی ریاضی کی کتاب کا صفحہ نمبر 27 کھولیں اور دیکھیں کہ جو کہانی میں آپ کو سنا رہی/رہا ہوں اس میں بھی لکھی ہوئی ہے۔
- جب بچے اس صفحہ کو دیکھ لیں تو انہیں صفحہ نمبر 28 کھولنے کا کہیں۔
- اور تمام کہانی کو مکمل کریں اور کہیں کہ مریم اور مراد کے مسئلے کا حل ڈھونڈتے ہیں ہو سکتا ہے یہ مسئلہ آپ کو بھی کبھی پیش آجائے یا آیا ہو۔
- ٹیچر بولے کہ ہم نے اکائیوں اور دہائیوں کے بارے میں پڑھا تھا سب بچے ہاں میں جواب دیں گے ٹیچر بتائے جب 9 یا 9 سے کم چیزیں ہوں تو وہ اکائی یوتی ہیں اور اکائیوں میں ہی اکائیوں کو جمع کیا جاتا ہے۔
- جب چیزیں 9 سے زیادہ ہوں تو وہ ان میں سے 10 چیزیں آگے دہائی کی جگہ پر چلی جاتی ہیں جیسا کہ ہمارے سوال میں 7 اور 5 چیزیں جمع ہو کر 12 چیزیں ہو گئیں اب 12 میں سے 10 چیزیں جمع کی جگہ پر چلی جائیں گی اور اکائی کی جگہ پر 2 چیزیں رہ جائیں گی۔
- 1 دہائی ہمیں اکائیوں سے ملی تھی اور اوپر دہائی کی جگہ پر 6 ہے تو 1 اور 6 کو جمع کریں گے تو ہمارے پاس کیا آئے گا جواب ہو گا 7
- 6 سے نیچے 2 ہے اور 7 میں 2 جمع کرنے سے کیا آئے گا بچوں کا جواب ہو گا 9۔
- بچوں سے پُوچھیں 1 دہائی کا کیا مطلب ہوتا ہے اگر بچے جواب دیں تو بہت اچھی بات اگر جواب نہ دے سکیں تو بتائیں کہ 1 دہائی کا مطلب ہوتا ہے 10 اسی طرح ٹیچر مزید پُوچھے کہ 2 دہائی کا کیا مطلب ہوتا ہے (20)۔ 3 دہائی کا کیا مطلب ہوتا ہے (30)۔ 4 دہائی کا کیا مطلب ہوتا ہے (40)۔
- اسی طرح 9 دہائی کا کیا مطلب ہوا سب بچے کہیں گے کہ 90 پھر بچوں سے پوچھے 90 میں 2 جمع کریں گے تو کیا جواب آئے گا جواب ہو گا 92
- بچوں سے پوچھیں کہ انہیں کیا سمجھ میں آیا؟ اُنہیں مزید بتائیں کہ اکائی، دہائی اور سینکڑے جمع ہو کر 10 یا 10 سے زیادہ ہو رہے ہوں تو انہیں حاصل کے طور پر اگلی جگہ لے جاتے ہیں اور ایسی جمع کو با حاصل جمع کہتے ہیں۔
- ٹیچر 3 بچوں کے ہاتھ میں کارڈ دے جس پر اکائی، دہائی اور سینکڑا لکھا ہوا ہو وہ بچے جماعت میں دوسرے بچوں کے سامنے کھڑے ہو جائیں

- جماعت کے باقی بچوں کے 3 گروپ بنادیں جن میں سے ہر ایک کے پاس 0تا9 تک کے کارڈز موجود ہوں گے
- ٹیچر ہر گروپ کو ایک نام دے اکائی گروپ، دہائی گروپ اور سینکڑا گروپ اور بچوں سے کہے کہ میں بورڈ پر ایک ہندسہ لکھوں گی تینوں گروپس میں سے ایک ایک بچہ اپنے اپنے کارڈ کے سامنے آکر کھڑا ہو جائے گا
- جیسے ٹیچر بورڈ پر لکھے 38 تو 38 میں 8 اکائیاں اور 3 دہائیاں ہیں تو اکائی کے گروپ سے بچہ 8 کا کارڈ لائے گا اور دہائی کے گروپ سے بچہ 3 کا کرڈ لائے گا۔
- ٹیچر پہلے اکائی و دہائی کی مشق کروائے گا جب تصوّر پختہ ہو جائے تب سینکڑا کا کارڈ شامل کرے گا۔

**بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی مشق:**

- تمام بچوں سے سوالات میں موجود ہندسوں کو بُلوانے کی مشق کروائی جائے گی۔
- بچوں سے فرداً فرداً تختہ سیاہ پر بھی لکھوانے کی مشق کروائی جائے گی۔
- تمام بچوں کی درسی کتابوں میں موجود ورک شیٹس پر لکھنے کی مشق کروائی جائے گی۔
- کتاب میں موجود باحاصل جمع کی مشق تمام بچوں سے کروائی جائے گی۔
- بچوں کو چار ہندسی اعداد کی جمع (بلا حاصل اور باحاصل کی مشق) تختہ سیاہ اور درسی کتابوں پر کروائی جائے گی۔

**جائزہ لینا:**

- خود جائزہ لیں کہ کیا بچوں کو باحاصل جمع اور مقامی قیمت بخوبی سمجھ آ گئے ہیں۔
- کیا آپ بچوں کو حاصلات تعلّم کے مطابق دی گئی مہارتیں سکھانے میں کامیاب رہے ہیں؟
- کیا آپ کو دورانِ تدریس کوئی مشکل پیش آئی تو وہ کیا تھی اور آپ نے اُس کا کیا ممکنہ حل نکالا؟
- بچوں سے بورڈ یا کاپیوں پر بھی ٹیسٹ یا جائیزہ لیا جا سکتا ہے۔

**گھر کا کام:** کتاب میں دی گئی ورک شیٹ کو بچے گھر سے کاپیوں پر لکھ کر لائیں۔

# سبقی منصوبہ بندی:2

**مضمون:** ریاضی "پیکیج بی"

**عنوان:** کسر کا تصور

**وقت:** 90 منٹ

**یونٹ:** 3

**حاصلاتِ تعلّم:**

شرکاء کو اس قابل بنانا کہ وہ

- کسی بھی کل (whole) کے مساوی اجزاء کی پہچان کر سکیں۔
- کسی چیز کے آدھے، ایک تہائی اور چوتھے کو کسور میں ظاہر کر سکیں۔ مثلاً ($\frac{1}{4}$, $\frac{1}{3}$, $\frac{1}{2}$)
- مختلف کسور جیسا کہ دو تہائی، تین چوتھائی وغیرہ کو کسور ($\frac{3}{4}$, $\frac{2}{3}$) وغیرہ کے طور پر پہچان کر سکیں۔

**معلومات برائے اساتذہ/تربیت کار:**


- جب ہم روزمرہ زندگی میں کل کو دو یا دو سے زیادہ حصّوں میں تقسیم کرتے ہیں تو برابر حصّوں میں سے ایک حصّہ اکائی کسر کہلاتا ہے۔ مثلاً ($\frac{1}{2}$, $\frac{1}{3}$, $\frac{1}{4}$).....
- جبکہ برابر حصّوں میں سے دو برابر حصّے دو تہائی کہلاتے ہیں۔
- چار برابر حصّوں میں سے تین برابر حصّے تین چوتھائی کہلاتے ہیں۔

**تدریسی وسائل/ذرائع:**

بورڈ، چاک، مارکر، درسی کتب، بسکٹ، کاغذ، کلر وغیرہ۔

**تعارف**

کمرہ جماعت میں سے ایک سیب یا گول بسکٹ لے جائیں۔ ان کو دو حصّوں میں تقسیم کر دیں۔ ہر حصّہ سیب یا بسکٹ کا نصف کہلاتا ہے یا ہر حصّہ کل سیب یا کل بسکٹ کا آدھا ہے۔ ایک کاغذ کا ٹکڑا لیں یا بورڈ پر اس کی تصویر بنائیں۔

($\frac{1}{2}$) 


کاغذ کے ٹکڑے کو دو برابر حصّوں میں تقسیم کر دیں اور ایک حصّے میں رنگ بھریں۔ اب طلباء سے کہیں کہ وہ رنگین حصّے کو کسر میں ظاہر کریں۔ ($\frac{1}{2}$)

اس کے بعد کاغذ کے ٹکڑے کو تین برابر حصّوں میں تقسیم کر دیں اور ایک حصّے میں رنگ بھریں۔ طلباء سے کہیں کہ وہ رنگین حصّے کا کسر میں حصّے ظاہر کریں۔



$(\frac{1}{3})$

اسی طرح کاغذ کے ٹکڑے کو چار برابر حصّوں میں تقسیم کریں اور ایک حصّے میں رنگ بھریں۔ طلباء سے کہیں کہ وہ رنگین حصّے کو کسر میں ظاہر کریں۔ $(\frac{1}{4})$




$(\frac{1}{4})$

**تصور کی پختگی:۔**

## سرگرمی 1

ٹرینر کمرہ جماعت میں بورڈ پر پٹیاں بنا کر رنگ بھریں یا کلاس کے سامنے رنگین پٹیاں بنا کر رنگ بھریں یا کلاس کے سامنے رنگین پٹیوں والا چارٹ آویزاں کرے۔ جیسا کہ



$(1)$

$(\frac{1}{2})$

$(\frac{1}{3})$

$(\frac{1}{4})$


طلباء سے کہیں کہ وہ پٹّی کو بغور دیکھیں کہ اسے کتنے حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ مشاہدہ کریں کہ برابر حصّوں میں سے کتنے حصّے رنگین ہیں۔ اب پٹّی کے ہر رنگین حصّے کو کسر میں ظاہر کریں۔ آخر میں ٹرینر فیڈ بیک دیتے ہوئے طلباء کو وضاحت کریں کہ $(\frac{1}{4}, \frac{1}{3}, \frac{1}{2})$ اکائی کسور کہلاتی ہیں۔

سرگرمی: 2

ٹیچر درسی کتاب ریاضی کے صفحہ نمبر 75 پر دی گئی سرگرمی شرکاء سے گروپس میں کروائے۔ ہر گروپ کام مکمل کرنے کے بعد پیشکش دیں اور ٹیچر فیڈ بیک دے۔

## سرگرمی: 3

ٹیچر تختہ تحریر/سفید پر گول، مربع، مستطیل، تکون اشکال بنا کر دو، تین یا چار برابر حصّوں میں تقسیم کرے اور طلباء سے ایک حصّے میں رنگ بھرنے کو کہے۔




**نتیجہ/خلاصہ:**

کل برابر حصّوں میں ایک برابر حصّہ کسر کہلاتا ہے۔

دو تہائی کو $\frac{2}{3}$ لکھتے ہیں۔ جبکہ تین چوتھائی کو $\frac{3}{4}$ لکھتے ہیں۔


**جائزہ/جانچ** 1۔ طلباء سے کہیں درج ذیل اشکال کو کسور سے ملا کر لکھیں۔

$$\frac{1}{2}, \frac{1}{3}, \frac{3}{4}, \frac{2}{3}, \frac{1}{4}$$




2۔ درج ذیل کسور میں رنگ بھریں اور ان اشکال کی کسور لکھیں۔

$\frac{1}{4}$ $\frac{3}{6}$ $\frac{3}{5}$



$\frac{1}{3}$      1

3۔ طلباء سے کہیں درج ذیل اشکال کو ملائیں۔




**مشق/ تفویض کار**

ٹیچر درج ذیل سوالات طلباء کو گھر سے حل کر کے لانے کو کہے۔

- ایک گول بسکٹ کو چار برابر حصّوں میں تقسیم کریں۔ اگر آپ تین حصّے لیتے ہیں تو اسے کسر کی صورت میں لکھیں۔
- ایک کاغذ کے ٹکڑے کو تین چوتھائی حصّوں میں ظاہر کریں۔
- طلباء سے درسی کتاب ریاضی کے مشقی سوالات حل کر کے لائیں۔

# Package A Feedback Form

نام:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

**نیچے دیئے گئے سوالات کو غور سے پڑھیں اور اُنکے جوابات دیں۔**

سوال 1: پیکج A کو پڑھانے کا تجربہ کیسا رہا؟

___

___

___

سوال 2: آوازوں سے پڑھانے کے طریقہ تدریس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟

___

___

___

سوال 3: بتائیں کہ دورانِ تدریس کس مضمون کے تصورات کو پڑھانے میں مشکلات پیش آئی اور آپ کے خیال میں اُس کا کیا حل ہونا چاہیے؟

___

___

___

سوال 4: درس وتدریس کے دوران طلباء کو کون سے تصورات سمجھنے مشکل پیش آئی۔ تفصیل لکھیں؟

___

___

___

سوال 5: ٹیچر ٹریننگ کس حد تک فائدہ مند ثابت ہوئی۔ ٹریننگ کو مزید کیسے بہتر کیا جاسکتا ہے؟

___

___

سوال6: والدین اور کمیونٹی کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ کیسا رہا اس کو مزید کیسے بہتر کیا جاسکتا ہے؟

سوال7: سینٹر کے حوالے سے کیا مشکلات پیش آئی اور سینٹر کو مزید بہتر کیسے کیا جاسکتا ہے۔

سوال8: سینٹر میں ہر قسم کے موجود ریکارڈ کی تفصیل لکھیں۔

سوال9: پیکج A کی کتابوں میں دی گئی تصاویر اور ڈایزئن کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ مزید ان کتابوں کو اس حوالے سے کیسے بہتر کیا جاسکتا ہے؟

# تعلیمی کیلنڈر — پیکیج B

| مہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| ستمبر | پہلا ہفتہ | **اسلامیات جماعت برائے دوئم**<br>**سبق 1: قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم**<br>**ناظرہ قرآن مجید**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱ | **سبق 1: حمد (نظم)**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱ سے ۷ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی<br>، جائزہ اور ٹیسٹ | **انگریزی زبان کو آوازوں کے ذریعے بولنا، پڑھنا اور لکھنا سکھانا**<br>**بمطابق ٹیچر گائیڈ آوازوں کی دہرائی** | **یونٹ 1:**<br>**ترتیبی اعداد**<br>تصورات کی وضاحت<br>عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ،<br>صفحہ نمبر ۱ سے ۱۷<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | دوسرا ہفتہ | **سبق 1: قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم**<br>**حفظ قرآن مجید**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۲ سے ۳ تک | | **Love for Children**<br>**سبق: 1**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات دہرائی اور جائزہ<br>Page No: 1-13<br>پڑھائے گئے سبق کی دہرائی اور ٹیسٹ | |
| | تیسرا ہفتہ | | **سبق 2: نعت (نظم)**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات، | | **یونٹ 1: اعداد**<br>**جفت اور طاق اعداد**<br>**اعداد کی مقامی قیمت** |

| مہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | چوتھا ہفتہ | **سبق 1: قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم**<br>**حفظ و ترجمہ**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۴ سے ۶ تک | دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۸ سے ۱۳ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | | تصورات کی وضاحت<br>عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ، صفحہ نمبر ۱۸ سے ۲۵<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| دوسرا مہینہ | پانچواں ہفتہ | **سبق 1: قرآن مجید وحدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم**<br>حدیثِ نبوی صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۷ | **سبق نمبر 3 "کس کے ساتھ کھیلوں؟"**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱۴ سے ۲۴ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی | **سبق 2: This is Me**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>Page No: 14-28<br>پڑھائے گئے سبق کی دہرائی اور ٹیسٹ | **یونٹ: 2 اعداد پر عوامل**<br>**جمع**<br>سرگرمیاں اور عملی کام کروانا<br>فلیش کارڈز کی مدد سے ورک شیٹ کو سمجھانا اور مشق کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۲۷ سے ۳۸ تک<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی اور جائزہ، ٹیسٹ |

| مہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | چھٹا ہفتہ | سبق 1: قرآن مجید و حدیث نبوی صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم<br>دُعائیں (زبانی)<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۸ سے ۹ تک | ،جائزہ اور ٹیسٹ | | |
| | ساتواں ہفتہ | سبق 2: ایمانیات<br>توحید کا تعارف<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ صفحہ نمبر ۱۰ سے ۱۱ تک | سبق نمبر 4 "ہاتھ مارنے کے لئے نہیں ہوتے"<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۲۵ سے ۳۳ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی<br>،جائزہ اور ٹیسٹ | سبق: 3<br>**My Country Pakistan**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سرگرمیاں مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ<br>Page No:29-38<br>پڑھائے گئے سبق کی دہرائی اور ٹیسٹ | یونٹ: 2 اعداد پر عوامل<br>تفریق<br>سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>فلیش کارڈز کی مدد سے ورک شیٹ کو سمجھانا اور مشق کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۳۹ سے ۴۴ تک<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی اور جائزہ، ٹیسٹ |
| | آٹھواں ہفتہ | سبق 2: ایمانیات<br>آسمانی کتب اور فرشتے<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ صفحہ نمبر ۱۲ سے ۱۴ تک | | | |

| مہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| ستمبر | نواں ہفتہ | **سبق 2: ایمانیات**<br>**نبوت صلی اللہ علیہ وعلی الہ واصحابہ وسلم ورسالت**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۱۵ سے ۱۷ تک | **سبق نمبر 5 "وعدہ"**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۳۴ سے ۴۴ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | | **یونٹ: 2**<br>**اعداد پر عوامل**<br>**جمع، تفریق (دہرائی)**<br>روزمرہ زندگی سے جمع اور تفریق کے سوالات سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>فلیش کارڈز کی مدد سے ورک شیٹ کو سمجھانا اور مشق کروانا۔<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | دَسواں ہفتہ | | | | **یونٹ: 2**<br>**اعداد پر عوامل**<br>**ضرب**<br>سرگرمیاں اور عملی کام کروانا، فلیش کارڈز کی مدد سے ورک شیٹ کو سمجھانا اور مشق کروانا۔ صفحہ نمبر ۴۵ سے ۵۷<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |

| مہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | گیارھواں ہفتہ | **سبق 2: ایمانیات**<br>**آخرت**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱۸ سے ۱۹ تک | **سبق نمبر 6 "ٹوپیاں بیچنے والا اور بندر"**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۴۵ سے ۵۲ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | **سبق: 4**<br>**Eid-Ul-Fitar**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>Page No: 39-47<br>ہفتے کے دن پہلے دو سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | **یونٹ: 2 اعداد پر عوامل**<br>**تقسیم**<br>سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔ فلیش کارڈز کی مدد سے ورک شیٹ کو سمجھانا اور مشق کروانا۔ صفحہ نمبر ۵۸ سے ٦٦<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | بارھواں ہفتہ | | | | پہلے دو اسباق کی دہرائی اور ٹیسٹ |
| چوتھا مہینہ | تیرھواں ہفتہ | **سبق 2: عبادات**<br>**کلمہ شہادت**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۲۰ سے ۲۱ تک | **سبق نمبر 7**<br>**مسکن**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۵۳ سے ٦۲ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | **سبق: 5**<br>**Road Safety**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>Page No:48-60<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | **یونٹ: 3 کسور**<br>**کسر کا تصور**<br>**کسور کی اشکال اور اشکال کا کسور میں اظہار**<br>سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>فلیش کارڈز کی مدد سے ورک شیٹ کو سمجھانا اور مشق کروانا۔<br>صفحہ ٦۸ سے ۷۲<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | چودھواں ہفتہ | **سبق 2: عبادات**<br>**وضو**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۲۲ سے ۲۴ تک | | | |

| مہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | پندرھواں ہفتہ<br>سولھواں ہفتہ | **سبق 2: عبادات**<br>**نماز**<br>**روزہ**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۲۵ سے ۲۹ تک | **سبق نمبر 8**<br>**جاندار کا کوئی مسکن**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۶۳ سے ۷۱ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی<br>، جائزہ اور ٹیسٹ | **پہلے پانچ اسباق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ** | **یونٹ: 3 کسور**<br>**مترادف کسور**<br>**واجب اور غیر واجب کسروں کا فرق**<br>سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>فلیش کارڈز کی مدد سے ورک شیٹ کو سمجھانا اور مشق کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۷۷ سے ۸۰<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| پانچواں مہینہ | سترھواں ہفتہ<br>اٹھارھواں ہفتہ | **سبق 2: عبادات**<br>**عیدین و اسلامی تہوار**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۳۰ سے ۳۱ تک | **سبق نمبر 9**<br>**"پاکستان ہمارا گھر"**<br>پڑھائی<br>عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ | **سبق: 6 Morning Time**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سرگرمیاں،,<br>مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>Page 61-76<br>ہفتے کے دن دوسرے اور تیسرے سبق کی | **یونٹ: 3 کسور**<br>**دو ہم مخرج کسور کی جمع**<br>سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔ فلیش کارڈز کی مدد سے ورک شیٹ کو سمجھانا اور مشق کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۸۱ سے ۸۴ تک<br>ہفتے کے دن پہلے سبق کی دہرائی اور جائزہ، ٹیسٹ |

| مہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | اُنیسواں ہفتہ | پہلے دو ابواب کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | صفحہ نمبر ۷۲ سے ۸۵ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی<br>، جائزہ اور ٹیسٹ | دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | یونٹ نمبر ۳ کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | بیسواں ہفتہ | | | | |
| چھٹا مہینہ | اِکیسواں ہفتہ | **سبق 3: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم**<br>**نبی کریم صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم کی محبت و اطاعت**<br>پڑھائی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ صفحہ نمبر ۳۲ سے ۳۴ تک | **سبق نمبر 10 "ہم کیسے بڑے ہوں گے"**<br>پڑھائی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۸۶ سے ۹۵ تک | **سبق 7**<br>**Sports**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>Page No:77-87 | **یونٹ: 4**<br>**لمبائی، کمیت، اور حجم کی پیمائش**<br>**لمبائی، کمیت اور حجم کی پیمائش**<br>پیمائش کے تصورات کی پہچان، اس کی مشق سر گرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۸۶ سے ۹۶ |

| مہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | بائیسواں ہفتہ | **سبق 3: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم**<br>**نبی کریم صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم کی حیاتِ طیبہ قبل از بعثت**<br>پڑھائی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ صفحہ نمبر ۳۵ سے ۳۷ تک | ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | | یونٹ 4 کا ٹیسٹ اور جائزہ<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | تیئسواں ہفتہ | **سبق 3: سیرت طیبہ صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم**<br>**حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ و علی الہ واصحابہ وسلم کے اخلاقِ حسنہ**<br>پڑھائی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ صفحہ نمبر ۳۸ سے ۴۰ تک | پچھلے تمام اسباق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | | |
| | چوبیسواں ہفتہ | **تیسرے باب کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ** | | | |
| ساتواں مہینہ | پچیسواں ہفتہ | **سبق 4: اخلاق و آداب**<br>**اسلامی آدابِ زندگی**<br>پڑھائی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ صفحہ نمبر ۴۱ سے ۴۲ تک | **سبق نمبر 11 "پیڑ لگائیں"**<br>پڑھائی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ | **سبق 8: Natural Resource**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ | **یونٹ 4: لمبائی، کمیت، اور حجم کی پیائش**<br>**فاصلہ ناپنے کے پیمانے**<br>**کمیت / حجم**<br>**مائع ناپنے کے روایتی پیمانے** |

| ماہانہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | چھبیسواں ہفتہ | | صفحہ نمبر ۹۶ سے ۱۰۴ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | Page No: 88-96 | پیمائش کے تصورات کی پہچان،اس کی مشق سر گرمیاں اور عملی کام کروانا۔صفحہ نمبر ۱۰۲ سے ۱۱۴<br>**یونٹ 4 کا ٹیسٹ اور جائزہ**<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | ستائیسواں ہفتہ | | **سبق نمبر 12 "خالہ کا گھر"**<br>پڑھائی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱۰۵ سے ۱۱۴ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | | **یونٹ: 5 وقت**<br>**گھڑی سے وقت دیکھنا**<br>روزمرہ زندگی میں وقت کی اہمیت، گھڑی سے وقت دیکھنا اور اسکا استعمال، مشقی سر گرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۱۱۶ سے ۱۱۹<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | اٹھائیسواں ہفتہ | **سبق 4: اخلاق و آداب**<br>**جانوروں سے اچھا سلوک**<br>پڑھائی، عملی مشقی سر گرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ صفحہ نمبر ۴۶ سے ۴۷ تک | | | |
| آٹھواں مہینہ | اُنتیسواں ہفتہ | | **سبق نمبر 13 "ہمارے اندر طاقت"** | **سبق 9 Pretending**<br>پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سر گرمیاں، | **یونٹ: 5 وقت**<br>**وقت گھنٹوں میں جمع کرنا** |

| ماہینہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | تیسواں ہفتہ | **سبق 4: اخلاق وآداب**<br>**سچ کی اہمیت**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ صفحہ نمبر ۴۸ سے ۵۰ تک | **کیسے آتی ہے؟"**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱۰۵ سے ۱۱۴ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>Page No: 97-103<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | **وقت گھنٹوں میں تفریق کرنا**<br>**کیلنڈر**<br>روزمرہ زندگی میں وقت کی اہمیت، گھڑی سے وقت دیکھنا اور اسکا استعمال، مشقی سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۱۲۰ سے ۱۲۴<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| | اِکتیسواں ہفتہ | | **سبق نمبر 14 "گندم کی کہانی"**<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱۱۵ سے ۱۲۶ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | | |
| | بتیسواں ہفتہ | **چوتھے باب کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ** | | | |
| نواں مہینہ | تینتیسواں ہفتہ | **پچھلے تمام اسباق کی دہرائی اور ٹیسٹ** | | | |
| | چونتیسواں ہفتہ | **سبق 5: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام**<br>**حضرت آدم علیہ السلام، حضرت نوح علیہ السلام، حضرت** | **سبق نمبر 15 "جانور ہمارے دوست"** | **سبق 9: A visit to a Doctor** | **یونٹ 6:** |

| ماہانہ وار | ہفتہ وار | اسلامیات | اُردو کی کتاب | انگریزی سیکھیں | آیئے! ریاضی سیکھیں |
|---|---|---|---|---|---|
| | پینتیسواں ہفتہ جیومیٹری جیومیٹری کی اشکال<br>چھتیسواں ہفتہ | ابراہیم علیہ السلام<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۵۱ سے ۵۴ تک | پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات،<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱۲۷ سے ۱۳۷ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ<br>صفحہ نمبر ۱۳۰ سے ۱۳۲ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | پڑھائی، الفاظ معنی، عملی مشقی سرگرمیاں، مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>Page No: 104 -108<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | جیومیٹری<br>نقطہ<br>شعاع<br>خط اور قطعہ خط<br>جیومیٹری کی اشکال<br>سہ بعدی/ جہتی اشیاء<br>روزمرہ زندگی میں بنیادی اشکال کی پہچان<br>مشقی سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۷۵ سے ۸۴<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |
| دسواں مہینہ | سینتیسواں ہفتہ | سبق 5: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیر اسلام<br>خلیفہ اوّل حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات، دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ ۵۵ سے ۵۷ تک | سبق نمبر 17 "مذہبی تہوار"<br>پڑھائی، عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>صفحہ نمبر ۱۳۸ سے ۱۴۶ تک<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | سبق 11: **Introduction to Dictionary Skills**<br>پڑھائی، الفاظ معنی<br>عملی مشقی سرگرمیاں<br>مشقی سوالات<br>دہرائی اور جائزہ<br>Page No:109-113 | یونٹ 7: اعداد و شمار کا اظہار<br>کیرول ڈائیگرام<br>تصویری گراف<br>روزمرہ زندگی میں بنیادی اشکال کی پہچان<br>مشقی سرگرمیاں اور عملی کام کروانا۔<br>صفحہ نمبر ۱۴۱ سے ۱۴۶<br>ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ |

| آیئے! ریاضی سیکھیں | انگریزی سیکھیں | اُردو کی کتاب | اسلامیات | ہفتہ وار | مہینہ وار |
|---|---|---|---|---|---|
| | ہفتے کے دن پورے سبق کی دہرائی، جائزہ اور ٹیسٹ | گرائمر/زبان شناسی اور مضمون نویسی کی دہرائی اور مشقیں کریں۔ | | اڑتیسواں ہفتہ | |
| | | | | اُنتالیسواں ہفتہ | |
| پچھلے تمام اسباق کی دہرائی اور ٹیسٹ | | | | چالیسواں ہفتہ | |

**F i n a l A s s e s s m e n t**

# مینٹورنگ فارم برائے پیکیج B

## A)بنیادی معلومات

ٹیچر کا نام:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ جنس:۔۔۔۔۔۔۔۔ سنٹر کا نام:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مانیٹرنگ کرنے والے کا نام:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ دِن/تاریخ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سنٹر وزٹ کا وقت:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کل وزٹ کا دورانیہ:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کل لرنرز کی تعداد:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ غیر حاضر لرنرز کی تعداد:۔۔۔۔۔۔۔۔ لڑکیاں:۔۔۔۔۔۔۔۔۔لڑکے:۔۔۔۔۔۔۔ڈراپ آؤٹ کی تعداد:۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

## (B) اُردو(Urdu)

| نمبر شمار | انڈیکیٹرز | ہاں | نہیں | رائے یا مزید بہتری کے لئے تجاویز |
|---|---|---|---|---|
| .1 | کیا ٹیچر نے طلباء کو پڑھائے جانے والے سبق کے مقاصد سے آگاہ کیا؟ | | | |
| .2 | کیا ٹیچر نے طلباء کو پڑھائے جانے والے سبقی عنوان کے متعلق سوالات پوچھے اور سابقہ واقفیت کا جائزہ لیا؟ | | | |
| .3 | کیا ٹیچر پڑھانے کے دوران مشکل یا نئے الفاظ کو آوازوں کے ذریعے پڑھنے میں مدد دیتے ہیں؟ | | | |
| .4 | ٹیچر سبق کے دوران الفاظ کی ادائیگی، درست تلفظ اور لہجے کا استعمال کرتے ہیں؟ | | | |
| .5 | دورانِ تدریس ٹیچر طلباء کو بلند خوانی کے لئے مناسب وقت دیتے ہیں؟ | | | |
| .6 | کیا ٹیچر سرگرمیوں کے لئے انفرادی یا گروہی طریقہ تدریس کو اپناتے ہیں؟ | | | |
| .7 | کیا ٹیچر طلباء کو سرگرمیاں کرواتے وقت واضح ہدایات دیتے ہیں؟ | | | |
| .8 | اُردو پڑھاتے ہوئے ٹیچر گائیڈ کے مطابق دیئے گئے طریقہ تدریس کو اپنایا جاتا ہے؟<br>۱۔مشاہداتی ۲۔بحث و مباحثہ ۳۔رول پلے ۴۔مظاہراتی ۵۔تحریری ۶۔انکشافی | | | |
| .9 | کیا طلباء کی کتاب میں موجود ورک شیٹس کو تدریس کا حصّہ بنایا جاتا ہے؟ | | | |
| .10 | کتاب، چارٹس، فلیش کارڈز اور دیگر پڑھانے کے وسائل کا استعمال کیا جاتا ہے؟ | | | |
| .11 | کیا سبق کے آخر میں ٹیچر یا طلباء کی طرف سے سبق کا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے؟ | | | |
| .12 | طلباء کے کام میں بہتری کے لئے جائزے کے مختلف طریقہ تدریس (زبانی، تحریری، مشاہداتی) اپنائے جاتے ہیں؟ | | | |
| .13 | سبق پڑھاتے وقت زبان دانی کی کون کون سی مہارتوں کا استعمال کیا گیا ہے؟<br>۱۔سُننا ۲۔بولنا ۳۔پڑھنا ۴۔لکھنا | | | |
| .14 | اُردو مضمون میں شامل دیگر مضامین (اسلامیات، سائنس، معاشرتی علوم) کو اُس کے | | | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | نصاب کے مطابق پڑھایا جاتا ہے؟ | | | |
| .15 | اُردو زبان کو بہتر بنانے کے طور پر سیکھانے کے لئے کوئی ہم نصابی سر گرمیاں (کھیل، تقریر، بزم ادب کی سر گرمیاں) کروائی جاتی ہیں؟ | | | |
| .16 | ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہدایات کے مطابق سبقی منصوبہ بندی کی جاتے ہیں؟ | | | |
| .17 | ٹیچر ٹائم ٹیبل اور اسکیم آف سٹڈی کے مطابق پڑھاتی ہیں؟ | | | |

## c)انگریزی (English)

| نمبر شمار | انڈیکیٹرز | ہاں | نہیں | رائے یا مزید بہتری کے لئے تجاویز |
|---|---|---|---|---|
| .1 | کیا ٹیچر نے طلباء کو پڑھائے جانے والے سبق کے مقاصد سے آگاہ کیا؟ | | | |
| .2 | کیا ٹیچر نے طلباء کو پڑھائے جانے والے سبقی عنوان کے متعلق سوالات پوچھے اور سابقہ واقفیت کا جائزہ لیا؟ | | | |
| .3 | ٹیچر سبق کے دوران الفاظ کی ادائیگی، درست تلفظ اور لہجے کا استعمال کرتے ہیں؟ | | | |
| .4 | کیا ٹیچر انگریزی کے سبق کو بھی کہانی کی صورت میں بیان کرتے ہیں۔ | | | |
| .5 | کیا ٹیچر پڑھانے کے دوران مشکل یا نئے الفاظ کو آوازوں کے ذریعے پڑھنے میں مدد دیتے ہیں؟ | | | |
| .6 | دورانِ تدریس ٹیچر طلباء کو بلند خوانی کے لئے مناسب وقت دیتے ہیں؟ | | | |
| .7 | طلباء خود سے نئے لفظ اور جملے بنا سکتے ہیں؟ | | | |
| .8 | کیا ٹیچر سر گرمیوں کے لئے انفرادی یا گروہی طریقہ تدریس کو اپناتے ہیں؟ | | | |
| .9 | کیا ٹیچر طلباء کو سر گرمیاں کرواتے وقت واضح ہدایات دیتے ہیں؟ | | | |
| .10 | انگریزی پڑھاتے ہوئے ٹیچر گائیڈ کے مطابق دیئے گئے طریقہ تدریس کو اپنایا جاتا ہے؟<br>۱۔ مشاہداتی ۲۔ بحث و مباحثہ ۳۔ رول پلے ۴۔ مظاہراتی ۵۔ تحریری ۶۔ انکشافی | | | |
| .11 | کیا طلباء کی کتاب میں موجود ورک شیٹس کو تدریس کا حصّہ بنایا جاتا ہے؟ | | | |
| .12 | کتاب، چارٹس، فلیش کارڈز اور دیگر پڑھانے کے وسائل کا استعمال کیا جاتا ہے؟ | | | |
| .13 | کیا سبق کے آخر میں ٹیچر یا طلباء کی طرف سے سبق کا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے؟ | | | |
| .14 | طلباء کے کام میں بہتری کے لئے جائزے کے مختلف طریقہ تدریس (زبانی، تحریری، مشاہداتی) اپنائے جاتے ہیں؟ | | | |
| .15 | سبق پڑھاتے وقت زبان دانی کی کون کون سی مہارتوں کا استعمال کیا گیا ہے؟<br>۱۔ سُننا ۲۔ بولنا ۳۔ پڑھنا ۴۔ لکھنا | | | |
| .16 | انگریزی مضمون میں شامل دیگر مضامین (اسلامیات، سائنس، معاشرتی علوم) کو اُسی نقطہ نظر سے پڑھایا جاتا ہے؟ | | | |
| .17 | انگریزی زبان کو بہتر بنانے کے لئے کوئی ہم نصابی سر گرمیاں (کھیل، تقریر، بزم ادب کی سر گرمیاں) کروائی جاتی ہیں؟ | | | |
| .18 | ٹیچر لرنرز کے ساتھ انگریزی زبان کے روز مرہ الفاظ استعمال کرتی ہیں؟ | | | |
| .19 | ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہدایات کے مطابق سبقی منصوبہ بندی کی جاتی ہے؟ | | | |
| .20 | ٹیچر ٹائم ٹیبل اور اسکیم آف سٹڈی کے مطابق پڑھاتی ہیں؟ | | | |

## d)ریاضی(Mathematics)

| نمبر شمار | انڈیکیٹرز | ہاں | نہیں | رائے یا مزید بہتری کے لئے تجاویز |
|---|---|---|---|---|
| .1 | کیا ٹیچر نے طلباء کو پڑھائے جانے والے سبق کے مقاصد سے آگاہ کیا؟ | | | |
| .2 | کیا ٹیچر نے طلباء کو پڑھائے جانے والے سبقی عنوان کے متعلق سوالات پوچھے اور سابقہ واقفیت کا جائزہ لیا؟ | | | |
| .3 | ٹیچر سبق کے دوران ریاضی کی اصطلاحات کا استعمال کرتے ہیں؟ | | | |
| .4 | کیا ٹیچر پڑھائے جانے والے ریاضی کے تصور کو روزمرّہ زندگی کی مثالوں سے واضح کرتے ہیں؟ | | | |
| .5 | کیا ٹیچر طلباء کو بورڈ پر بلا کر ریاضی کے سوالات کو حل کرواتے ہیں؟ | | | |
| .6 | کیا ٹیچر سرگرمیوں کے لئے انفرادی یا گروہی طریقہ تدریس کو اپناتے ہیں؟ | | | |
| .7 | کیا ٹیچر طلباء کو سرگرمیاں کرواتے وقت واضح ہدایات دیتے ہیں؟ | | | |
| .8 | ریاضی پڑھاتے ہوئے ٹیچر گائیڈ کے مطابق دیئے گئے طریقہ تدریس کو اپنایا جاتا ہے؟<br>۱۔ مشاہداتی ۲۔ بحث و مباحثہ ۳۔ رول پلے ۴۔ مظاہراتی ۵۔ تحریری ۶۔ انکشافی | | | |
| .9 | کیا طلباء کی کتاب میں موجود ورک شیٹس کو تدریس کا حصّہ بنایا جاتا ہے؟ | | | |
| .10 | کتاب، چارٹس، فلیش کارڈز اور دیگر پڑھانے کے وسائل کا استعمال کیا جاتا ہے؟ | | | |
| .11 | کیا سبق کے آخر میں ٹیچر یا طلباء کی طرف سے سبق کا خلاصہ پیش کیا جاتا ہے؟ | | | |
| .12 | طلباء کے کام میں بہتری کے لئے جائزے کے مختلف طریقہ تدریس (زبانی، تحریری، مشاہداتی) اپنائے جاتے ہیں؟ | | | |
| .13 | ٹیچر گائیڈ میں دی گئی ہدایات کے مطابق سبقی منصوبہ بندی کی جاتی ہے؟ | | | |
| .14 | ٹیچر ٹائم ٹیبل اور اسکیم آف سٹڈی کے مطابق پڑھاتی ہیں؟ | | | |

ایکشن پلان:

---------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------

---------------------------------------------------------------

دستخط برائے مانیٹرنگ:----------------- دستخط برائے ٹیچر:-----------------------

- اس فارم کی ایک کاپی ٹیچر کو بھی دی جائے تا کہ وہ اپنی پرفارمنس کو بہتر کر سکیں۔

## Training Pre & Post Test ٹریننگ کا پری،پوسٹ ٹیسٹ

## (Package B) Teacher Training on NFE Material

نام:-------------------------- تاریخ:---------------------------

**نیچے دیئے گئے سوالات کو غور سے پڑھیں اور اُنکے جوابات دیں۔**

سوال 1: آپ کے خیال میں نصاب **curriculum** اور **SLOs** سے کیا مُراد ہے؟

سوال 2: نصاب اور درسی کتاب کا آپس میں کیا تعلق ہے؟ وضاحت دیں۔

سوال 3: حاصلاتِ تعلم کسے کہتے ہیں؟ ان سے ٹیچر کو پڑھانے میں کس طرح سے مدد ملتی ہے؟

سوال 4: سبقی منصوبہ بندی کیا ہے؟ سبقی منصوبہ بندی میں کون کون سے عناصر شامل ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔

سوال 5: سیکم آف سٹڈی کیوں ضروری ہے؟ سیکم آف سٹڈی اور ٹائم ٹیبل میں کیا فرق ہے؟

سوال 6: دیئے گئے حروفِ علّت (اُو، اَو، اِی، اے) کو استعمال میں لاتے ہوئے سے کم از کم دو الفاظ بنائیں۔

سوال 7: رول پلے (کردار نگاری) کے دورانِ تدریس کیا اثرات ہوتے ہیں؟

سوال 8: انگریزی زبان میں جملے کے بنیادی اجزاء کون سے ہیں؟

سوال 9: وقت، فاصلہ، حجم اور کمیت کو ناپنے کے لئے بنیادی اکائیوں کے نام لکھیں؟

سوال 10: کسر کسے کہتے ہیں؟ کسر کی کتنی اقسام ہوتی ہیں بیان کریں۔

# ٹریننگ ایکشن پلان

**Training Title Training Dates**

ٹرینرکانام---------------------- علاقہ|ضلع -----------------------

| نمبر شمار | عنوانات | عملی مراحل | کون کرے گا\گی | رائے |
|---|---|---|---|---|
| 1. | | | | |
| 2. | | | | |
| 3. | | | | |
| 4. | | | | |

